تنظیم المدارس (اہلِ سنّت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طالبات

# نورانی گائیڈ

## حل شدہ پرچہ جات



عامہ 1

سوالیہ پرچہ کے ساتھ


مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم العالیہ



شبیر برادرز
اردو بازار لاہور



H-M-HASNAIN-ASADI

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

## سالانہ امتحان الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (ایف اے) سال اوّل

## برائے طالبات سال 1441ھ/2020ء

## پہلا پرچہ: قرآن و تجوید

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

### حصہ اوّل: قرآن مجید

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے چھ آیات کا ترجمہ کریں۔ ۶×۱۰=۶۰

(۱) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝

(۲) وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝

(۳) اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْئَلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝

(۴) وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

(۵) وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

(۶) كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۚ ۖ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝

(۷) مَنْ ذَا الَّذِىْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ؕ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۪ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

(۸) اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

H-M-HASNAIN ASADI

سوال نمبر۲: درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟ ۱۰=۲×۵

(۱) اَلصَّوَاعِق (۲) اِثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا (۳) غُلْفٌ (۴) خِزْیٌ

(۵) اَلْقَوَاعِد (۶) شِقَاقٌ (۷) الدَّاعِ (۸) اَلْمَيْسِر

## حصہ دوم: تجوید

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے صرف دو اجزاء کا جواب تحریر کریں؟

(i) دانتوں کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں ہر قسم کی وضاحت کریں نیز حافہ لسان سے کیا مراد ہے اور یہ کس حرف کا مخرج ہے؟ ۱۵=۵+۱۰

(ii) استعلاء اذلاق اور استفال میں سے ہر ایک کی تعریف کریں اور ان کے حروف لکھیں؟ ۱۵=۵×۳

(iii) قلب اور اخفاء کی تعریف کرکے مثال دیں نیز بتائیں کہ "را" کب پر پڑھی جاتی ہے؟ ۱۵=۵+۱۰

(iv) ادغام کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ ہر قسم کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟ ۱۵

☆☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۲۰۲۰ء

## پہلا پرچہ: قرآن وتجوید

## حصہ اوّل: قرآن مجید

سوال نمبر۱: درج ذیل آیات کا ترجمہ کریں؟

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے چھ آیات کا ترجمہ کریں۔ ۶۰=۱۰×۶

(۱) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ۝

(۲) وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ۝

(۳) اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْــَٔـلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ۝

H-M-HASNAIN-ASADI

(۴) وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ○

(۵) وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ۖ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ○

(۶) كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۚ ۨالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ○

(۷) مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۖ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ○

(۸) اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ○

جواب: ترجمہ آیات قرآنی:

(۱) اور جب ان سے کہا جائے کہ تم زمین میں فساد نہ پھیلاؤ تو وہ کہتے ہیں: ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں، خبردار! یہ وہی لوگ ہیں جو فساد برپا کرتے ہیں، مگر یہ عقل نہیں رکھتے۔

(۲) اور جب (حضرت) موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم ایک گائے ذبح کرو، انہوں نے کہا: کیا آپ ہم سے مذاق کرتے ہیں؟ آپ نے (جواب میں) فرمایا: میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں کہ میں جاہل لوگوں سے ہو جاؤں۔

(۳) کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے سوال کرو جس طرح اس سے پہلے موسیٰ سے سوال کیا گیا تھا اور جو لوگ ایمان کے بدلے کفر حاصل کرتے ہیں، پس وہ کھلی گمراہی میں ہیں۔

(۴) اور ابراہیم کے دین سے نہیں منہ پھیرتا، سوائے اس شخص کے جو احمق ہے، بیشک ہم نے اسے دنیا میں چن لیا، بے شک وہ آخرت میں یقیناً نیک لوگوں سے ہوگا۔

(۵) اور تم جہاں کہیں بھی ہو، اپنا منہ مسجد حرام کی طرف پھیر لو بیشک حق تمہارے رب کی طرف سے ہے اور اللہ اس سے بے خبر نہیں ہے جو تم کرتے ہو۔

(۶) تم پر ضروری قرار دیا گیا ہے کہ موت کے وقت کچھ مال چھوڑنے کی وصیت کر جاؤ اپنے والدین اور اپنے رشتہ داروں کے لیے دستور کے مطابق اور یہ پرہیز گار لوگوں پر واجب ہے۔

(۷) کون آدمی ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ پیش کرے، تو وہ اسے کئی گنا زیادہ کر کے مال کثیر بنا دیتا

H-M-HASNAIN-ASADI

ہے۔اللہ تنگی کو کشائش میں تبدیل کر دیتا ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

(۸) شیطان تمہیں محتاجی کا اندیشہ دلاتا ہے، وہ تمہیں بے حیائی کا حکم دیتا ہے اور اللہ تم سے اس کی بخشش کا وعدہ کرتا ہے اور (اپنے) فضل کا اور اللہ تعالیٰ وسعت والا جاننے والا ہے۔

سوال نمبر۲: درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں؟ ۱۰=۲×۵

(۱) اَلصَّوَاعِق (۲) اِثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا (۳) غُلْفٌ (۴) خِزْيٌ

(۵) اَلْقَوَاعِد (۶) شِقَاقٌ (۷) اَلدَّاع (۸) اَلْمَيْسِر

جواب: الفاظ کے معانی:

(۱) کڑک (۲) بارہ چشمے (۳) پردہ (۴) ذلت

(۵) بنیادیں (۶) مخالفت (۷) دعا کرنے والا (۸) جوا

## حصہ دوم: تجوید

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے صرف دو اجزاء کا جواب تحریر کریں؟

(i) دانتوں کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں ہر قسم کی وضاحت کریں نیز حافہ لسان سے کیا مراد ہے اور یہ کس حرف کا مخرج ہے؟

(ii) استعلاء اذلاق اور استفال میں سے ہر ایک کی تعریف کریں اور ان کے حروف لکھیں۔

(iii) قلب اور اخفاء کی تعریف کر کے مثال دیں نیز بتائیں کہ "را" کب پُر پڑھی جاتی ہے؟

(iv) ادغام کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ ہر قسم کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟

جواب: (i) دانتوں کی تعداد اور اقسام:

کل دانت بتیس ہیں۔ان کی چھ اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

**ثنایا:** سامنے والے دو اوپر اور دو نیچے والے دانت، اوپر والوں کو ثنایا علیا اور نیچے والوں کو ثنایا سفلی کہا جاتا ہے۔

**رباعیات:** رباعیات کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار دانت۔

**انیاب:** رباعیات کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار دانت۔

**ضواحک:** انیاب کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار داڑھیں۔

**طواحن:** ضواحک کے دائیں بائیں اوپر نیچے تین تین کل بارہ داڑھیں۔

**نواجذ:** طواحن کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار داڑھیں۔

H-M-HASNAIN-ASADI

**حافہ لسان سے مراد اور مخرج:** زبان کا بغلی کنارہ جو حلق کی طرف ہے، اس کے دائیں یا بائیں اوپر کی داڑھوں کی جڑیں، حافہ لسان کہلاتی ہیں۔ یہ ''ض'' کا مخرج ہے۔

**(ii) استعلاء:** لغوی معنی بلندی چاہنا، اصطلاح تجوید میں زبان کی جڑ کو تالو کی طرف بلند ہونے کو کہتے ہیں۔ جن جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے انہیں حروف مستعلیہ کہتے ہیں۔ ان حروف کو ادا کرتے وقت زبان کی جڑ تالو کی طرف بلند ہوتی ہے۔ اس لیے یہ حروف پر پڑھے جاتے ہیں۔ یہ حروف سات ہیں جن کا مجموعہ خص ضغط قظ ہے۔

**اذلاق:** لغوی معنی کنارہ ہے۔ اصطلاح تجوید میں حروف کا دانتوں، ہونٹوں یا زبان کے کناروں سے پھسل کر بسہولت ادا ہونے کو کہتے ہیں۔ حروف مذلقہ اپنے مخرج سے پھسل کر بسہولت ادا ہوتے ہیں۔ حروف مذلقہ چھ ہیں، جن کا مجموعہ فر من لب ہے۔

**استفال:** یہ استعلاء کی ضد ہے۔ اس کا لغوی معنی نیچائی چاہنا ہے۔ اصطلاح تجوید میں زبان کی جڑ کا تالو کی طرف نہ اٹھنے کو کہا جاتا ہے۔ جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے، انہیں حروف مستفلہ کہتے ہیں۔ حروف مستفلہ کو ادا کرتے وقت زبان کی جڑ تالو کی طرف بلند نہیں ہوتی بلکہ نیچے رہتی ہے۔ اس وجہ سے یہ حروف باریک پڑھے جاتے ہیں۔ حروف مستعلیہ کے علاوہ باقی بائیس حروف مستفلہ ہیں۔

**(iii) قلب کی تعریف:** لغوی معنی بدلنا، اصطلاح تجوید میں ایک حرف کو دوسرے سے بدل دینے کا نام قلب ہے۔ جب نون ساکن اور نون تنوین کے بعد ''با'' آجائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو میم سے بدل کر غنہ کے ساتھ پڑھیں گے جیسے: من بعد، الیم بما ۔

**اخفاء کی تعریف:** لغوی معنی پوشیدہ کرنا۔ اصطلاح تجوید میں اظہار اور ادغام کی درمیانی حالت کو اخفاء کہتے ہیں۔ نون ساکن اور نون تنوین کے بعد جب حروف حلقی اور حروف یرملون، الف اور باء کے سوا باقی حروف میں سے کوئی حرف آئے تو اخفاء ہوگا۔ یعنی نون ساکن اور نون تنوین کو اس کے مخرج سے اس طرح پڑھنا کہ زبان نون کے مخرج تک نہ پہنچے، البتہ قریب ہو جائے اور غنہ ایک الف کے برابر ہوتا ہے۔

حروف اخفایہ ہیں: ت، ث، ج، د، ذ، ز، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ف، ق، ک۔

**'ر' کو پر پڑھنے کی صورتیں:**

(۱) جب 'را' مفتوح ہو یا مضموم مثلاً الرحمٰن، الظاهر

(۲) جب 'را' ساکن ہو اور اس کا ماقبل حرف مفتوح ہو، یا مضموم ہو مثلاً یَرْجِعُ، تَرْجِعُ ۔

(۳) 'را' ساکن سے پہلے کسرہ دوسرے کلمہ میں ہو مثلاً: رَبِّ ارْجِعُوْنَ ۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(۴) 'را' ساکن سے پہلے کسرہ عارضی ہو مثلاً: اِرْجِعُوْا ۔

(۵) 'را' ساکن کے بعد حروف مستعلیہ میں سے کوئی حرف اسی کلمہ میں ہو جیسے: اِرْصَادًا مگر فِرْقٌ کی 'را' پر اور باریک دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

(۶) 'را' وقف کی وجہ سے ساکن ہو اور اس کا ماقبل بھی ساکن ہو اور اس کا ماقبل حرف مفتوح ہو یا مضموم ہو' مثلاً: قَدْرْ، اُمُوْرْ۔

**(iv) ادغام کی اقسام:** ادغام کی تین قسمیں ہیں:

(i) ادغام مثلین (ii) ادغام متجانسین (iii) ادغام متقاربین۔

**ادغام مثلین:** اگر ایک حرف دو مرتبہ ایک یا دو کلموں میں جمع ہو اور پہلا ان میں سے ساکن اور دوسرا متحرک ہو' تو پہلے کو دوسرے میں مدغم کریں گے۔ اس کو ادغام مثلین کہتے ہیں۔ مثلاً: اذ ذھب، یلدر کم ۔

**ادغام متجانسین:** اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں موجود ہوں جن کا مخرج ایک ہو اور حروف الگ الگ ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو' تو پہلے کو دوسرے میں مدغم کریں گے۔ اس کو ادغام متجانسین کہتے ہیں' جیسے: عَبَدْتُّمْ، قَدْتَّبَیَّنَ۔

**ادغام متقاربین:** اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں' جو باعتبار مخرج اور صفات کے قریب قریب ہوں' تو ان کے ادغام کو ادغام متقاربین کہتے ہیں جیسے: قُلْ رَّبِّ وغیرہ۔

☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

## سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (ایف اے) سال اوّل
## برائے طالبات سال 1441ھ/2020ء

### دوسرا پرچہ: حدیث و عربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو حل کریں۔

### حصہ اوّل: حدیث مبارک

سوال نمبر ا: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سی تین احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۳×۱۰=۳۰

(i) عن ابی عبدالرحمن عبدالله بن عمر بن الخطاب رضی الله عنه قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول بنی الاسلام علی خمس شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله واقام الصلاة وایتاء الزكاة وحج البيت و صوم رمضان۔

(ii) عن ابن عمر رضی الله عنهما ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال امرت ان اقاتل الناس حتی یشهدوا ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله ويقيموا الصلاة ويؤتوا الزكاة فاذا فعلوا ذٰلك عصموا منی دماء هم و اموالهم الا بحق الاسلام وحسابهم علی الله تعالٰی۔

(iii) عن ابی مسعود رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لایحل دم امری مسلم الا باحدی ثلاث الثيب الزانی والنفس بالنفس والتارك لدينه المفارق للجماعة۔

(iv) عن ابی عبدالله جابر بن عبدالله الانصاری رضی الله عنهما ان رجلا سال رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال ارایت اذا صليت المكتوبات وصمت رمضان واحللت الحلال و حرمت الحرام ولم ازد علی ذلك شيئا ادخل الجنة؟ قال نعم وليحد احدكم شرفته وليرخ ذبيحته

H-M-HASNAIN-ASADI

(ب) مندرجہ بالا احادیث مبارکہ کے علاوہ اربعین نووی میں مذکور کوئی دو احادیث مبارکہ لکھیں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

## حصہ دوم عربی ادب

سوال نمبر۲: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ جملوں کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں؟ ۵×۳=۱۵

(۱) هٰذَا نُوْرٌ كَبِيْرٌ (۲) تِلْكَ شَاةٌ سَوْدَاءُ (۳) هٰذَا حَصِيْرُ مَسْجِدٍ

(۴) تَقْرَئِيْنَ فِيْ كِتَابِكِ (۵) أُقْعُدْ عَلَى الْكُرْسِيِّ (۶) صَدِيْقَتِيْ تَدْخُلُ فِي الْغُرْفَةِ

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟ ۵×۲=۱۰

غُصْنٌ تُفَّاحٌ شَاةٌ طَيَّارَةٌ ضَعِيْفٌ اَلْكُرَّاسَةُ اَلسُّوْقُ رِجْلٌ اَلنَّمْلَةُ

سوال نمبر۳: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟ ۳×۵=۱۵

(۱) یہ کھجور ہے۔ (۲) وہ چٹائی ہے۔ (۳) یہ چھوٹی گائے ہے۔ (۴) یہ میری کتاب ہے۔ (۵) میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ (۶) زید پڑھتا ہے۔

(ب) جسم کے اعضاء میں سے کسی پانچ کے نام عربی میں لکھیں (جن کا ذکر یہاں نہ ہوا ہو)؟ ۵×۲=۱۰

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے عربی میں جوابات لکھیں؟ ۳×۵=۱۵

(۱) هَلْ أَقْرَءُ فِيْ كِتَابِيْ؟ (۲) هَلْ زَيْدٌ يَقْرَءُ فِيْ كِتَابِهٖ؟ (۳) هَلْ صَدِيْقَتُكِ تَكْتُبُ؟

(۴) هَلْ تَدْخُلِيْنَ فِي الْمَسْجِدِ؟ (۵) هَلْ تُصَلِّيْ فِي الْغُرْفَةِ؟

عربی میں دس تک گنتی کے الفاظ لکھیں؟ ۱۰

☆☆☆☆☆

H-M-HASHAM-ASADI

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2020ء

## دوسرا پرچہ: حدیث و عربی ادب

## ﴿حصہ اوّل: حدیث مبارک﴾

سوال نمبر۱: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سی تین احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۳x۱۰=۳۰

(i) عن ابی عبدالرحمٰن عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول بنی الاسلام علی خمس شھادۃ ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ واقام الصلاۃ وایتاء الزکاۃ وحج البیت و صوم رمضان۔

(ii) عن ابن عمر رضی اللہ عنہما ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال امرت ان اقاتل الناس حتی یشھدوا ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ ویقیموا الصلاۃ ویوتوا الزکاۃ فاذا فعلوا ذلک عصموا منی دماء ھم و اموالھم الا بحق الاسلام وحسابھم علی اللہ تعالٰی۔

(iii) عن ابی مسعود رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لایحل دم امری مسلم الا باحدی ثلاث الثیب الزانی والنفس بالنفس والتارک لدینہ المفارق للجماعۃ۔

(iv) عن ابی عبداللہ جابر بن عبداللہ الانصاری رضی اللہ عنہما ان رجلا سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ارایت اذا صلیت المکتوبات وصمت رمضان واحللت الحلال و حرمت الحرام ولم ازد علی ذلک شیئا ادخل الجنۃ؟ قال نعم ولیحد احدکم شرفتہ ولیرخ ذبیحتہ

(ب) مندرجہ بالا احادیث مبارکہ کے علاوہ اربعین نووی میں مذکور کوئی دو احادیث مبارکہ لکھیں؟

**جواب (الف) ترجمہ احادیث مبارکہ:**

(i) حضرت ابوعبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا:

H-M-HASNAIN-ASADI

میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے۔ (۱) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی معبود نہیں ہے اور (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے رسول ہیں۔ (۲) نماز قائم کرنا۔ (۳) زکوٰۃ ادا کرنا۔ (۴) بیت اللہ کا حج کرنا۔ (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔

(ii) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ میں (غیر مسلم) سے جہاد کروں، یہاں تک وہ لوگ اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی معبود حق نہیں ہے اور (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، وہ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں، جب وہ ایسا کرلیں گے، تو وہ مجھ سے اپنا خون (جانیں) اور اموال کو محفوظ کرلیں گے ماسوا ان (سے کسی جان و مال) کا حق (یعنی بدلہ لینے) کے اور ان کا حساب (باطن کا حال) اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا۔

(iii) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ انہوں نے کہا: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کا خون (بہانا) جائز نہیں ہے۔ سوائے تین صورتوں کے: (۱) شادی شدہ زانی (۲) جان کا بدلہ جان (۳) جو آدمی جماعت کو چھوڑ کر علیحدگی اختیار کرلے۔

(iv) حضرت ابوعبداللہ جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: بے شک ایک آدمی نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: آپ مجھے یہ فرمائیں کہ اگر میں فرض نمازیں پڑھوں، رمضان کے روزے رکھوں، حلال کو حلال اور حرام کو حرام سمجھوں اور ان پر کچھ بھی زیادہ نہ کروں، تو کیا میں جنت میں داخل ہو جاؤں گا؟ تو آپ نے جواب میں فرمایا: ہاں۔

## (ب) ترجمہ احادیث مبارکہ

(i) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: انہوں نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: انسان کے اسلام کی ایک خوبی، فضول باتوں کو ترک کردینا ہے۔

(ii) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم حضرت ابوحمزہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی آدمی اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لیے بھی ایسی چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

## حصہ دوم عربی ادب

**سوال نمبر۲:** (الف) درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں؟

(۱) هٰذَا ثَوْرٌ كَبِيْرٌ (۲) تِلْكَ شَاةٌ سَوْدَاءُ (۳) هٰذَا حَصِيْرُ مَسْجِدٍ

(۴) تَقْرَئِيْنَ فِيْ كِتَابَكِ (۵) اُقْعُدْ عَلَى الْكُرْسِيِّ (۶) صَدِيْقَتِيْ تَدْخُلُ فِي الْغُرْفَةِ

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟

غُصْنٌ تُفَّاحٌ شَاةٌ طَيَّارَةٌ ضَعِيْفٌ اَلْكُرَّاسَةُ اَلسُّوْقُ رَجُلٌ اَلنَّمْلَةُ

**جواب:** (الف) جملوں کا اردو ترجمہ

(۱) یہ بیل بڑا ہے۔ (۲) وہ سیاہ بکری ہے۔

(۳) یہ مسجد کی چٹائی ہے۔ (۴) تو اپنی کتاب پر پڑھتی ہے۔

(۵) تم کرسی پر بیٹھ جاؤ (۶) میری سہیلی کمرے میں داخل ہوتی ہے۔

(ب) الفاظ کے معانی:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| غُصْنٌ | شاخ | تُفَّاحٌ | سیب |
| شَاةٌ | بکری | طَيَّارَةٌ | ہوائی جہاز |
| ضَعِيْفٌ | بوڑھا | اَلْكُرَّاسَةُ | کاپی |
| اَلسُّوْقُ | بازار | رَجُلٌ | مرد |
| اَلنَّمْلَةُ | چیونٹی | | |

**سوال نمبر۳:** (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) یہ کھجور ہے۔ (۲) وہ چٹائی ہے۔ (۳) یہ چھوٹی گائے ہے۔ (۴) یہ میری کتاب ہے۔ (۵) میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ (۶) زید پڑھتا ہے۔

(ب) جسم کے اعضاء میں سے کسی پانچ کے نام عربی میں لکھیں (جن کا ذکر یہاں نہ ہوا ہو)؟

**جواب:** (الف) اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ:

(۱) هٰذِهٖ تَمْرَةٌ (۲) تِلْكَ حَصِيْرٌ

(۳) هٰذِهٖ بَقَرَةٌ صَغِيْرَةٌ (۴) هٰذَا كِتَابِيْ

(۵) اَقْرَأُ فِيْ كِتَابِيْ (۶) يَقْرَأُ زَيْدٌ

H-M-HASNAIN-ASADI

(ب) اعضاءِ جسم عربی زبان میں:

(۱) رَأْسٌ (سر) (۲) عَيْنٌ (آنکھ) (۳) اُذُنٌ (کان) (۴) اَنْفٌ (ناک) (۵) وَجْهٌ (چہرہ) (۶) لِسَانٌ (زبان) (۷) يَدٌ (ہاتھ) (۸) رِجْلٌ (پاؤں) (۹) فَخِذٌ (ران) (۱۰) نَاصِيَةٌ (پیشانی) (۱۱) صَدْرٌ (سینہ) (۱۳) قَلْبٌ (دل)

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل سوالات کے عربی میں جوابات لکھیں؟

(۱) هَلْ اَقْرَءُ فِيْ كِتَابِيْ؟ (۲) هَلْ زَيْدٌ يَقْرَءُ فِيْ كِتَابِهٖ؟ (۳) هَلْ صَدِيْقَتُكِ تَكْتُبُ؟ (۴) هَلْ تَدْخُلِيْنَ فِي الْمَسْجِدِ؟ (۵) هَلْ تُصَلِّيْ فِي الْغُرْفَةِ؟

(ب) عربی میں دس تک گنتی کے الفاظ لکھیں؟

جواب: (الف) سوالات کے عربی میں جواب:

(۱) نَعَمْ، اِقْرَأْ فِيْ كِتَابِكَ　　(۲) نَعَمْ، يَقْرَأُ زَيْدٌ فِيْ كِتَابِهٖ

(۳) نَعَمْ، صَدِيْقَتِيْ تَكْتُبُ　　(۴) نَعَمْ، اَدْخُلُ فِي الْمَسْجِدِ

(۵) لَا، بَلْ اُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ

(ب) دس تک عربی میں گنتی:

(۱) وَاحِدٌ　(۲) اِثْنَانِ　(۳) ثَلَاثَةٌ　(۴) اَرْبَعَةٌ

(۵) خَمْسَةٌ　(۶) سِتَّةٌ　(۷) سَبْعَةٌ　(۸) ثَمَانِيَةٌ

(۹) تِسْعَةٌ　(۱۰) عَشْرَةٌ

☆☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN ASADI

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

## سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (الیف اے) سال اوّل

## برائے طالبات سال 1441ھ/2020ء

### تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

وقت: تین گھنٹے

کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں میں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

### ﴿حصہ اوّل: عقائد﴾

سوال نمبر ۱: (الف) کیا اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن ہے؟ نیز اللہ تعالیٰ کے رزاق اور ایک ہونے کی وضاحت کریں؟ ۵×۳=۱۵

(ب) سنی بہشتی زیور کی روشنی میں نبوت کے بارے کوئی دو عقیدے وضاحت کے ساتھ بیان کریں؟ ۵×۲=۱۰

سوال نمبر ۲: (الف) قرآن کی حفاظت کتنی طرح پر ہے؟ قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا اور اسے کیسے محفوظ رکھا گیا؟ ۷×۸=۱۵

(ب) تقدیر کا کیا مطلب ہے؟ وضاحت کریں، قبر میں مردہ سے کون کون سے سوالات ہوتے ہیں؟ ۵×۵=۱۰

سوال نمبر ۳: (الف) قیامت کے کچھ احوال سنی بہشتی زیور کی روشنی میں بیان کیجیے۔ نیز شفاعت کبریٰ کی وضاحت کریں؟ ۸×۷=۱۵

(ب) گمراہ فرقوں میں سے کسی دو کی وضاحت کریں؟ ۵×۲=۱۰

### حصہ دوم: فقہ

سوال نمبر ۴: (الف) وضو کی کوئی پانچ سنتیں، پانچ مستحبات اور پانچ مکروہات بیان کریں؟ ۵×۵=۱۵

×۵

(ب) وضو کی فضیلت پر کوئی دو حدیثیں بیان کریں؟ ۵×۲=۱۰

سوال نمبر ۵: (الف) وضو کو توڑنے والی کوئی سی پانچ چیزیں بیان کریں۔ نیز وضو کے وقت پڑھی جانے والی کوئی دو دعائیں عربی میں تحریر کریں؟ ۱۰×۵=۱۵

H-M-HASNAIN-ASADI

(ب) غسل کن کن چیزوں سے فرض ہوتا ہے؟ غسل کے فرض تحریر کریں؟ ۲×۵=۱۰

سوال نمبر ۶: (الف) نمازوں کے اوقات بیان کریں نیز نماز کے شرائط قلمبند کریں؟ ۷×۸=۱۵

(ب) نماز کے واجبات میں سے کوئی پانچ بیان کریں؟ ۵×۲=۱۰

☆☆☆☆☆

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2020ء

## تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

### ﴿حصہ اوّل: عقائد﴾

**سوال نمبر ۱: (الف) کیا اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن ہے؟ نیز اللہ تعالیٰ کے رزاق اور ایک ہونے کی وضاحت کریں؟**

**(ب) سنی بہشتی زیور کی روشنی میں نبوت کے بارے کوئی دو عقیدے وضاحت کے ساتھ بیان کریں؟**

**جواب: (الف) اللہ تعالیٰ کے دیدار ممکن ہونا:**

بلاشبہ دیدار باری تعالیٰ جائز ہے، اس حوالے سے چند دلائل ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں:

حضرت علامہ امجد علی اعظمی رضوی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ کا دیدار آخرت میں ہر مسلمان کے لیے ممکن بلکہ واقع ہے۔ تاہم اس کا دیدار بلا کیف یعنی دیکھیں اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ کیسے دیکھیں گے (بہار شریعت ص ۳۴ حصہ اول)

دلیل: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا دیدار دنیا میں ممکن نہیں ہے، اس لیے وہ ذات باقی ہے اور باقی کو فانی نہیں دیکھ سکتا، پس جب دیدار ہوگا آخرت میں طاقت عطا کردی جائے گی۔ بصارت ہمیشہ کے لیے ہے، تو پس باقی کو دیکھ لے گا۔

رزاق: اللہ تعالیٰ اپنی تمام مخلوق کا رزاق مطلق ہے، خواہ وہ چھوٹی مخلوق ہو یا بڑی مخلوق ہو، وہ سب کو رزق عطا کرتا ہے۔

قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے: اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ ۔ بے شک اللہ تعالیٰ وہی رزق دینے والا اور بڑی طاقت والا ہے۔

**اللہ کا ایک ہونا**

سب مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے، نہ ذات میں، نہ صفات میں اور نہ صفات کے تقاضوں میں۔

H-M-HASNAIN-ASADI

چنانچہ ارشاد ربانی ہے: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۔ اے محبوب! آپ فرما دیں، اللہ ایک ہے۔
لَا شَرِيْكَ لَهٗ یعنی اس کا کوئی ہمسر اور شریک نہیں ہے۔

## (ب) نبوت کے حوالے سے دو اہم عقیدے

**(۱) عقیدہ:** اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رشد و ہدایت کے لیے جن پاک ہستیوں کا انتخاب کیا، انہیں "انبیاء کرام" کہا جاتا ہے۔ انبیاء اللہ تعالیٰ اور لوگوں کے درمیان ایک عظیم الشان واسطہ ہوتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کا پیغام انسانوں کو پہنچاتے ہیں۔

اس حوالے سے بطور دلیل یہ ارشاد ربانی ہے:

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ

اے رسول! آپ اس حکم کو (لوگوں تک) پہنچا دیں، جو تمہارے پروردگار کی طرف سے آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے۔

**(۲) عقیدہ:**

نبوت بہت بڑا درجہ ہے، کوئی آدمی کثرت عبادات کے سبب اسے حاصل نہیں کر سکتا۔ نبوت اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے، جسے چاہتا ہے اسے اپنے فضل سے عنایت کر دیتا ہے اور دیتا اسے ہے جسے اس کے قابل جانتا ہے۔

چنانچہ اس کی تائید و تصدیق اس ارشاد ربانی سے بھی ہوئی ہے:

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ

اے محبوب! آپ فرما دیں کہ بیشک یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے، جسے وہ چاہتا ہے، اسے عطا کرتا ہے۔

**سوال نمبر۲: (الف) قرآن کی حفاظت کتنی طرح پر ہے؟ قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا اور اسے کیسے محفوظ رکھا گیا؟**

**(ب) تقدیر کا کیا مطلب ہے؟ وضاحت کریں، قبر میں مردہ سے کون کون سے سوالات ہوتے ہیں؟**

**جواب: (الف) قرآن کریم کی حفاظت:**

• دین اسلام ہمیشہ رہنے کے لیے آیا ہے، اس لیے قرآن کی حفاظت اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ کرم میں لی ہے، یہ ہر قسم کی تحریف اور تبدیلی سے پاک ہے۔ تمام انسانوں اور جنات کی بساط میں نہیں ہے کہ وہ اس میں تبدیلی یا تحریف کر سکیں، یا اس میں کمی بیشی کر سکیں۔ قرآن کریم کی حفاظت کئی طریقوں سے فرمائی گئی ہے، ایک یہ ہے کہ قرآن کا اعجاز و معجزہ ہے کہ کسی انسان کا کلام اس میں شامل نہیں ہو سکتا، پھر اس کا مقابلہ و

H-M-HASNAIN-ASADI

معارضہ بھی نہ ممکن ہے، اس لیے فصحائے عرب اور بلغائے عرب اس کی مثل نہ بنا سکے، پھر اسے مٹانا اور معدوم کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے اس میں ایک حرف بلکہ حرکت اور نقطہ تک کی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔

چنانچہ اس حوالے سے ارشاد ربانی ہے:

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۔

بیشک ہم نے قرآن کریم اتارا اور اس کی حفاظت بھی ہم خود کرنے والے ہیں۔

## نزول قرآن کا عرصہ اور اس کی حفاظت:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی وحی کا نزول غار حراء میں ہوا تھا۔ آپ کی عمر مبارک چالیس سال تھی اور آپ اس وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف تھے۔ پہلی وحی کے الفاظ یہ تھے: اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۔ پھر حسب ضرورت نزول وحی کا سلسلہ جاری رہا۔ ایک روایت کے مطابق سب سے آخری وحی کے الفاظ یہ تھے: اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ۔ نزول قرآن کا کل عرصہ تقریباً تیئس (۲۳) سال ہے۔

جو وحی نازل ہوتی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے یاد کر لیتے، اپنے صحابہ کرام کو اس کی تعلیم دیتے، صحابہ کرام اسے زبانی یاد کر لیتے، مختلف اشیاء پر اسے لکھ لیتے، جونہی نزول قرآن کا سلسلہ مکمل ہوا، تو صحابہ کرام کو مکمل قرآن یاد ہو چکا تھا اور انہوں نے اسے لکھ لیا تھا۔ جب وحی نازل ہوتی، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے عرشی ترتیب کے مطابق ہر سورت میں متعلقہ جگہ میں بالترتیب لکھانے کی ہدایت فرماتے تھے۔ صحابہ کرام سے حفظ قرآن اور درس و تدریس کا سلسلہ تابعین، پھر اتباع تابعین وغیرہ کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ حتیٰ کہ عرشی ترتیب کے مطابق آج ہمارے پاس کتابی شکل میں موجود ہے، جو تمام روئے زمین میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب قرآن کریم ہے۔ یہ عرشی تحفہ تا قیامت محفوظ رہے گا، آج تک ہر قسم کی تحریف سے یہ محفوظ رہا اور ہمیشہ محفوظ رہے گا۔

## (ب) تقدیر کا مفہوم:

تا قیامت جو کچھ ہونے والا تھا، سب کچھ اللہ تعالیٰ نے اپنے طے شدہ فیصلے اور اپنے علم ازلی کے مطابق لکھ دیا اور یہ تحریر لوح محفوظ پر محفوظ کی گئی جس طرح لکھا گیا تھا، اسی کے مطابق مواقع و حوادث پیش آتے ہیں اور تا قیامت آتے رہیں گے، اس کے برعکس یا مخالف نہیں ہوتے۔ اسی کو تقدیر اور قضاء بھی کہا جاتا ہے۔

تقدیر کی مشہور تین اقسام ہیں:

(۱) مبرم حقیقی (۲) معلق محض (۳) معلق شبیہ بہ مبرم۔

H-M-HASNAIN-ASADI

قبر میں کیے جانے والے سوالات: مرنے کے بعد جب غسل وکفن اور نماز جنازہ کے بعد میت کو قبر میں دفن کیا جاتا ہے، تو اس کے پاس ڈراؤنی شکل والے فرشتے آتے ہیں، وہ میت کو اٹھا کر بٹھا لیتے ہیں، اگر مردہ کافر و منافق ہو، تو وہ فرشتوں کو دیکھ کر گھبراتا ہے اور فرشتے بھی اس پر سختی کرتے ہیں اور اگر مسلمان ہو، تو وہ ہرگز نہیں گھبراتا، وہ آسانی سے فرشتوں کے سوالات کے جواب دے دیتا ہے، پھر تا قیامت اس کی قبر باغ بہار بن جاتی ہے۔

قبر میں مردے سے مشہور تین سوال کیے جاتے ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) فرشتے سوال کرتے ہیں: مَنْ رَّبُّكَ؟ تیرا رب کون ہے؟ مومن جواب میں کہتا ہے: رَبِّیَ اللّٰہُ یعنی میرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔ (۲) فرشتے دوسرا سوال کرتے ہیں: مَا دِیْنُكَ؟ تیرا دین کیا ہے؟ مسلمان جواب میں کہتا ہے: دِیْنِیَ الْاِسْلَامُ یعنی میرا دین اسلام ہے۔ (۳) فرشتے فیصلہ کن انداز میں تیسرا سوال کرتے ہیں: مَا تَقُوْلُ فِیْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ یعنی اس ذات پاک کے بارے میں تو کیا کہتا ہے؟ مومن جواب میں کہتا ہے: یہ تو میرے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

**سوال نمبر ۳: (الف) قیامت کے کچھ احوال سنی بہشتی زیور کی روشنی میں بیان کیجیے۔ نیز شفاعت کبریٰ کی وضاحت کریں۔**

**(ب) گمراہ فرقوں میں سے کسی دو کی وضاحت کریں؟**

**جواب: (الف) قیامت کے کچھ احوال سنی بہشتی زیور کی روشنی میں:**

میدان حشر میں جہاں بھائی بھائی سے بھاگے گا، ماں باپ اولاد سے پیچھا چھڑائیں گے، بی بی بچے الگ جان چرائیں گے اور ہر ایک اپنی اپنی مصیبت میں الگ گرفتار ہوگا اور اسی حالت میں قیامت کا دن پچاس ہزار برس کا ایک دن ہوگا۔ قریب قریب آدھے کے گزر جائے گا کہ تمام مومنین و آخرین کے دلوں میں یہ بات قدرتاً پیدا ہوگی کہ جب انبیائے کرام دنیا میں حاجت برآری کا وسیلہ تھے، تو یہاں بھی حاجت روائی انہیں کے ذریعے ہوگی، چنانچہ یہ بات مشورہ سے قرار پائے گی کہ ہم سب کو حضرت آدم علیہ السلام کے پاس چلنا چاہیے، چنانچہ افتاں و خیزاں گرتے پڑتے کس کس مشکل سے ان کے پاس حاضر ہوں گے اور ان کے فضائل بیان کر کے عرض کریں گے کہ آپ ہماری شفاعت کیجیے کہ اللہ تعالیٰ ان مصائب سے نجات دے۔ آپ فرمائیں گے "مجھے آج اپنی جان کی فکر ہے، تم لوگ نوح علیہ السلام کی خدمت میں جاؤ۔ نوح علیہ السلام فرمائیں گے تم ابراہیم کے پاس جاؤ، وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس اور موسیٰ علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجیں گے۔ وہ فرمائیں گے تم ان کے پاس جاؤ جو آج بے خوف ہیں اور تمام اولاد آدم کے سردار ہیں۔ وہ خاتم النبیین ہیں (صلی اللہ علیہ وسلم)، وہ آج تمہاری شفاعت فرمائیں گے۔

H-M-HASNAIN ASADI

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فرمانے پر ٹھوکریں کھاتے، دہائیاں دیتے، بارگاہ بے کس پناہ حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر حضور کے بہت سے فضائل بیان کر کے شفاعت کے لیے عرض کریں گے، تو حضور جواب میں ارشاد فرمائیں گے: ''میں اس کام کے لیے ہوں میں اس کام کو انجام دوں گا، میں ہی وہ ہوں جسے تم تمام جگہ ڈھونڈ آئے۔''

یہ فرما کر آپ بارگاہ عزت میں حاضر ہوں گے اور سجدہ کریں گے، ارشاد ہوگا: ''اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ اور کہو تمہاری بات سنی جائے گی اور مانگو، جو کچھ مانگو گے، ملے گا اور شفاعت کرو، تمہاری شفاعت مقبول ہے۔ پھر تو شفاعت کا سلسلہ شروع ہوگا۔

**شفاعت کبریٰ کی وضاحت:** شفاعت کبریٰ یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ شفاعت جو تمام مخلوق، مومن و کافر، فرمانبردار و نافرمان، موافق و مخالف اور دوست و دشمن سب کے لیے ہوگی اور وہ انتظار حساب جو سخت جاں گداز ہوگا، جس کے لیے لوگ تمنائیں کریں گے کہ کاش کہ جہنم میں پھینک دیئے جاتے اور اس انتظار سے نجات پاتے۔ اس بلا سے چھٹکارا، کافروں کو بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بدولت ملے گا، جس پر اولی و آخرین، مومنین و کافرین، موافقین و مخالفین سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حمد کریں گے۔ اس کا نام مقام محمود ہے اور یہ مرتبہ، شفاعت کبریٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص سے ہے۔

**(ب) گمراہ فرقوں میں سے دو کی وضاحت:** صحیح حدیث شریف میں ہے کہ یہود اکہتر (۷۱) فرقے ہو گئے۔ ان میں سے صرف ایک ناجی، باقی سب ناری اور نصاریٰ بہتر (۷۲) فرقے ہوئے، ان میں سے ایک ناجی باقی سب ناری اور میری امت بہتر (۷۲) فرقے ہو جائے گی ایک فرقہ جنتی ہوگا اور باقی سب جہنمی۔

**(ا) قادیانی:** یہ فرقہ مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ہے جو اپنے آپ کو رسول و نبی بتاتا، اپنے کلام کو کلام الٰہی بتاتا اور انبیاء کرام علیہم السلام کی شان میں نہایت بے باکی کے ساتھ گستاخیاں کرتا رہا۔ خصوصاً حضرت عیسیٰ روح اللہ و کلمۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ صدیقہ حضرت مریم علیہا السلام کی شان جلیل میں تو اس نے وہ بے ہودہ کلمات استعمال کیے جن کے ذکر سے مسلمانوں کے دل دہل جاتے ہیں۔

خود مدعی نبوت بننا' ابد الاباد تک جہنم میں رہنے کے لیے کافی تھا کہ قرآن مجید کا انکار اور حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ ماننا مگر اس نے اتنی ہی بات پر اکتفا نہ کیا بلکہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی تکذیب و توہین کا وبال بھی اپنے سر لے لیا اور یہ صد ہا کفر کا مجموعہ ہے کہ ہر نبی کی تکذیب مستقلاً کفر ہے۔ اس نے تو صد ہا کی تکذیب کی اور اپنے کو نبی سے بہتر بنایا۔ ایسے شخص اور اس کے متبعین کے کافر ہونے میں کسی مسلمان کو ہرگز شک نہیں ہو سکتا' بلکہ ایسے کی تکفیر میں اس کے اقوال پر مطلع ہو کر جو شک کرے وہ خود

کافر ہے۔

(۲) نیچری: یہ باطل طائفہ ضروریات دین کا منکر ہے۔قرآن عظیم کے قطعی ضروری اور صاف صریح احکام میں در پردہ تحویل وتحریف اور تبدیلی کرتا ہے۔ملائکہ وجن وشیاطین، حشر ونشر، جنت ودوزخ اور انبیاء کرام کے عظیم معجزوں کا اپنے ناپاک تاویلوں کی آڑ میں انکار کرتا ہے۔تمام آسمانی کتابوں کو انسانی خیالات کا مجموعہ بتاتا اور وحی الٰہی کو کسی مجنوں کی بڑ ٹھہراتا ہے۔

طواف خانہ کعبہ، جو نماز ہی کی طرح اللہ عزوجل کی عبادت ہے، اسے وحشی قوموں کی ایجاد کی ہوئی غیر مہذب نماز بتاتا ہے اور احرام کو وحشیانہ لباس کہتا ہے اور حاجیوں کو جن میں انبیاء ومرسلین شامل ہیں، دو پیروں کا جانور بتاتا ہے۔ جنت کی نعمتوں کو اعلیٰ درجہ کی روحانی راحت اور دوزخ کی اذیتوں کلفتوں کو روحانی اذیت کہتا ہے۔انتاہی نہیں بلکہ جنت کو بدکاریوں کا اڈہ کہہ کر اس کا مذاق اڑاتا ہے۔

## ﴿حصہ دوم: فقہ﴾

**سوال نمبر۴: (الف) وضو کی کوئی پانچ سنتیں، پانچ مستحبات اور پانچ مکروہات بیان کریں؟**

**(ب) وضو کی فضیلت پر کوئی دو حدیثیں بیان کریں؟**

**جواب: (الف) وضو کے پانچ سنتیں، مستحبات اور مکروہات:**

**وضو کی پانچ سنتیں:** وضو کی پانچ یہ ہیں: (۱) نیت کرنا۔(۲) بسم اللہ سے شروع کرنا۔(۳) پہلے ہاتھوں کو گٹوں تک تین تین بار دھونا۔(۴) مسواک کرنا۔(۵) تین چلو پانی سے تین بار کلی کرنا۔

**وضو کے پانچ مستحبات:** وضو کے پانچ مستحبات یہ ہیں: (۱) قبلہ رو اونچی جگہ بیٹھ کر وضو کرنا۔ (۲) وضو کا پانی پاک جگہ پر گرانا۔ (۳) اپنے ہاتھ سے پانی بھرنا۔ (۴) اطمینان سے وضو کرنا۔ (۵) گردن کا مسح کرنا۔

**وضو کے پانچ مکروہات:** وضو کے پانچ مکروہات یہ ہیں: (۱) زیادہ پانی خرچ کرنا۔(۲) بے ضرورت دنیا کی بات کرنا۔(۳) چہرہ پر زور سے پانی مارنا۔(۴) گلے کا مسح کرنا۔(۵) دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔

**(ب) وضو کی فضیلت پر دو حدیثیں:**

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

(۱) جو شخص سخت سردی میں کامل وضو کرے اس کے لیے دونا ثواب ہے۔

(۲) قیامت کے دن میری امت اس حالت میں بلائی جائے گی کہ ان کے منہ اور ہاتھ آثار وضو سے

H-M-HASNAIN-ASADI

چمکتے ہوں گے، تو جس سے ہو سکے چمک زیادہ کرے۔

**سوال نمبر۵: (الف) وضو کو توڑنے والی کوئی سی پانچ چیزیں بیان کریں۔ نیز وضو کے وقت پڑھی جانے والی کوئی دو دعائیں عربی میں تحریر کریں؟**

**(ب) غسل کن کن چیزوں سے فرض ہوتا ہے؟ غسل کے فرض تحریر کریں؟**

**جواب: (الف) وضو کو توڑنے والی پانچ چیزیں:**

وضو کو توڑنے والی پانچ چیزیں یہ ہیں: (۱) آگے یا پیچھے کے مقام سے پیشاب پاخانہ وغیرہ کسی نجاست یا کیڑے یا پتھری کا نکلنا یا پیچھے سے ہوا کا خارج ہونا۔

(۲) خون، پیپ یا زرد پانی جب کہ کہیں سے نکل کر ایسی جگہ بہہ کر چلا جائے کہ جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض ہے۔

(۳) بالغ کا قہقہہ یعنی اتنی آواز سے ہنسی کہ آس پاس والے سنیں جب کہ جاگتے میں اور رکوع و سجود والی نماز میں ہو، وضو توڑ دیتا ہے۔

(۴) منہ سے خون کا نکلنا بھی جب کہ تھوک پر غالب ہو، ناقض وضو ہے۔

(۵) بے ہوشی، غشی، پاگل پن اور اتنا نشہ کہ چلنے میں پاؤں لڑکھڑائیں، وضو توڑ دیتا ہے۔

**وضو کے وقت پڑھی جانے والی عربی میں دو دعائیں:**

(i) اَللّٰھُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ ۔

(ii) اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ ۔

**(ب) غسل جن چیزوں سے فرض ہوتا ہے:** پانچ چیزیں ہیں کہ ان میں سے ایک بھی پائی جائے، تو غسل فرض ہو جاتا ہے:

(i) منی کا اپنی جگہ سے شہوت کے ساتھ الگ ہو کر شرمگاہ سے نکلنا۔

(ii) احتلام: یعنی نیند سے اٹھے اور بدن اور کپڑے پر تری پائے، تو غسل واجب ہے۔

(iii) حشفہ: یعنی مرد کی شرمگاہ کا آگے والا حصہ عورت کی شرمگاہ میں داخل ہونا، شہوت و خواہش ہو یا نہ ہو، انزال ہو یا نہ ہو، دونوں پر غسل فرض کرتا ہے اور اگر ایک بالغ ہو دوسرا نابالغ، تو بالغ پر غسل فرض ہے اور نابالغ پر اگرچہ غسل فرض نہیں مگر غسل کا حکم دیا جائے گا۔

(iv) حیض سے فارغ ہونا۔

(v) نفاس کا ختم ہونا۔

**غسل کے فرائض:** غسل کے تین فرض ہیں:

H-M-HASNAIN-ASADI

(i) کلی کرنا (ii) ناک میں پانی ڈالنا (iii) پورے جسم پر پانی بہانا کہ جسم کا کوئی حصہ خشک نہ رہے۔

**سوال نمبر ۶: (الف) نمازوں کے اوقات بیان کریں نیز نماز کی شرائط قلمبند کریں؟**

**(ب) نماز کے واجبات میں سے کوئی پانچ بیان کریں؟**

**جواب: (الف) نماز کے اوقات:** نماز کے اوقات درج ذیل ہیں۔

فجر کا وقت، صبح صادق سے سورج کی کرن چمکنے تک ہے اور ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ اٹھارہ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ پینتیس منٹ ہے، نہ اس سے کم ہوگا نہ اس سے زیادہ۔

ظہر کا وقت، سورج ڈھلنے سے اس وقت تک ہے کہ ہر چیز کا سایہ علاوہ اصلی کے دو چند ہو جائے۔

عصر کا وقت: بعد ختم ہونے وقت ظہر کے یعنی سوا سایہ اصلی کے دو مثل سایہ ہونے سے سورج ڈوبنے تک ہے۔ ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ ۳۵ منٹ اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ۶ منٹ ہے۔

مغرب کا وقت: سورج کی ٹکیا ڈوب جائے، تو مغرب کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور شفق ڈوب جانے تک رہتا ہے۔

عشاء کا وقت: مغرب کا وقت ختم ہوتے ہی عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور صبح صادق تک رہتا ہے۔

**نماز کی شرائط:** نماز کی چھ شرائط ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) طہارت (۲) ستر عورت (۳) وقت (۴) استقبال قبلہ (۵) نیت (۶) تکبیر تحریمہ

**(ب) نماز کے پانچ واجبات:** نماز کے پانچ واجبات درج ذیل ہیں:

(۱) تکبیر تحریمہ میں لفظ "اللہ اکبر" کہنا۔ (۲) الحمد للہ پڑھنا۔ (۳) الحمد کا سورت سے پہلے پڑھنا۔ (۴) قعدہ اولیٰ (۵) نماز میں سہو ہوا، تو سجدہ سہو کرنا۔

☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

## سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (ایف اے) سال اوّل
## برائے طالبات سال 1441ھ/2020ء

### چوتھا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر:۱۰۰

نوٹ: کوئی سے چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر۱: (الف) ضمہ، فتحہ، تنوین، متحرک اور مشدد میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟ ۵×۳=۱۵

(ب) لفظ کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں اور حروف مبانی کی تعریف کریں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر۲: (الف) مجرد و مزید فیہ میں سے ہر ایک کی تعریف کریں نیز ہفت اقسام کے بارے میں مذکور شعر تحریر کریں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر۳: (الف) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۱۵

(ب) "النصر" سے فعل ماضی مطلق مجہول کی گردان تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر۴: (الف) مضارع مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں، نیز فَتَحَ یَفْتَحُ سے مضارع مجہول کی گردان تحریر کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) اسم ظرف اور اسم آلہ میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر۵: مندرجہ ذیل میں سے پانچ الفاظ کے بارے میں بتائیں کہ وہ کس گردان کے کون سے صیغے ہیں؟ ۵×۵=۲۵

سَمِعْنَ، اَسْمَعُ، لَا تَفْتَحِينَ، لَمْ يَضْرِبْنَ، نَصَرْتُ، مَافَتَحُوْا

☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۱ھ/2020ء

## چوتھا پرچہ: صرف

**سوال نمبر ۱: (الف) ضمہ، فتحہ، تنوین، متحرک اور مشدد میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟**

**(ب) لفظ کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں اور حروف مبانی کی تعریف کریں؟**

**جواب: (الف) صرف اصطلاحات کی تعریفات:**

ضمہ: پیش کو کہا جاتا ہے۔

فتحہ: زبر کو کہا جاتا ہے۔

تنوین: دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو کہا جاتا ہے۔

متحرک: ایسے حرف کو کہا جاتا ہے، جس پر حرکت ہو۔

مشدد: وہ حرف ہے، جس پر شد ہو۔

**(ب) ''لفظ'' کا لغوی و اصطلاحی معنی:**

''لفظ'' کا لغوی معنی ''پھینکنا'' ہے۔ اس کا اصطلاحی معنی ہے: **ما یتلفظ به الانسان** یعنی وہ چیز جس سے انسان تلفظ کرتا ہے، مثلاً: زَیْدٌ، ذَهَبْتُ۔

**حرف مبانی کی تعریف:** وہ حروف ہیں جن کے معانی نہ ہوں اور ان سے کلمات بنیں، مثلاً ا، ب، ت یعنی حروف تہجی۔

**سوال نمبر ۲: (الف) مجرد و مزید فیہ میں سے ہر ایک کی تعریف کریں نیز ہفت اقسام کے بارے میں مذکور شعر تحریر کریں؟**

**(ب) مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھیں؟**

**جواب: (الف) مجرد:** وہ کلمہ ہے جس میں تمام حروف اصلی ہوں، اس میں کوئی حرف زائدہ نہ ہو مثلاً ضَرَبَ۔

**مزید فیہ:** وہ کلمہ ہے جس میں کوئی حرف زائد بھی ہو مثلاً اِکْرَامٌ۔

**ہفت اقسام پر مشتمل شعر:** وہ شعر جو ہفت اقسام پر مشتمل ہے، درج ذیل ہے:

صحیح است و مثال است و مضاعف

لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

**(ب) مضاعف ثلاثی:** وہ کلمہ ثلاثی مجرد یعنی جس کے فا، عین اور لام کلمہ میں ایک جنس کے دو حروف ہوں، مثلاً: مَدٌّ، مَدَّ۔

**مضاعف رباعی:** وہ کلمہ ہے جس میں چار حروف اصلی ہوں یعنی فا، عین، لام کلمہ اول اور لام کلمہ ثانی میں کوئی زائد حرف نہ ہو اور اس میں ایک جنس کے دو حروف بھی موجود ہوں، مثلاً زَلْزَلَ۔

**سوال نمبر۳: (الف) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟**

**(ب) "النصر" سے فعل ماضی مطلق مجہول کی گردان تحریر کریں؟**

## جواب: (الف) زمانہ کے لحاظ سے فعل کی اقسام:

زمانہ کے لحاظ سے فعل کی تین اقسام ہیں:

(i) ماضی (ii) حال (iii) مستقبل

**ماضی:** ماضی وہ فعل ہے جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے، جیسے: ضَرَبَ (مارا اس ایک مرد نے)

ضُرِبَ (مارا گیا وہ ایک مرد)

**حال:** حال وہ فعل ہے جس میں موجودہ زمانہ پایا جائے، جیسے: یَضْرِبُ (مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد)

یُضْرَبُ (مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد)

**مستقبل:** مستقبل وہ فعل ہے جس میں آنے والا زمانہ پایا جائے جیسے یَضْرِبُ (مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد)

یُضْرَبُ (مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد)

## (ب) اَلنَّصْرُ سے فعل ماضی مطلق مجہول کی گردان:

| گردان | صیغہ | معنی |
|---|---|---|
| نُصِرَ | واحد مذکر غائب | مدد کیا گیا وہ ایک مرد |
| نُصِرَا | تثنیہ مذکر غائب | مدد کیے گئے وہ دو مرد |
| نُصِرُوْا | جمع مذکر غائب | مدد کیے گئے وہ سب مرد |
| نُصِرَتْ | واحد مؤنث غائب | مدد کی گئی وہ ایک عورت |
| نُصِرَتَا | تثنیہ مؤنث غائب | مدد کی گئیں وہ دو عورتیں |
| نُصِرْنَ | جمع مؤنث غائب | مدد کی گئیں وہ سب عورتیں |

H-M-HASNAIN-ASADI

| | | |
|---|---|---|
| نُصِرْتَ | واحد مذکر حاضر | مدد کیا گیا تو ایک مرد |
| نُصِرْتُمَا | تثنیہ مذکر حاضر | مدد کیے گئے تم دو مرد |
| نُصِرْتُمْ | جمع مذکر حاضر | مدد کیے گئے تم سب مرد |
| نُصِرْتِ | واحد مؤنث حاضر | مدد کی گئی تو ایک عورت |
| نُصِرْتُمَا | جمع مؤنث حاضر | مدد کی گئیں تم دو عورتیں |
| نُصِرْتُنَّ | واحد متکلم | مدد کیا گیا میں ایک مرد یا عورت |
| نُصِرْنَا | تثنیہ/جمع متکلم | مدد کیے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں، یا سب مرد یا سب عورتیں |

**سوال نمبر ۴: (الف) مضارع مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں نیز فَتَحَ یَفْتَحُ سے مضارع مجہول کی گردان تحریر کریں؟**

**(ب) اسم ظرف اور اسم آلہ میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟**

**جواب: (الف) مضارع مجہول بنانے کا طریقہ:**

فعل مضارع مجہول، فعل مضارع معروف سے بنتا ہے۔ مضارع کی علامتوں کو ضمہ دیتے ہیں اور آخری سے پہلے حرف پر فتح دیتے ہیں، جیسے: یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ، یَفْتَحُ سے یُفْتَحُ وغیرہ۔

**فَتَحَ یَفْتَحُ سے فعل مضارع مجہول کی گردان:**

| گردان | صیغہ | معنی |
|---|---|---|
| یُفْتَحُ | واحد مذکر غائب | کھولا جاتا ہے یا کھولا جائے گا وہ ایک مرد |
| یُفْتَحَانِ | تثنیہ مذکر غائب | کھولے جاتے ہیں یا کھولے جائیں گے وہ دو مرد |
| یُفْتَحُوْنَ | جمع مذکر غائب | کھولے جاتے ہیں یا کھولے جائیں گے وہ سب مرد |
| تُفْتَحُ | واحد مؤنث غائب | کھولی جاتی ہے یا کھولی جائے گی وہ ایک عورت |
| تُفْتَحَانِ | تثنیہ مؤنث غائب | کھولی جاتی ہیں یا کھولی جائیں گی وہ دو عورتیں |
| یُفْتَحْنَ | جمع مؤنث غائب | کھولی جاتی ہیں یا کھولی جائیں گی وہ سب عورتیں |
| تُفْتَحُ | واحد مذکر حاضر | کھولا جاتا ہے یا کھولا جائے گا تو ایک مرد |
| تُفْتَحَانِ | تثنیہ مذکر حاضر | کھولے جاتے ہو یا کھولے جاؤ گے تم دو مرد |
| تُفْتَحُوْنَ | جمع مذکر حاضر | کھولے جاتے ہو یا کھولے جاؤ گے تم سب مرد |
| تُفْتَحِیْنَ | واحد مؤنث حاضر | کھولی جاتی ہے یا کھولی جائے گی تو ایک عورت |

H-M-HASNAIN-ASADI

| | | |
|---|---|---|
| تُفْتَحَانِ | تثنیہ مؤنث حاضر | کھولی جاتی ہیں یا کھولی جائیں گی تم دو عورتیں |
| تُفْتَحْنَ | جمع مؤنث حاضر | کھولی جاتی ہیں یا کھولی جائیں گی تم سب عورتیں |
| اُفْتَحُ | واحد متکلم | کھولا جاتا ہوں یا کھولا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت یاد |
| نُفْتَحُ | تثنیہ/جمع متکلم | کھولے جاتے ہیں یا کھولے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں |

**(ب) اسم ظرف اور اسم آلہ کی تعریف:**

**اسم ظرف:** اسم ظرف وہ اسم مشتق ہے، جو کام کرنے کی جگہ اور وقت پر دلالت کرے۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ظرف زمان اور ظرف مکان۔ ظرف زمان وہ اسم ظرف ہے جو کام کرنے کے وقت پر دلالت کرے جبکہ ظرف مکان وہ اسم ظرف ہے جو کام کرنے کی جگہ پر دلالت کرے جیسے: مَغْرِبٌ ۔ مَسْجِدٌ ۔ مضرِبٌ ۔ مَفْتَحٌ ۔

**اسم آلہ:** اسم آلہ وہ اسم مشتق ہے جو کام کرنے کا ذریعہ ہو، جیسے: مِضْرَبٌ ۔ مِفْتَحٌ ۔ مِکْرَمٌ ۔

**سوال نمبر۵: مندرجہ ذیل میں سے پانچ الفاظ کے بارے میں بتائیں کہ وہ کس گردان کے کونسے صیغے ہیں؟**

سَمِعْنَ، اَسْمَعُ، لَا تُفْتَحِیْنَ، لَمْ یَضْرِبْنَ، نَصَرَتْ، مَافَتَحُوْا

**جواب:**

| الفاظ | صیغے |
|---|---|
| سَمِعْنَ | صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مثبت معروف |
| اَسْمَعُ | صیغہ واحد متکلم فعل مضارع مثبت معروف. |
| لَا تَفْتَحِیْنَ | صیغہ واحد مؤنث حاضر نفی فعل مضارع معروف |
| لَمْ یَضْرِبْنَ | صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نفی جحد بلم معروف |
| نَصَرَتْ | صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف |
| مَا فَتَحُوْا | صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی منفی معروف |

☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

## سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (ایف اے) سال اوّل

## برائے طالبات سال 1441ھ/2020ء

### پانچواں پرچہ: نحو

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبرا: (الف) مرکب مفید اور غیر مفید کی تعریف تحریر کریں، نیز جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھیں؟ ۴×۵=۲۰

(ب) اسم مبنی کی تعریف کریں۔ نیز بتائیں مبنی الاصل کتنی چیزیں ہیں؟ مثالوں کے ذریعے وضاحت کریں۔ ۵+۹=۱۴

سوال نمبر۲: (الف) علامات فعل میں سے صرف چار مع امثلہ قلمبند کریں نیز حرف کی تعریف اور مثال لکھیں؟ ۱۲+۶=۱۸

(ب) جمع مذکر سالم کا اعراب مع امثلہ بیان کریں، نیز اسم مقصور کی تعریف اور اعراب قلمبند کریں؟ ۷+۸=۱۵

سوال نمبر۳: (الف) منصوبات کل کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز مستثنیٰ متصل و منقطع کی تعریف و مثال تحریر کریں؟ ۱۲+۴+۴=۲۰

(ب) اسم معرفہ کی تعریف و مثال اور اسم معرفہ کی اقسام کے نام تحریر کریں؟ ۶+۷=۱۳

سوال نمبر۴: (الف) ضمیر کی تعریف اور اقسام کے نام لکھیں؟ ۴+۵=۹

(ب) ضمیر منصوب متصل کی تعریف مع صیغے تحریر کریں؟ ۴+۷=۱۱

(ج) اسم معرب کی تعریف کریں۔ نیز درج ذیل میں سے اسم، فعل اور حرف الگ الگ کریں؟ ۵+۸=۱۳

قلم۔ فی۔ مدینہ۔ یضرب۔

☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۱ھ/2020ء

## پانچواں پرچہ: نحو

**سوال نمبر۱: (الف) مرکب مفید اور غیر مفید کی تعریف تحریر کریں، نیز جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھیں؟**

**(ب) اسم مبنی کی تعریف کریں۔ نیز بتائیں مبنی الاصل کتنی چیزیں ہیں؟ مثالوں کے ذریعے وضاحت کریں۔**

جواب: **(الف) مرکب مفید:** مرکب مفید وہ مرکب ہے کہ جب بات کرنے والا بات کرکے خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کوئی خبر یا طلب حاصل ہو مثلاً جَاءَ زَیْدٌ ۔ اس جملہ میں زید کے آنے کی خبر بیان ہوئی ہے۔

نوٹ: مرکب مفید کو کلام اور جملہ بھی کہا جاتا ہے۔

**مرکب غیر مفید:** یہ وہ مرکب ہے کہ متکلم گفتگو کر کے خاموش ہو جائے، سننے والے کو کوئی خبر یا طلب حاصل نہ ہو، مثلاً غُلَامُ زَیْدٍ ۔ اس مثال میں سننے والے کو خبر یا طلب حاصل نہیں ہوئی۔ مرکب غیر مفید کو مرکب ناقص بھی کہا جاتا ہے۔

**جملہ خبریہ:** یہ وہ جملہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکتا ہو مثلاً جَاءَ زَیْدٌ، اس جملہ میں متکلم سچا بھی ہو سکتا ہے اور جھوٹا بھی۔

**جملہ انشائیہ:** جملہ انشائیہ وہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا قرار نہ دیا جائے۔ مثلاً اِیْتِ بِالْکِتَابِ (تم کتاب لاؤ!)

**(ب) اسم مبنی:** وہ اسم ہے جو غیر سے مرکب نہ ہو، بنی الاصل سے مشابہت رکھے اور مختلف عوامل کے آنے سے اس کا آخر مختلف نہ ہو مثلاً: جَاءَ نِیْ ھٰؤُلَاءِ ۔ وَرَأَیْتُ ھٰؤُلَاءِ وَ مَرَرْتُ بِھٰؤُلَاءِ ۔

**مبنی الاصل:**

مبنی الاصل تین چیزیں ہیں: (۱) تمام حروف مثلاً مِنْ، اِلٰی (۲) فعل ماضی مثلاً ضَرَبَ ۔ (۳) فعل امر حاضر معروف مثلاً اِضْرِبْ ۔ مختلف عوامل کے آنے سے مبنی کا آخر تبدیل نہیں ہوتا جیسے: جَاءَ نِیْ ھٰؤُلَاءِ ۔ رَأَیْتُ ھٰؤُلَاءِ ۔ مَرَرْتُ بِھٰؤُلَاءِ ۔ اسی طرح یہ مثال ہے: جَاءَ نِیْ مُوْسٰی، رَأَیْتُ مُوْسٰی وَ مَرَرْتُ بِمُوْسٰی ۔

H-M-HASNAIN-ASADI

**سوال نمبر۲: (الف) علامات فعل میں سے صرف چار مع امثلہ قلمبند کریں نیز حرف کی تعریف اور مثال لکھیں؟**

**(ب) جمع مذکر سالم کا اعراب مع امثلہ بیان کریں، نیز اسم مقصور کی تعریف اور اعراب قلمبند کریں؟**

**جواب: (الف) علامات فعل:** فعل کی مشہور علامات حسب ذیل ہیں:

(۱) لفظ قد شروع میں ہو جیسے قَدْ ضَرَبَ، قَدْ يَضْرِبُ ۔

(۲) ''س'' شروع میں ہو مثلاً سَيَضْرِبُ ۔

(۳) ''سوف'' شروع میں ہو مثلاً سَوْفَ يَضْرِبُ ۔

(۴) حروف جوازم کا شروع میں آنا مثلاً لَمْ يَضْرِبُ ۔

(۵) لام تاکید کا شروع میں آنا مثلاً لَيَضْرِبُ ۔

**حرف کی تعریف:** حرف وہ لفظ ہے جو خود بخود (اکیلا) اپنا معنی نہ بتائے مثلاً مَنْ، اِلٰی، فِیْ ۔

**(ب) جمع مذکر سالم کا اعراب اور اس کی مثالیں:**

جمع مذکر سالم وہ اسم ہے جس کے آخر میں واؤ، نون یا یاء اور نون آتا ہے مثلاً مُسْلِمُوْنَ ۔

جمع مذکر سالم کا اعراب رفع واؤ ماقبل مضموم اور نون مفتوح سے جبکہ نصب اور جر یاء ماقبل مکسور اور نون مفتوحہ سے آتا ہے مثلاً جَاءَ الْمُسْلِمُوْنَ ۔ رَاَيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ وَ مَرَرْتُ بِالْمُسْلِمِيْنَ ۔

**اسم مقصور کی تعریف اور اعراب:**

اسم مقصود وہ ہے جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو جیسے: مُوْسٰی ۔

اسم مقصور کے تینوں اعراب تقدیری آتے ہیں یعنی حالت رفعی، نصبی اور جری میں تقدیری اعراب آتے ہیں مثلاً جَاءَ نِیْ مُوْسٰی ۔ رَاَيْتُ مُوْسٰی وَ مَرَرْتُ بِمُوْسٰی ۔

**سوال نمبر۳: (الف) منصوبات کل کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز مستثنٰی متصل و منقطع کی تعریف و مثال تحریر کریں؟**

**(ب) اسم معرفہ کی تعریف و مثال اور اسم معرفہ کی اقسام کے نام تحریر کریں؟**

**جواب: (الف) منصوبات کی تعداد اور ان کے نام:**

منصوبات کی کل تعداد بارہ (۱۲) ہے۔ جن کے نام حسب ذیل ہیں:

(۱) مفعول مطلق (۲) مفعول بہ (۳) مفعول فیہ (۴) مفعول لہ (۵) مفعول معہ (۶) حال (۷) تمیز

H-M-HASNAIN-ASADI

(۸) مستثنیٰ (۹) اسم ان وغیرہ (۱۰) خبر کانَ اور اس کے بھائیوں کی (۱۱) اسم لائے نفی جنس (۱۲) اسم ماولا مشابہ لیس۔

**مستثنیٰ متصل:** مستثنیٰ متصل وہ ہے جو مستثنیٰ منہ میں داخل ہو اور اسے اِلَّا اور اس کے بھائیوں کے ساتھ نکالا جائے۔ مثلاً جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَيْدًا ۔

**مستثنیٰ منقطع:** مستثنیٰ منقطع وہ ہے جو مستثنیٰ منہ میں داخل نہ ہو، مگر وہ الا اور اس کے بھائیوں کے بعد واقع ہو مثلاً مَا جَاءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا ۔

**(ب) اسم معرفہ کی تعریف اور اس کی مثال:** اسم معرفہ وہ ہے جو معین چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو مثلاً زَيْدٌ، لفظ زَيْدٌ والدین نے ایک ذات یعنی اپنے بیٹے کے لیے متعین کیا ہے۔

**اسم معرفہ کی اقسام:** اسم معرفہ کی سات اقسام ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) اسم ضمیر جیسے هُوَ (۲) علم جیسے زَيْدٌ (۳) اسم اشارہ جیسے هٰذَا (۴) اسم موصولہ جیسے اَلَّذِیْ (۵) معرفہ باللام جیسے اَلرَّجُلُ (۶) مضاف ہونا جیسے غُلَامُ زَيْدٍ (۷) معرفہ بحرف ندا جیسے يَا زَيْدُ ۔

**سوال نمبر۴: (الف) ضمیر کی تعریف اور اقسام کے نام لکھیں۔**

**(ب) ضمیر منصوب متصل کی تعریف مع صیغے تحریر کریں؟**

**(ج) اسم معرب کی تعریف کریں۔ نیز درج ذیل میں سے اسم، فعل اور حرف الگ الگ کریں؟**

**قلم۔ فی۔ مدینہ۔ يَضْرِبُ۔**

**جواب: (الف) اسم ضمیر کی تعریف اور اقسام:** اسم ضمیر وہ اسم ہے، جو متکلم، حاضر اور یا غائب پر دلالت کرے جس کا ذکر پہلے لفظاً یا معنیً ہو چکا ہو مثلاً اَنَا، اَنْتَ، هُوَ ۔

**ضمیر کی اقسام:** ضمیر کی دو اقسام ہیں:

(۱) ضمیر متصل: وہ ضمیر ہے جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی ہو مثلاً ضَرَبَنِیْ، ضَرَبْتُ، لِیْ ۔

(۲) ضمیر منفصل: وہ ضمیر ہے جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی نہ ہو مثلاً اَنَا ۔ اَنْتَ ۔ هُوَ ۔ اِيَّایَ ۔ هٗ ۔ اِيَّاكَ ۔

**(ب) ضمیر منصوب متصل کی تعریف اور اس کے صیغے:** ضمیر منصوب متصل وہ ہے، جو اپنے عامل سے ملی ہوئی ہو اور حالت نصب (مفعولی حالت) پر دلالت کرے۔ ان کے صیغے حسب ذیل ہیں۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(۱)ضَرَبَنِی (۲)ضَرَبْنَا (۳)ضَرَبَكَ (۴)ضَرَبَكُمَا
(۵)ضَرَبَكُمْ (۶)ضَرَبَكِ (۷)ضَرَبَكُمَا (۸)ضَرَبَكُنَّ
(۹)ضَرَبَهٗ (۱۰)ضَرَبَهُمَا (۱۱)ضَرَبَهُمْ (۱۲)ضَرَبَهَا
(۱۳)ضَرَبَهُمَا (۱۴)ضَرَبَهُنَّ۔

(ج) **اسم معرب کی تعریف:** اسم معرب وہ اسم ہے جو غیر سے مرکب ہو، مگر مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھے مثلاً جَاءَ زَیْدٌ، میں لفظ زید ہے۔

**الفاظ سے اسم، فعل اور حرف:**

(۱)اسم: (۱)قَلَمٌ (۲)مَدِیْنَةٌ (۲)فعل: یَضْرِبُ (۳)حرف: فِیْ

☆☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

## سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (ایف اے) سال اوّل

## برائے طالبات سال 1441ھ/2020ء

## چھٹا پرچہ: جنرل سائنس، ومطالعہ پاکستان

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر ۱ اور ۵ لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

### حصہ اوّل: جنرل سائنس

سوال نمبر ۱: (الف) خالی جگہ پر کریں۔ ۵×۲=۱۰

(i) زندگی کی ابتدا.......... سے ہوئی۔ (ii) کتاب المناظر.......... پر پہلی جامع کتاب ہے۔ (iii) ایڈز کے وائرس کو.......... کہتے ہیں۔ (iv) ای پی آئی مخفف ہے.......... کا۔ (v) جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو.......... کہتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۵×۲=۱۰

(i) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔ (ii) کتاب المناظر البیرونی کی کتاب ہے۔ (iii) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔ (iv) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔ (v) بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھے۔

سوال نمبر ۲: سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو سائنس دانوں کے نام اور کارنامے تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر ۳: ایڈز کن کن طریقوں سے پھیلتی ہے؟ اس سے بچاؤ کی تدابیر بتائیں ۱۵

سوال نمبر ۴: بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بیماریاں لکھیں؟ ۱۵

### حصہ دوم: مطالعہ پاکستان

سوال نمبر ۵: (الف) خالی جگہ پر کریں؟ ۵×۲=۱۰

(i) امام احمد رضا کی پیدائش.......... سن میں ہوئی۔ (ii) عدل و انصاف اسلامی قانون کا.......... ہے۔ (iii) جنگ آزادی.......... میں لڑی گئی۔ (iv) انگریز نے برصغیر پر.......... سال حکومت کی۔ (v) ۱۲۰۶ء میں برصغیر میں.......... نے اسلامی حکومت کی بنیاد رکھی تھی۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(ب) مختصر جواب دیں؟ ۵x۲=۱۰

(i) برصغیر میں اشاعت اسلام کا سب سے پہلا سبب کیا تھا؟

(ii) دوقومی نظریہ کا کیا مطلب ہے؟

(iii) نہرو رپورٹ کس سن میں پیش ہوئی؟

(iv) قائداعظم نے مسلم لیگ میں کب شمولیت اختیار کی؟

(v) قرارداد پاکستان کب اور کہاں منظور ہوئی؟

سوال نمبر۶: انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں۔ ۱۵

سوال نمبر۷: قرارداد مقاصد کے اہم نکات بیان کیجیے۔ ۱۵

سوال نمبر۸: ۱۹۴۵ء کے عام انتخابات میں مسلم لیگ کی کامیابی کی تفصیل بتائیں۔ ۱۵

☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۱ھ/2020ء

## چھٹا پرچہ: سائنس ومطالعہ پاکستان

نوٹ: سوال نمبر ۱ اور ۵ لازمی ہیں۔ باقی دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

## ﴿حصہ اوّل: جنرل سائنس﴾

**سوال نمبر۱: (الف) خالی جگہ پر کریں؟**

(i) زندگی کی ابتدا............ سے ہوئی۔

(ii) کتاب المناظر............ پر پہلی جامع کتاب ہے۔

(iii) ایڈز کے وائرس کو............ کہتے ہیں۔ (iv) ای پی آئی مخفف ہے............ کا۔

(v) جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو............ کہتے ہیں۔

**جوابات:**

(i) پانی (ii) روشنی (iii) ایچ آئی وی

(iv) Programme on Immunization Expended

(v) بائیولوجی

**(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟**

(i) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔ (غلط)

(ii) کتاب المناظر البیرونی کی کتاب ہے۔ (غلط)

(iii) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔ (درست)

(iv) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔ (درست)

(v) بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھے۔ (درست)

**سوال نمبر۲: سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو سائنس دانوں کے نام اور کارنامے تحریر کریں؟**

**جواب: جابر بن حیان:** جابر بن حیان کو علم کیمیا کا بانی کہا جاتا ہے جابر بن حیان نے کچھ دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنے، فولاد تیار کرنے، چمڑا رنگنے اور لوہے کو زنگ سے بچانے کے طریقے معلوم کیے۔

**محمد بن زکریا الرازی:** محمد بن زکریا الرازی فن طب میں اپنے زمانے کے علم العلاج سے پوری

H-M-HASNAIN-ASADI

طرح واقف تھے انہوں نے ہی سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج کے بارے میں تفصیل سے روشنی ڈالی تھی۔

**سوال نمبر۳: ایڈز کن کن طریقوں سے پھیلتی ہے؟ اس سے بچاؤ کی تدابیر بیان کریں؟**

جواب: ایڈز کا مرض ایک خاص وائرس سے پھیلتا ہے جو جسم کے مدافعتی نظام کو تباہ کر دیتا ہے۔ اس مرض کی وجہ سے جو بھی بیماری انسانی جسم میں داخل ہوتی ہے وہ سنگین صورت اختیار کر لیتی ہے اور انسان کو موت سے ہمکنار کر دیتی ہے۔ ایڈز کے وائرس کو ایچ آئی وی کہتے ہیں۔ ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے اور نہ ہی چھونے یا مریض کے ساتھ یا ہاتھ ملانے یا بیٹھنے سے پھیلتی ہے۔ جن میں ایڈز کا وائرس پایا جاتا ہے۔ ضروری نہیں کہ وہ کمزور اور بیمار نظر آئیں بعض اوقات ایڈز کی علامات ظاہر ہونے میں کئی سال لگ جاتے ہیں اور انسان کو اس کا پتہ بھی نہیں چلتا۔ ایڈز کی علامات کی تشخیص ہونے کے بعد مریض تقریباً دو سال تک زندہ رہتا ہے۔ ایڈز کا وائرس انسانی خون اور جنسی رطوبتوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ وائرس تھوک، آنسو، پیشاب اور پسینے میں بھی پایا جاتا ہے۔ یہ بیماری خون یا خون کے اجزاء کی اجزاء منتقلی کے دوران متاثرہ شخص کے سرنج کے استعمال سے حاملہ ماں سے اس کے بچے میں متاثرہ شخص سے اس کے جنسی ساتھی میں منتقل ہوتی ہے۔

بچاؤ کی تدابیر: ایڈز اور اس جیسی دوسری بیماریوں سے بچنے کے لیے قرآنی احکام پر عمل کریں اور ہمیشہ اپنے جیون ساتھی تک محدود رہیں اگر انجیکشن لگوانا ضروری ہو تو غیر استعمال شدہ سرنج استعمال کریں۔

**سوال نمبر۴: بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بیماریاں لکھیں؟**

**جواب:** بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بیماریاں درج ذیل ہیں۔

سمال پوکس، فلو، پولیو، خسرہ، ایڈز اور ہیپاٹائٹس۔ وائرس سے پیدا ہونے والی بیماریاں ہیں۔

## ﴿حصہ دوم: مطالعہ پاکستان﴾

**سوال نمبر۵: (الف) خالی جگہ پر کریں؟**

(i) امام احمد رضا کی پیدائش............سن میں ہوئی۔

(ii) عدل و انصاف اسلامی قانون کا............ہے۔

(iii) جنگ آزادی............میں لڑی گئی۔

(iv) انگریز نے برصغیر پر............سال حکومت کی۔

(v) ۱۲۰۶ء میں برصغیر میں............نے اسلامی حکومت کی بنیاد رکھی تھی۔

H-M-HASNAIN-ASADI

**جوابات:**

(i) ۱۸۵۶ء (ii) سرچشمہ (iii) ۱۸۵۷ء

(iv) ۹۰ (v) قطب الدین ایبک

**(ب) مختصر جواب دیں۔**

(i) برصغیر میں اشاعت اسلام کا سب سے پہلا سبب کیا تھا؟

جواب: برصغیر میں اشاعت اسلام کا سب سے پہلا سبب مسلمان تاجروں اور مبلغین کی آمد تھی۔

(ii) دوقومی نظریہ کا کیا مطلب ہے؟

جواب: دوقومی نظریہ کا مطلب یہ ہے کہ برصغیر میں دوقومیں آباد ہیں۔ ہندو اور مسلم جو اپنے مذہب، زبان، ثقافت اور رہن سہن کے لحاظ سے مختلف ہیں' لہٰذا ان کے لیے الگ الگ ملک کا ہونا ضروری ہے۔

(iii) نہرو رپورٹ کس سن میں پیش ہوئی؟

جواب: نہرو رپورٹ ۱۹۲۸ء میں پیش کی گئی۔

(iv) قائداعظم نے مسلم لیگ میں کب شمولیت اختیار کی؟

جواب: ۱۹۱۳ء میں قائداعظم محمد علی جناح رحمہ اللہ تعالیٰ نے مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔

(v) قرارداد پاکستان کب اور کہاں منظور ہوئی؟

جواب: ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء منٹو پارک میں منظور ہوئی جو اب اقبال پارک کے نام سے مشہور ہے۔

**سوال نمبر ۶: انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں۔**

جواب: انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات درج ذیل ہیں۔

(۱) انگریز محکوم اقوام کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور ہر معاملے میں گورے کو کالے پر ترجیح دیتے ہیں۔

(۲) انگریز اس بات سے ڈرتے تھے کہ مسلمان دوبارہ اقتدار میں نہ آجائیں' یہی وجہ ہے کہ وہ مسلمانوں کو سیاسی، اقتصادی اور سماجی لحاظ سے کچلنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرتے تھے۔

(۳) انگریز حکومت برصغیر کے باشندوں بالخصوص مسلمانوں کو عیسائی بنانے میں دلچسپی لے رہی تھی۔

(۴) سرکاری طور پر عیسائیت کی سرپرستی ہونے لگی۔

(۵) اسلامی قانون میں مداخلت شروع کردی گئی۔

(۶) کمپنی کی افواج دیسی سپاہیوں کے ساتھ ذلت آمیز اور امتیازی سلوک کیا جاتا تھا۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(۷) مذہب کے خلاف احکام جاری کیے گئے مثلاً کسی سپاہی کو فوجی ملازمت کے دوران داڑھی رکھنے کی اجازت نہ تھی۔

(۸) جنگ آزادی کی ایک بڑی وجہ ایک نئی قسم کے رائفل اور چربی والے کارتوس تھے۔ نئے کارتوس پر گائے اور سور کی چربی لگی ہوئی تھی اس پر فوجی سپاہی غصے سے بے قابو ہو گئے۔

ان وجوہات کی بنیاد پر انگریز کے خلاف جنگ آزادی کا آغاز ہو گیا۔

**سوال نمبر۷: قرارداد مقاصد کے اہم نکات بیان کیجیے؟**

**جواب:** ۱۲ مارچ ۱۹۴۹ء کو اس وقت کے وزیر اعظم نواب زادہ لیاقت علی خان نے قانون ساز ادارے میں ایک قرارداد پیش کی جس میں ان نکات کی نشاندہی کی گئی، جن کی بنیاد بنا کر ملک کے مستقبل کا دستور بنایا جائے گا۔ قومی اسمبلی نے اس قرارداد کو اکثریت سے منظور کر لیا۔ اس قرارداد کو عرف عام میں "قرارداد مقاصد" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس قرارداد کے اہم نکات مندرجہ ذیل ہیں۔

**(۱) اللہ تعالیٰ کی حاکمیت:** اس قرارداد میں اس بات کی وضاحت کی گئی کہ ساری کائنات کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اور سارا اقتدار اسی کو حاصل ہے۔ اقتدار مسلمانوں کے پاس اللہ کی امانت ہے اور اس اقتدار کو اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود کے اندر رہ کر استعمال کیا جائے گا، جو کہ عوام کے منتخب نمائندے استعمال کریں گے۔

**(۲) اسلامی اقتدار کی پابندی:** قرارداد مقاصد میں اس بات کی نشاندہی کی گئی کہ پاکستان میں اسلامی اقتدار مثلاً جمہوریت، آزادی، رواداری اور معاشرتی انصاف کو فروغ دیا جائے گا۔

**(۳) اسلامی طرز زندگی:** مسلمانوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی اسلام کے بنائے ہوئے اصولوں کے مطابق گزارنے کے لیے بہتر اور مناسب ماحول فراہم کیا جائے گا۔

**(۴) اقلیتوں کا تحفظ:** پاکستان میں رہنے والے تمام غیر مسلم شہریوں کو اپنے مذہب اور عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کا مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

**(۵) بنیادی حقوق کی فراہمی:** تمام شہریوں کو کسی نسلی، معاشرتی، معاشی و مذہبی تعصب کے بغیر تمام شہری حقوق فراہم کیے جائیں گے۔

**(۶) وفاقی نظام حکومت:** قرارداد مقاصد میں وضاحت کر دی گئی کہ پاکستان کا نظام وفاقی جمہوری ہوگا جو کہ عوام کے منتخب نمائندوں کے ذریعے چلایا جائے گا۔

H-M-HASNAIN-ASADI

(۷) پسماندہ علاقوں کی ترقی: قرارداد میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے اور انہیں ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لایا جائے گا۔

(۸) عدلیہ کی آزادی: قرارداد مقاصد میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ عدلیہ اپنے کاموں میں بالکل آزاد ہوگی اور بغیر کسی دباؤ کے کام کرے گی۔

(۷) اُردو قومی زبان: اسی بات کی نشاندہی کی گئی کہ ملک کی قومی زبان اردو ہوگی۔

**سوال نمبر ۸: ۱۹۴۵ء کے عام انتخابات میں مسلم لیگ کی کامیابی کی تفصیل بتائیں؟**

جواب: ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کی قرارداد لاہور کے بعد مسلم لیگ نئے دور میں داخل ہوگئی اور بڑی تیزی کے ساتھ مسلم لیگ ایک عوامی جماعت بن گئی۔ اس کی شاخیں برصغیر کے اکثر علاقوں میں قائم ہوگئیں اور اس کا پیغام ہر اس علاقے میں پہنچ گیا جہاں مسلمان آباد تھے، مسلم لیگ کی مقبولیت اور مطالبہ پاکستان کو برصغیر کے مسلمانوں کی حمایت کا ثبوت ۱۹۴۵،۴۶ء کے انتخابات میں ملا۔ مسلم لیگ نے ان انتخابات میں دو بڑے مطالبے کی بنیاد پر حصہ لیا۔

(۱) مسلم لیگ مسلمانوں کی نمائندہ جماعت ہے۔

(۲) مسلم لیگ کا مطالبہ قیام پاکستان ہے۔

مرکزی اسمبلی کے انتخابات منعقد ہوئے۔ دسمبر ۱۹۴۵ء میں مسلم لیگ نے مسلمانوں کے لیے مخصوص تمام نشستیں جیت لیں اور مسلم لیگ کے امیدواروں کے اکثر مخالفین کی ضمانتیں ضبط ہوگئیں۔ پھر فروری ۱۹۴۶ء میں انتخابات منعقد ہوئے جن میں مسلم لیگ کے امیدواروں نے زبردست کامیابی حاصل کی۔

☆☆☆☆☆☆

H-M-HASNAIN-ASADI

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

## پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

### حصہ اوّل......قرآن

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے کوئی سے چھ (6) اجزاء کا ترجمہ کریں؟ ۶۰=۱۰×۶

(i) وَاِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ج وَاِذَا خَلَوْا اِلٰی شَیٰطِیْنِهِمْ لا قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝

(ii) وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝

(iii) وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ یُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

(iv) وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ج هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

(v) وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰی بِالْبَیِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَ اَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝

(vi) وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ لَیْسَتِ النَّصٰرٰی عَلٰی شَیْءٍ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰی لَیْسَتِ الْیَهُوْدُ عَلٰی شَیْءٍ

(vii) وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝

(viii) اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ج فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِ اَنْ یَّطَّوَّفَ بِهِمَا ط

(ix) یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝

(x) ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ج فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے صرف پانچ (5) الفاظِ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟ ۱۰

(i) مصلحون، (ii) عهد الله، (iii) الراكعين، (iv) السبت

(v) سيئةً، (vi) الاثم، (vii) العجل، (viii) أحياء

## حصہ دوم ...... تجوید

سوال نمبر 3:- (الف) علم تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟ ۱۰

(ب) حروف کے مخارج کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۵

(ج) درج ذیل حروف میں سے کوئی سے پانچ کے مخارج بیان کریں؟ ۱۵

ب، و، م، ل، ن، ر، س

☆☆☆

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2021ء

## پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

## حصہ اوّل ..... قرآن مجید

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(i) وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝

(ii) وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

(iii) وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ

(iv) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

(v) وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝

(vi) وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ

(vii) وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝

(viii) اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ط

(ix) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ٥

(x) ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ج فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ٥

**جواب: اجزاء کا ترجمہ:**

(i) اور جب ایمان والوں سے ملیں تو کہیں ہم ایمان لائے، اور جب اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوں تو کہیں: ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو یونہی ہنسی کرتے ہیں۔

(ii) اور اللہ تعالیٰ نے آدم کو تمام (اشیاء کے) نام سکھائے، پھر سب (اشیاء) کو ملائکہ پر پیش کر کے فرمایا: سچے ہو تو ان کے نام تو بتاؤ؟

(iii) اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ ہم سے تو ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ ہوگا، تو آپ اپنے رب سے دعا کیجیے کہ زمین کی اگائی ہوئی چیزیں ہمارے لیے نکالے۔

(iv) اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے، وہ جنت والے ہیں، انہیں ہمیشہ اس میں رہنا ہے۔

(v) اور بے شک تمہارے پاس موسیٰ کھلی نشانیاں لے کر تشریف لایا، پھر تم نے اس کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظالم تھے۔

(vi) اور یہودی بولے نصرانی کچھ نہیں اور نصرانی بولے یہودی کچھ نہیں۔

(vii) اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں، انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں ہاں! تمہیں خبر نہیں ہے۔

(viii) بے شک صفا اور مروہ اللہ کے نشانوں سے ہیں، تو جو اس گھر کا حج یا عمرہ کرے، تو اس پر کچھ گناہ نہیں کہ ان دونوں کے پھیرے کرے۔

(ix) اے لوگو ایمان والو! تم کھاؤ ہماری دی ہوئی ستھری چیزیں اور اللہ کا احسان مانو، اگر تم اسی کو پوجتے ہو۔

(x) پھر اس کے بعد تم پھر گئے، تو اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی، تو تم ٹوٹے والوں میں ہو جاتے۔

سوال نمبر2:- درج ذیل الفاظِ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟

(i) مُصْلِحُوْنَ، (ii) عَهْدَ اللّٰهِ، (iii) اَلرّٰكِعِيْنَ، (iv) اَلسَّبْتُ

(v) سَيِّئَةً، (vi) اَلْاِثْمِ، (vii) اَلْعِجْلِ، (viii) اَحْيَاءُ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



**جواب: الفاظ قرآنیہ کے معانی:**

(i) اصلاح کرنے والے، (ii) اللہ کا وعدہ، (iii) رکوع کرنے والے (باجماعت نماز ادا کرنے والے، (iv) ہفتہ کا دن، (v) برائی، (vi) گناہ، (vii) بچھڑا، (viii) زندہ لوگ۔

## حصہ دوم......تجوید

**سوال نمبر 3:-** (الف) علم تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

(ب) حروف کے مخارج کتنے اور کون کون سے ہیں؟

(ج) درج ذیل حروف کے مخارج بیان کریں؟

ب، و، م، ل، ن، ر، س

**جواب: (الف) علم تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض:**

۱- علم تجوید: حروف کو ان کے مخارج سے صفات لازمہ وعارضہ کے ساتھ ادا کرنے کو تجوید کہا جاتا ہے۔

۲- موضوع: فن تجوید کا موضوع حروف تہجی ہیں۔

۳- غرض وغایت: فن تجوید کی غرض یہ ہے کہ قرآن کریم کو صحیح پڑھا جائے۔

**(ب) حروف کے مخارج کی تعداد اور ان کے نام:**

کل مخارج حروف سترہ (۱۷) ہیں اور ان کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) انتہاء حلق، (۲) وسط حلق، (۳) ابتداء حلق، (۴) لسان، (۵) شفتین، (۶) جوف دہن، (۷) خیشوم۔

نوٹ: یاد رہے ایک نام کے تحت متعدد مخارج بھی ہیں۔

**(ج) مخارج حروف:**

۱- ب: دونوں ہونٹوں کے تر حصے۔

۲- و: دونوں ہونٹوں کو گول کر کے ناتمام ملانے سے۔

۳- م: دونوں ہونٹوں کے خشک حصے۔

۴- ل: طرف لسان اور ضواحک سے ثنایا تک مقابل کا تالو۔

۵- ن: لام کے مخرج سے تھوڑا سامنہ کی طرف ہٹ کر انیاب سے ثنایا تک مقابل کا تالو۔

۶- ر:- نوک زبان مائل بشت اور مقابل کا تالو۔

۷- س: نوک زبان اور ثنایا علیا کا کنارہ مع اتصال ثنایا علیا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

### دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر:۱۰۰

نوٹ: حصہ اوّل کے دونوں سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم سے کوئی دو سوال حل کریں۔

### حصہ اوّل......حدیث

سوال نمبر1:۔درج ذیل میں سے کسی تین احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں؟ ۳×۱۵=۴۵

(الف) عن ابی عبدالرحمٰن عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول: بنی الاسلام علی خمس شهادة ان لا الٰه الا الله وان محمدا رسول الله واقام الصلوٰة وایتاء الزکوٰة وحج البیت وصوم رمضان ۔

(ب) عن ابی هريرة عبدالرحمٰن بن صخر رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم یقول: ما نهيتكم عنه فاجتنبوه وما امرتكم به فأتوا منه ما استطعتم فانما اهلك الذين من قبلكم كثرة مسائلهم واختلافهم على انبيائهم ۔

(ج) عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم یقول: انما الاعمال بالنيات وانما لكل امرء مانوى، فمن كانت هجرته الى الله ورسوله فهجرته الى الله ورسوله ومن كانت هجرته لدنيا يصيبها او امرأة ينكحها فهجرة الى ماهاجر اليه ۔

(د) عن ابن عمر رضی الله عنهما ان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم قال: امرت ان اقاتل الناس حتى يشهدوا ان لا الٰه الا الله وان محمدا رسول الله ويقيموا الصلوٰة ويؤتوا الزكوٰة فاذا فعلوا ذالك عصموا منى دماء هم واموالهم الابحق الاسلام وحسابهم على الله ۔

سوال نمبر2:۔''اربعین'' کے مصنف کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ ۵

### حصہ دوم......عربی ادب

سوال نمبر3:۔(الف) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں؟ ۵×۲=۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(الف) هذا كتابه، (ب) انا اقرء في كتابي، (ج) أين تذهب؟ (د) سعيد يطلب الماء، (ه) اذهب الى السوق، (و) هو يصلي، (ز) هذا لوح طارق

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے تین الفاظ کو مفید عربی جملوں میں استعمال کریں؟ ۵×۳=۱۵

(الف) صديق، (ب) ورق، (ج) دواة، (د) تفاح، (ه) شجر، (و) طفل

سوال نمبر 4:-(الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟ ۳×۵=۱۵

(الف) یہ میرا بیگ ہے۔ (ب) یہ بچے کا قلم ہے۔ (ج) یہ تمہارا دوست ہے۔

(د) یہ خالد کی بلی ہے۔ (ھ) یہ چھوٹی گائے ہے۔

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ کی جمع لکھیں؟ ۲×۵=۱۰

(الف) كتاب، (ب) شجر، (ج) كبير، (د) قلم، (ه) مسجد، (و) غرفة

سوال نمبر 5:-(الف) مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ کی عربی لکھیں؟ ۲×۵=۱۰

(الف) چوہا، (ب) تختہ سیاہ، (ج) چٹائی، (د) بکری، (ھ) سائیکل، (و) پرندہ

(ب) درج ذیل میں سے کسی تین کے عربی میں جوابات لکھیں؟ ۳×۵=۱۵

(الف) هل خالد يقرأ في كتابه؟ (ب) هل تكتب بالقلم؟

(ج) هل ادخل في الغرفة؟ (د) أين يذهب صديقه؟

(ه) هل تنام في المهد؟

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2021ء

## دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی

### حصہ اوّل……حدیث

سوال نمبر 1:-درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں؟

(الف) عن ابي عبدالرحمن عبدالله بن عمر بن الخطاب رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: بني الاسلام على خمس شهادة ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله واقام الصلوة وايتاء الزكوة وحج البيت وصوم رمضان .

(ب) عن ابي هريرة عبدالرحمن بن صخر رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: ما نهيتكم عنه فاجتنبوه وما امرتكم به فأتوا منه ما استطعتم

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



فانما اهلك الذين من قبلكم كثرة مسائلهم واختلافهم على انبيائهم .

(ج) عن عمر بن الخطاب رضى الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: انما الاعمال بالنيات وانما لكل امرء مانوى، فمن كانت هجرته الى الله ورسوله فهجرته الى الله ورسوله ومن كانت هجرته لدنيا يصيبها او امرأة ينكحها فهجرة الى ماهاجر اليه .

(د) عن ابن عمر رضى الله عنهما ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: امرت ان اقاتل الناس حتى يشهدوا ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله ويقيموا الصلوٰة ويؤتوا الزكوٰة فاذا فعلوا ذالك عصموا منى دماء هم واموالهم الابحق الاسلام وحسابهم على الله .

جواب: ترجمہ احادیث مبارکہ:

(الف) حضرت ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما سے منقول ہے: میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے: (۱) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود حق نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، (۲) نماز قائم کرنا، (۳) زکوٰۃ ادا کرنا، (۴) بیت اللہ کا حج کرنا، (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔

(ب) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میں جس کام سے تمہیں منع کروں تم اس سے پرہیز کرو۔ جس کام کا میں تمہیں حکم دوں، تم اسے اپنی طاقت کے مطابق انجام دو، کیونکہ تم سے پہلے لوگوں کو بکثرت سوال کرنے اور اپنے انبیاء کرام علیہم السلام سے اختلاف نے ہلاک کر دیا۔

(ج) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: آپ نے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، ہر شخص کے لیے وہی ہے، جس کی اس نے نیت کی، تو جس شخص کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہو، اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے۔ جس شخص کی ہجرت دنیا کے لیے ہو، تاکہ وہ اسے حاصل کرے، یا کسی عورت کے لیے ہو کہ وہ اس سے نکاح کرے، تو اس کی ہجرت اسی مقصد کے لیے ہوگی، جس کی طرف اس نے ہجرت کی۔

(د) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے: انہوں نے کہا: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں (غیر مسلم) لوگوں سے جنگ کروں، یہاں تک کہ وہ لوگ اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود حقیقی نہیں ہے اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، وہ نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں۔ جب وہ ایسا کر لیں گے تو مجھ سے اپنے خون (جانیں) اور اموال کو محفوظ کر لیں گے، ماسوا ان (جان و مال) کے، اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔

سوال نمبر 2:- ''اربعین'' کے مصنف کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟

## جواب: مصنف ''اربعین'' کا تعارف:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مشہور ارشاد گرامی ہے: میری امت میں سے جو شخص چالیس احادیث دین سے متعلق یاد کرے گا، تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے اس حال میں اٹھائے گا کہ وہ فقیر عالم ہوگا۔

اس ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کرتے ہوئے کثیر علماء کرام نے ''اربعین'' کے نام سے کتب تالیف کیں۔ ان میں سے چند ایک کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں:

(۱) عبداللہ بن مبارک، (۲) حسن بن سفیان نسائی، (۳) ابوبکر آجری، (۴) یحییٰ بن شرف نووی، (۵) ابو محمد بن ابراہیم اصفہانی، (۶) عبداللہ بن محمد انصاری وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ۔

تمام مصنفین ''اربعین'' میں سے ''اربعین نووی'' کو جو شہرت عام حاصل ہوئی، وہ کسی دوسری کو حاصل نہ ہو سکی۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مختصر تعارف درج ذیل ہے:

### ولادت اور نام ونسب:

''اربعین نووی'' کے مصنف کا پورا نام یوں ہے: شیخ الاسلام ابوزکریا یحییٰ بن شرف بن مری بن حسن بن حسین بن محمد بن جمعہ بن حزام۔ آپ ۶۳۱ھ دمشق کے شہر ''حواران'' کے مضافات میں ''نوی'' نامی قصبہ میں پیدا ہوئے۔ جائے پیدائش کی نسبت سے آپ ''امام نووی'' کہلاتے تھے۔

### حصول علم:

حضرت امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ سن شعور کو پہنچتے ہی حصول علم کی طرف مائل ہوئے، قرآن کریم سے حصول علم کا آغاز کیا۔ وقت کے ممتاز محدثین اور فقہاء سے آپ نے حدیث، فقہ اور دوسرے علوم حاصل کیے۔

### یادگار تصانیف:

علوم اسلامیہ کی تکمیل کے بعد آپ نے درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کا ایسا سلسلہ شروع کیا، جو تاحیات جاری رہا۔ جہاں آپ نے کثیر تعداد میں علماء پیدا کیے وہاں تصانیف کا بھی ذخیرہ جمع کیا۔ آپ کی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



تصانیف میں سے چند ایک کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) التبیان، (۲) مختصر اسد الغابہ، (۳) مناقب شافعی، (۴) المنہاج فی شرح مسلم بن الحجاج، (۵) تہذیب الاسماء واللغات، (۶) روضۃ الطالبین، (۷) ریاض الصالحین، (۸) الاذکار المنتخبۃ من کلام سید الابرار، (۹) الاربعین النوویہ، (۱۰) الخلاصۃ فی احادیث الاحکام، (۱۱) الارشاد وغیرہ۔

**الاربعین النوویۃ:**

دیگر علماء وفضلاء نے ایک موضوع پر ''اربعین'' تالیف کی ہیں مثلاً فضائل رسول صلی اللہ علیہ وسلم، فضائل صحابہ کرام، نماز، روزہ اور حج وغیرہ پر، مگر امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں مختلف موضوعات پر احادیث جمع کی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی اربعین کو شہرت دوام حاصل ہوئی۔

''الاربعین النوویۃ'' کی اہمیت کے پیش نظر تالیف سے لیکر تا دور حاضر یعنی ہر دور میں مختلف زبانوں میں اس کے تراجم، حواشی اور شروحات لکھی گئی ہیں۔ چند شارحین کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں:

(۱) حافظ زید الدین بن عبد الرحمٰن بن احمد۔

۲- علامہ جمال الدین یوسف بن حسن تبریزی۔

(۳) علامہ تاج الدین عمر بن علی فاکہانی۔

(۴) علامہ برہان الدین ابراہیم بن احمد خجندی وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ۔

**وصال:**

آپ تاحیات درس وتصنیف میں مصروف بالآخر ۶۷۶ھ میں وصال فرمایا۔ شرح صحیح مسلم، ریاض الصالحین اور اربعین نووی آپ کی یادگار تصانیف ہیں۔

## حصہ دوم...... عربی ادب

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں؟

(الف) هذا كتابه، (ب) انا اقرء في كتابي، (ج) أين تذهب؟ (د) سعيد يطلب الماء، (ه) اذهب الى السوق، (و) هو يصلي، (ز) هذا لوح طارق

(ب) درج ذیل الفاظ کو مفید عربی جملوں میں استعمال کریں؟

(الف) صديق، (ب) ورق، (ج) دواة، (د) تفاح، (ه) شجر، (و) طفل

**جواب: (الف) جملوں کا اردو میں ترجمہ:**

(الف) یہ اس کی کتاب ہے۔ (ب) میں اپنی کتاب میں پڑھتا ہوں۔ (ج) تو کہاں جائے گا؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(د) سعید پانی مانگتا ہے۔

## (ب) الفاظ کا مفید جملوں میں استعمال:

(الف) احمد صدیقی، (ب) هذا ورق کتابی، (ج) الدواة فی المحفظة، (د) التفاح ثمر لذیذ، (ہ) هذا ظل شجر ۔

سوال نمبر 4:- (الف) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟

(الف) یہ میرا بیگ ہے۔ (ب) یہ بچے کا قلم ہے۔ (ج) یہ تمہارا دوست ہے۔

(د) یہ خالد کی بلی ہے۔ (ھ) یہ چھوٹی گائے ہے۔

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھیں؟

(الف) کتاب، (ب) شجر، (ج) کبیر، (د) قلم، (ہ) مسجد، (و) غرفة

## جواب: (الف) اردو جملوں کی عربی:

(الف) هٰذِهٖ مَحْفَظَةٌ، (ب) هٰذَا قَلَمُ وَلَدٍ، (ج) هٰذَا صَدِيْقُكَ، (د) هٰذِهٖ هِرَّةُ خَالِدٍ، (ھ) هٰذِهٖ بَقَرَةٌ صَغِيْرَةٌ ۔

## (ب) مفرد الفاظ کی جمع:

(الف) كُتُبٌ، (ب) اَشْجَارٌ، (ج) كِبَارٌ، (د) اَقْلَامٌ، (ہ) مَسَاجِدُ، (و) غُرَفَاتٌ ۔

سوال نمبر 5:- (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کی عربی لکھیں؟

(الف) چوہا، (ب) تختہ سیاہ، (ج) چٹائی، (د) بکری، (ھ) سائیکل، (و) پرندہ

(ب) درج ذیل کے عربی جوابات لکھیں؟

(الف) هل خالد یقرأ فی کتابه؟ (ب) هل تکتب بالقلم؟ (ج) هل ادخل فی الغرفة؟ (د) این یذهب صدیقه؟ (ہ) هل تنام فی المهد؟

## جواب: (الف) الفاظ کی عربی:

(الف) فَارٌ، (ب) سَبُّوْرَةٌ، (ج) حَصِيْرٌ، (د) شَاةٌ، (ھ) دَرَّاجَةٌ، (و) طَائِرٌ ۔

## (ب) عربی میں جوابات:

(الف) نَعَمْ، خَالِدٌ يَقْرَأُ فِيْ كِتَابِهٖ ۔ (ب) نَعَمْ، اَنَا اَكْتُبُ بِالْقَلَمِ ۔ (د) نَعَمْ، اُدْخُلْ فِي الْغُرْفَةِ ۔ (د) صَدِيْقُهٗ يَذْهَبُ اِلٰى بَيْتِهٖ ۔ (ہ) نَعَمْ، اَنَامُ فِي الْمَهْدِ ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/ 2021ء

### تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

## حصہ اوّل......عقائد

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) کیا اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات ازلی وابدی ہیں؟

(ب) مخلوق کا رزق حقیقی کون ہے؟

(ج) نبی کسے کہتے ہیں؟

(د) چار مشہور آسمانی کتابیں کون سی ہیں؟

(ھ) قبر میں مردے سے کون سے تین سوالات کیے جاتے ہیں؟

(و) تقدیر کیا ہے؟

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) کوئی سی پانچ علاماتِ قیامت بیان کریں؟

(ب) چار مشہور فرشتوں کے نام تحریر کریں؟

(ج) جنوں کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟

(د) امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ھ) تمام نبیوں میں سب سے افضل نبی کون ہیں اور انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

(و) معجزہ کسے کہتے ہیں؟

## حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) وضو کی کوئی سی پانچ سنتیں تحریر کریں؟

(ب) غسل کے فرائض تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ج) حیض کی کم از کم اور زیادہ مدت کتنی ہے؟

(د) تیمّم کے فرائض تحریر کریں؟

(ھ) جس پر غسل فرض ہے وہ کیا کیا کر سکتا ہے؟

(و) بغیر طہارت کے نماز ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) مقیم اور مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت کیا ہے؟

(ب) کن جانوروں کا جھوٹا مشکوک ہے؟ (ج) طہارت کی قسمیں بیان کریں؟

(د) سنت مؤکدہ کیا ہے؟

(ھ) وضو کی فضیلت کے بارے کوئی ایک فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم لکھیں؟

(و) مسح کسے کہتے ہیں؟

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2021ء

### تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

### ﴿حصہ اوّل ..... عقائد﴾

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) کیا اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات ازلی وابدی ہیں؟

(ب) مخلوق کا رازقِ حقیقی کون ہے؟

(ج) نبی کسے کہتے ہیں؟

(د) چار مشہور آسمانی کتابیں کون سی ہیں؟

(ھ) قبر میں مردے سے کون سے تین سوالات کیے جاتے ہیں؟

(و) تقدیر کیا ہے؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) اللہ کی ذات وصفات ازلی وابدی:

بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی ذات ازلی اور ابدی ہے یعنی وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ باقی رہے گا اور اس کی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



وصفات ختم نہیں ہوں گی۔

**(ب) نبی:**

وہ بشر ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے بندوں کی ہدایت وراہنمائی کے لیے منتخب کر کے مبعوث کرتا ہے، وہ نبی ہے۔

**(ج) مخلوق کا رازق حقیقی:**

بلاشبہ حقیقی رازق اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ چنانچہ ارشاد خداوندی ہے: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ۝ بے شک اللہ ہی بڑا رزق دینے والا، قوت والا اور قدرت والا ہے۔

**(د) چار مشہور آسمانی کتابیں:**

چار مشہور آسمانی کتابیں، چار مشہور انبیاء علیہم السلام پر اتاری گئیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر، (۲) تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر، (۳) انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر، (۴) قرآن کریم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

**(ھ) قبر میں کیے جانے والے تین سوال:**

قبر میں مردے سے تین سوال کیے جاتے ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) مَنْ رَّبُّكَ؟ (تیرا رب کون ہے؟)، (۲) مَا دِيْنُكَ؟ (تیرا دین کیا ہے؟)، (۳) مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ؟ (اس ذات کے بارے میں تو کیا کہتا تھا؟)

**(و) تقدیر:**

ہم جو کچھ نیکی یا برائی کرتے ہیں، وہ سب اللہ تعالیٰ کے علم ازلی کے مطابق ہوتا ہے یعنی جیسا ہونے والا تھا، اور جیسا کوئی کرنے والا تھا، اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے علم ازلی سے جانا اور وہی لکھ لیا، اس کا نام تقدیر ہے۔

سوال نمبر 2:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) کوئی سی پانچ علاماتِ قیامت بیان کریں؟

(ب) چار مشہور فرشتوں کے نام تحریر کریں؟

(ج) جنوں کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟

(د) امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ھ) تمام نبیوں میں سب سے افضل نبی کون ہیں اور انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(و) معجزہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: (الف) پانچ علامات قیامت:

پانچ علامات قیامت درج ذیل ہیں:

(۱) علماء حق اٹھا لیے جائیں گے اور جہالت عام ہوگی۔

(۲) شراب نوشی، حرام کاری، بے حیائی اور زنا کاری عام ہوگی۔

(۳) مرد کم اور عورتیں زیادہ ہوں گی، ایک مرد کی سرپرستی میں پچاس عورتیں ہوں گی۔

(۴) بڑے دجال کے علاوہ تیس دجال پیدا ہوں گے، جو نبوت کا دعویٰ کریں گے، حالانکہ نبوت ختم ہو چکی ہے۔

(۵) دین پر قائم رہنا مشکل ہو جائے گا، جس طرح مٹھی میں انگارہ۔

(ب) چار مشہور فرشتے:

چار مشہور فرشتوں کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) حضرت جبرائیل، (۲) حضرت اسرافیل، (۳) حضرت میکائیل، (۴) حضرت عزرائیل علیہم السلام۔

(ج) جنوں کی پیدائش:

جنات کی پیدائش آگ سے ہوئی، انسان کی طرح بنی نوع آدم ہیں، ان کی نسل بڑھتی ہے، کھاتے پیتے ہیں، پیدا ہوتے اور مرتے بھی ہیں۔ ان میں مسلمان بھی ہوتے اور کافر بھی، مرد ہوتے ہیں، عورتیں بھی، نیک ہوتے ہیں اور فاسق بھی۔

(د) امام مہدی:

آئمہ اثنا عشریہ میں سے امام مہدی رضی اللہ عنہ آخری امام اور خلیفۃ اللہ فی الارض ہیں۔ آپ کا نام محمد، باپ کا نام عبداللہ اور والدہ ماجدہ کا نام آمنہ ہوگا۔ نسبی طور پر سیّد حسنی، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد سے ہوں گے۔ چالیس سال کی عمر میں آپ کا ظہور ہوگا، ساٹھ سال آپؓ خلافت کریں گے، پھر آپ کا وصال ہوگا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ کی نماز جنازہ پڑھائیں گے۔

(ھ) افضل الانبیاء نبی:

تمام انبیاء کرام سے افضل اور سب کے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، آپ کو سید المرسلین، امام الانبیاء اور افضل الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم بھی کہا جاتا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



### (و) معجزہ:

اعلان نبوت کے بعد نبی سے جو عمل خلاف عادت ظاہر ہو، اسے معجزہ کہا جاتا ہے۔ معجزہ نبی کی نبوت کی دلیل ہوتا ہے۔

## حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر 3:- درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) وضو کی کوئی سی پانچ سنتیں تحریر کریں؟

(ب) غسل کے فرائض تحریر کریں؟

(ج) حیض کی کم از کم اور زیادہ مدت کتنی ہے؟

(د) تیمم کے فرائض تحریر کریں؟

(ھ) جس پر غسل فرض ہے وہ کیا کیا کر سکتا ہے؟

(و) بغیر طہارت کے نماز ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

### جواب: (الف) وضو کی پانچ سنتیں:

وضو کی پانچ سنتیں درج ذیل ہیں:

(۱) نیت کرنا، (۲) بسم اللہ پڑھنا، (۳) مسواک کرنا، (۴) ہر عضو کو تین بار دھونا، (۵) بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔

### (ب) غسل کے فرائض:

غسل میں تین امور فرض ہیں:

(۱) کلی کرنا، (۲) ناک میں پانی ڈالنا، (۳) تمام جسم پر پانی بہانا۔

### (ج) حیض کی مدت:

حیض اس خون کو کہا جاتا ہے، جو عورت کو ہر مہینے مخصوص مقام سے آتا ہے، اس کی کم از کم مدت تین دن ہے اور زیادہ سے زیادہ دس ایام ہے۔ جو خون تین دن سے کم آیا یا دس دن سے زیادہ آیا، وہ حیض نہیں ہوگا، بلکہ وہ استحاضہ ہوگا۔

### (د) تیمم کے فرائض:

تیمم، وضو کا نائب ہے یعنی پانی دستیاب نہ ہونے کی صورت میں تیمم کیا جائے گا۔ تیمم کے تین فرض

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ہیں:

(۱) نیت کرنا، (۲) پاک مٹی پر ایک ضرب لگا کر چہرے کا مسح کرنا، (۳) دوسری ضرب لگا کر اپنے دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا ہے۔

## (ھ) جنبی کیا کر سکتا ہے:

جنبی آدمی حالت جنابت میں صفا و مروہ کا طواف کر سکتا ہے، مگر بیت اللہ کا طواف نہیں کر سکتا۔ جنبی آدمی حالت جنابت میں روزہ رکھ سکتا ہے، مگر نماز نہیں پڑھ سکتا۔ وہ تلاوت قرآن سن سکتا ہے، مگر خود تلاوت نہیں کر سکتا۔ وہ نیک امور جن کو وہ انجام نہیں دے سکتا، ان کی راہنمائی کر سکتا ہے یعنی نماز وغیرہ ادا کرنے کا طریقہ بتانا وغیرہ۔

## (و) بغیر طہارت نماز ادا کرنے کا حکم:

نماز ادا کرنے کے لیے طہارت (وضو و غسل) شرط ہے، اس کے بغیر نماز ادا کرنا حرام ہے۔ جو نماز طہارت کے بغیر ادا کی جائے، وہ قبول نہیں ہوتی، طہارت کے بعد اس کا لوٹانا ضروری ہے۔ اسے جائز سمجھنا کفر ہے۔

سوال نمبر 4:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) مقیم اور مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت کیا ہے؟

(ب) کن جانوروں کا جھوٹا مشکوک ہے؟

(ج) طہارت کی قسمیں بیان کریں؟

(د) سنت مؤکدہ کیا ہے؟

(ھ) وضو کی فضیلت کے بارے کوئی ایک فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم لکھیں؟

(و) مسح کسے کہتے ہیں؟

## جواب: (الف) موزوں پر مسح کی مدت:

شریعت نے موزوں پر مسح کی اجازت دی ہے۔ مقیم کے لیے موزوں پر مسح کی مدت ایک دن اور ایک رات ہے۔ مسافر کے لیے یہ مدت تین دن اور تین رات ہے، چونکہ مسافر حالت مشقت میں ہوتا ہے، اس لیے شریعت نے اس کے لیے زیادہ سہولت فراہم کی ہے۔

## (ب) وہ جانور جن کا جھوٹا مشکوک:

گدھے اور خچر وغیرہ جانوروں کا جھوٹا مشکوک ہے، یعنی ان کا جھوٹا یقینی طور پر پاک نہیں ہے۔ لہٰذا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اس سے وضو، یا غسل کرنا جائز نہیں ہے۔

## (ج) طہارت کی اقسام:

طہارت کی دو اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) طہارت صغریٰ: اس سے مراد چھوٹی پاکی ہے مثلاً وضو وغیرہ۔

(۲) طہارت کبریٰ: اس سے مراد بڑی پاکی ہے مثلاً غسل وغیرہ۔

## (د) سنت مؤکدہ:

اس سے مراد ایسا طریقہ ہے، جسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ اختیار کیا ہو، نیز آپ نے اس کی تاکید فرمائی ہو، اس کے بجالانے سے ثواب حاصل ہوگا اور جو اسے چھوڑنے کی عادت بنائے گا، وہ سزا کا حقدار ہوگا مثلاً نماز ظہر میں فرض سے پہلے کی چار سنت وغیرہ۔

## (ہ) وضو کی فضیلت میں ایک حدیث:

سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَلصَّلٰوۃُ مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ وَالْوُضُوْءُ مِفْتَاحُ الصَّلٰوۃِ یعنی نماز جنت کی چابی ہے اور وضو نماز کی چابی ہے۔

## (و) مسح:

لفظ "مسح" کا معنیٰ ہے: ہاتھ پھیرنا۔ اس کا اصطلاحی مفہوم ہے: بوقت وضو ہاتھ، چہرہ اور پاؤں کو پانی سے دھویا جائے جبکہ چوتھائی سر پر یا پورے سر پر تر ہاتھ پھیرنے کو مسح کہا جاتا ہے۔ نیز بوقت وضو پاؤں دھونے کی بجائے موزوں پر ہاتھ پھیرنے کو بھی مسح کہا جاتا ہے۔ وضو کے وقت سر پر اور موزوں پر مسح کرنا فرض ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books:



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/ 2021ء

### چوتھا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے　　　　　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

(ب) "اَلنَّصْرُ" مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 2:- (الف) باب "سَمِعَ یَسْمَعُ" سے صرف صغیر تحریر کریں؟ ۱۵

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے دو اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

مہموز العین، اجوف یائی، لفیف، مضاعف ثلاثی

سوال نمبر 3:- (الف) فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ لکھیں اور "اَلْفَتْحُ" مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان تحریر کریں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) مصدر اور مشتق کا اصطلاحی معنی مع امثلہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے صیغے بتائیں؟ ۵×۵=۲۵

تَضْرِبْنَ، لَمْ تَسْمَعِیْ، فَاتِحَةٌ، اُنْصُرْ، کَرُمْتَ، صُرِفْتَ، اُکْرِمَ

سوال نمبر 5:- (الف) ماضی استمراری، فعل امر اور صفت مشبہ کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

(ب) فعل ماضی قریب کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2021ء

## چوتھا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1:-(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں؟
(ب) "اَلنَّصْرُ" مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں؟

**جواب: (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض:**

۱-علم صرف: اس علم کو کہتے ہیں، جس سے ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے بنانے کا طریقہ معلوم ہو، کلمہ کی گردان اور تبدیلی و تعلیل معلوم ہو۔

۲-موضوع: کلمہ گردان اور تبدیلی و تعلیل کی حیثیت ہے۔

۳-غرض وغایت: گردان اور تبدیلی وغیرہ میں غلطی سے بچنا۔

**(ب) "اَلنَّصْرُ" سے فعل مضارع معروف کی گردان مع ترجمہ:**

| گردان فعل مضارع | ترجمہ |
|---|---|
| ۱- يَنْصُرُ: | وہ ایک آدمی مدد کرتا ہے یا مدد کرے گا۔ |
| ۲- يَنْصُرَانِ: | وہ دو آدمی مدد کرتے ہیں یا مدد کریں گے۔ |
| ۳- يَنْصُرُوْنَ: | وہ سب آدمی مدد کرتے ہیں یا مدد کریں گے۔ |
| ۴- تَنْصُرُ: | وہ ایک عورت مدد کرتی ہے یا مدد کرے گی۔ |
| ۵- تَنْصُرَانِ: | وہ دو عورتیں مدد کرتی ہیں یا کریں گی۔ |
| ۶- يَنْصُرْنَ: | وہ سب عورتیں مدد کرتی ہیں یا مدد کریں گی۔ |
| ۷- تَنْصُرُ: | تو ایک مرد مدد کرتا ہے یا مدد کرے گا۔ |
| ۸- تَنْصُرَانِ: | تم دو مرد مدد کرتے ہو یا مدد کرو گے۔ |
| ۹- تَنْصُرُوْنَ: | تم سب مرد مدد کرتے ہو یا کرو گے۔ |
| ۱۰- تَنْصُرِيْنَ: | تو ایک عورت مدد کرتی ہے یا مدد کرے گی۔ |
| ۱۱- تَنْصُرَانِ: | تم دو عورتیں مدد کرتی ہو یا مدد کرو گی۔ |
| ۱۲- تَنْصُرْنَ: | تم سب عورتیں مدد کرتی ہو یا مدد کرو گی۔ |
| ۱۳- اَنْصُرُ: | میں ایک مرد یا عورت مدد کرتا/کرتی ہوں یا مدد کروں گا/کروں گی۔ |
| ۱۴- نَنْصُرُ: | ہم دو مرد یا دو عورتیں، سب مرد یا سب عورتیں مدد کرتے ہیں یا کریں گے۔ |

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر 2:- (الف) باب "سَمِعَ يَسْمَعُ" سے صرف صغیر تحریر کریں؟

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟

مہموز العین، اجوف یائی، لفیف، مضاعف ثلاثی

**جواب: (الف) باب "سَمِعَ يَسْمَعُ" سے صرف صغیر:**

سَمِعَ يَسْمَعُ سَمْعًا فَهُوَ سَامِعٌ وَسُمِعَ يُسْمَعُ سَمْعًا فَذَاكَ مَسْمُوْعٌ لَمْ يَسْمَعْ لَمْ يُسْمَعْ لَا يَسْمَعُ لَا يُسْمَعُ لَنْ يَّسْمَعَ لَنْ يُّسْمَعَ الامر منه اِسْمَعْ لِتُسْمَعْ لِيَسْمَعْ لِيُسْمَعْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَسْمَعْ لَا تُسْمَعْ لَا يَسْمَعْ لَا يُسْمَعْ الظرف منه مَسْمَعٌ مَسْمَعَانِ مَسَامِعُ مُسَيْمِعٌ وَالْاٰلَةُ الصُّغْرٰى مِنْهُ مِسْمَعٌ مِسْمَعَانِ مَسَامِعُ مُسَيْمِعٌ وَالْاٰلَةُ الْوُسْطٰى مِنْهُ مِسْمَعَةٌ مِسْمَعَتَانِ مَسَامِعُ مُسَيْمِعَةٌ وَالْاٰلَةُ الْكُبْرٰى مِنْهُ مِسْمَاعٌ مِسْمَاعَانِ مَسَامِيْعُ مُسَيْمِيْعٌ وَمُسَيْمِعَةٌ وَافْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرُ مِنْهُ اَسْمَعُ اَسْمَعَانِ اَسْمَعُوْنَ اَسَامِعُ اُسَيْمِعٌ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ سُمْعٰى سُمْعَيَانِ سُمْعَيَاتٌ سُمَعٌ سُمَيْعٰى وَفَعَلَا التعجب مِنْهُ مَا اَسْمَعَهٗ وَاَسْمِعْ بِهٖ وَاَسْمَعَ يَاسَمِعَتْ ۔

**(ب) اصطلاحات صرف کی تعریفات:**

۱- مہموز العین: وہ کلمہ ہے، جس کے عین کلمہ میں ہمزہ ہو مثلاً سُؤَالٌ، سَئَلَ۔

۲- اجوف یائی: وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ میں یاء ہو مثلاً بَيْعٌ، بَاعَ۔

۳- لفیف: وہ کلمہ ہے، جس میں دو حرف علت اکٹھے آجائیں، اس کی دو اقسام ہیں: (i) لفیف مفروق: وہ کلمہ ہے، جس کے فاء اور لام کلمہ میں حروف علت ہوں مثلاً وَفْيٌ، وَقٰى۔

(ii) لفیف مقرون: وہ کلمہ ہے، جس کے عین اور لام کلمہ میں حروف علت ہوں مثلاً طَيٌّ طَوٰى۔

۴- مضاعف: وہ کلمہ ہے جس میں ایک جنس کے دو حروف اکٹھے آجائیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) مضاعف ثلاثی: وہ کلمہ ہے، جس میں تین حروف اصلی ہوں جیسے مَدٌّ مَدَّ۔

(ii) مضاعف رباعی: وہ کلمہ ہے، جس میں چار حروف اصلی ہوں مثلاً زِلْزَالٌ زَلْزَلَ۔

سوال نمبر 3:- (الف) فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ لکھیں اور "اَلْفَتْحُ" مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان تحریر کریں؟

(ب) مصدر اور مشتق کا اصطلاحی معنی مع امثلہ تحریر کریں؟

**جواب: (الف) فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ اور "اَلْفَتْحُ" سے فعل ماضی معروف کی گردان:**

۱- فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ: فعل ماضی، مصدر سے بناتے ہیں، فاء کلمہ فتح دیتے ہیں، عین کلمہ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



کو باب کی مناسبت سے حرکت دیتے اور لام کلمہ کو فتح دیتے ہیں اور آخر میں تنوین ہو تو اسے حذف کر دیتے ہیں، کیونکہ تنوین اسم کی علامت ہے۔ لام کلمہ کو فتح دینے کی وجہ یہ ہے کہ ماضی مبنی بر فتح ہوتی ہے۔

۲۔ "اَلْفَتْحُ" سے فعل ماضی معروف کی گردان: "اَلْفَتْحُ" سے فعل ماضی معروف کی گردان درج ذیل ہے:

فَتَحَ، فَتَحَا، فَتَحُوْا، فَتَحَتْ، فَتَحَتَا، فَتَحْنَ، فَتَحْتَ، فَتَحْتُمَا، فَتَحْتُمْ، فَتَحْتِ، فَتَحْتُمَا، فَتَحْتُنَّ، فَتَحْتُ، فَتَحْنَا۔

(ب) مصدر اور مشتق کا اصطلاحی معنی مع امثلہ:

۱۔ مصدر کا اصطلاحی معنی: وہ اسم ہے، جس سے دوسرے کلمات بنائے جائیں مثلاً ضَـرْبٌ۔ اس سے افعال بنائے جاتے ہیں اور افعال سے اسماء مشتقات بنائے جاتے ہیں۔

۲۔ مشتق: وہ کلمہ ہے، جو بنایا گیا ہو جیسے ضَرْبٌ سے ضَرَبَ، یَضْرِبُ سے ضَارِبٌ اور یُضْرَبُ سے مَضْرُوْبٌ بنایا جاتا ہے۔

سوال نمبر 4:- درج ذیل الفاظ کے صیغے بتائیں۔

تَضْرِبْنَ، لَمْ تَسْمَعِیْ، فَاتِحَةٌ، اُنْصُرْ، کَرُمْتَ، صَرَّفَ، اُکْرِمَ

جواب: الفاظ کے صیغے:

۱۔ تَضْرِبْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ۔

۲۔ لَمْ تَسْمَعِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل نفی جحد بلم معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعِلَ یَفْعَلُ۔

۳۔ فَاتِحَةٌ: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعَلُ۔

۴۔ اُنْصُرْ: صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعُلُ۔

۵۔ کَرُمْتَ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعُلَ یَفْعُلُ۔

۶۔ صَرَّفَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مزید بے ہمزہ وصل صحیح از باب تفعیل۔

۷۔ اُکْرِمَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔

سوال نمبر 5:- (الف) ماضی استمراری، فعل امر اور صفت مشبہ کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟

(ب) فعل ماضی قریب کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) ماضی استمراری، فعل امر اور صفت مشبہ کی تعریفات مع امثلہ:

۱۔ ماضی استمراری: وہ فعل ہے، جس میں گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کا جاری ہونا سمجھا جائے مثلاً کَانَ یَضْرِبُ (وہ ایک آدمی مار رہا تھا)

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



۲۔فعل امر: وہ فعل ہے، جس میں استعلاء کی بناء پر کسی کام کرنے کا حکم دیا جائے مثلاً اِضْــرِبْ (تو ایک مرد مار)

۳۔صفت مشبہ: وہ اسم مشتق ہے، جس میں مصدری معنیٰ کی زیادتی پائی جائے مثلاً عَلَّامَۃٌ (یعنی بہت زیادہ علم رکھنے والا)

## (ب) فعل ماضی قریب کی گردان مع ترجمہ:

| گردان ماضی قریب | ترجمہ |
|---|---|
| ۱۔قَدْ ضَرَبَ | مارا اس ایک آدمی نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۲۔قَدْ ضَرَبَا | مارا ان دوسروں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۳۔قَدْ ضَرَبُوْا | مارا ان سب مردوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۴۔قَدْ ضَرَبَتْ | مارا اس ایک عورت نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۵۔قَدْ ضَرَبَتَا | مارا ان دو عورتوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۶۔قَدْ ضَرَبْنَ | مارا ان سب عورتوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۷۔قَدْ ضَرَبْتَ | مارا تو ایک مرد نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۸۔قَدْ ضَرَبْتُمَا | مارا تم دو مردوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۹۔قَدْ ضَرَبْتُمْ | مارا تم سب مردوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۱۰۔قَدْ ضَرَبْتِ | مارا تو ایک عورت نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۱۱۔قَدْ ضَرَبْتُمَا | مارا تم دو عورتوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۱۲۔قَدْ ضَرَبْتُنَّ | مارا تم سب عورتوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۱۳۔قَدْ ضَرَبْتُ | مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے گزشتہ زمانہ قریب میں |
| ۱۴۔قَدْ ضَرَبْنَا | مارا ہم دو مرد یا دو عورتوں یا سب مرد یا سب عورتوں نے گزشتہ زمانہ قریب میں |

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/ 2021ء

### پانچواں پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:- (الف) علم نحو کی تعریف، موضوع، غرض اور واضع کا نام تحریر کریں؟ ۵×۴=۲۰

(ب) درج ذیل اصطلاحات میں سے چار کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟ ۵×۴=۲۰

مرکب مفید، مرکب اضافی، مبنی، امر، استفہام، قسم

سوال نمبر 2:- (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین اسماء کا اعراب تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

مفرد منصرف صحیح، اسماء ستہ مکبرہ، جمع مکسر منصرف، غیر منصرف

(ب) اسمِ غیر متمکن کی اقسام لکھیں اور اسمِ ظرف کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟ ۸+۷=۱۵

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی ترکیب کریں؟ ۳×۵=۱۵

ذَهَبَ خَالِدٌ، زَيْدٌ قَائِمٌ، مَرَرْتُ بِعَمْرٍو، اِضْرِبْ زَيْدًا

(ب) جملہ کی اقسام مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۸+۷=۱۵

سوال نمبر 4:- (الف) غیر منصرف کی تعریف لکھیں اور اسباب منع صرف تحریر کریں؟ ۶+۹=۱۵

(ب) معرفہ کی تعریف، مثال اور اقسام تحریر کریں؟ ۵+۳+۷=۱۵

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2021ء

## پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر 1:-(الف) علم نحو کی تعریف، موضوع، غرض اور واضع کا نام تحریر کریں؟

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟

مرکب مفید، مرکب اضافی، مبنی، امر، استفہام، قسم

### جواب: (الف) علم نحو کی تعریف، موضوع، غرض اور واضع کا نام:

۱۔علم نحو کی تعریف: ان بنیادی باتوں کو جاننے کا نام ہے، جن کے ذریعے سے اسم، فعل، حرف کی باہمی ترکیب اور اعراب و بنا کے لحاظ سے ان کے آخر کی کیفیت معلوم ہو۔

۲۔نحو کا موضوع: کلمہ اور کلام۔

۳۔غرض وغایت: عربی زبان میں ذہن کو اعرابی غلطی سے بچانا۔

۴۔واضع: علم نحو کے واضع کی حیثیت سے تین نام سامنے آتے ہیں:

(۱) حضرت علی، (۲) حضرت عمر، (۳) حضرت ابو اسود دؤیلی رضی اللہ عنہم۔

### (ب) اصطلاحات فن نحو کی تعریفات مع امثلہ:

۱۔مرکب مفید: بات کرنے والا بات کرکے خاموش ہو جائے اور سننے والے کو خبر یا طلب حاصل ہو، اس کو جملہ کہتے ہیں اور کلام بھی مثلاً قَامَ زَيْدٌ۔

۲۔مرکب اضافی: وہ مرکب غیر مفید ہے، جو دو لفظوں سے مل کر بنے پہلے کو مضاف کہتے ہیں اور دوسرے کو مضاف الیہ کہتے ہیں مثلاً غُلَامُ زَيْدٍ۔

۳۔مبنی: وہ اسم ہے جو غیر سے مرکب نہ اور مبنی الاصل سے مشابہت رکھے مثلاً هٰؤُلَاءِ۔

۴۔امر: وہ فعل ہے، جس کے ذریعے استعلاء کی بناء کسی کو کسی کام کا حکم دیا جائے مثلاً اِضْرِبْ (تو مار)

۵۔استفہام: وہ کلمہ ہے، جس کے ذریعے سوال کیا جائے مثلاً أَزَيْدٌ قَائِمٌ؟

۶۔قسم: وہ جملہ ہے، جس کے ذریعے اپنے کلام کو مضبوط کیا جاتا ہے مثلاً وَاللّٰهِ لَاَضْرِبَنَّ زَيْدًا (اللہ کی قسم میں زید کو ضرور ماروں گا)

سوال نمبر 2:-(الف) درج ذیل اسماء کا اعراب تحریر کریں؟

مفرد منصرف صحیح، اسمائے ستہ مکبرہ، جمع مکسر منصرف، غیر منصرف

(ب) اسمِ غیر متمکن کی اقسام لکھیں اور اسمِ ظرف کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## جواب: (الف) اسماء کے اعراب:

۱- مفرد منصرف صحیح: اس کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، نصب فتح لفظی سے اور جر کسرہ لفظی سے آتا جیسے جَاءَ نِیْ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا وَ مَرَرْتُ بِزَیْدٍ۔

۲- اسماء ستہ مکبر: ان کا اعراب رفع واؤ ماقبل مضموم، نصب الف ماقبل مفتوح اور جر یاء ماقبل مکسور سے آتا ہے مثلاً جَاءَ نِیْ اَبُوْكَ، رَأَیْتُ اَبَاكَ وَ مَرَرْتُ بِأَبِیْكَ۔

۳- جمع مکسر منصرف: رفع ضمہ لفظی سے، نصب فتح لفظی سے اور جر کسرہ لفظی سے آتا ہے مثلاً جَاءَ نِیْ رِجَالٌ، رَأَیْتُ رِجَالًا وَ مَرَرْتُ بِرِجَالٍ۔

۴- غیر منصرف: اس کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، نصب اور جر دونوں فتح لفظی سے آتا ہے مثلاً جَاءَنِیْ اَحْمَدُ، رَأَیْتُ اَحْمَدَ وَمَرَرْتُ بِأَحْمَدَ۔

## (ب) اسم غیر متمکن کی اقسام اور اسم ظرف کی تعریف مع مثال:

۱- اسم غیر متمکن کی اقسام: اسم غیر متمکن کی آٹھ اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) مضمرات، (۲) اسماء اشارہ، (۳) اسماء موصولہ، (۴) اسماء افعال، (۵) اسماء اصوات، (۶) اسماء کنایات، (۷) اسماء ظروف، (۸) مرکب بنائی۔

۲- اسم ظرف: وہ اسم ہے، جو کام کرنے کے وقت یا جگہ کو بتائے مثلاً مَضْرِبٌ (مارنے کا ایک وقت یا ایک جگہ)

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل جملوں کی ترکیب کریں؟

ذَھَبَ خَالِدٌ، زَیْدٌ قَائِمٌ، مَرَرْتُ بِعُمَرَ، اِضْرِبْ زَیْدًا

(ب) جملہ کی اقسام مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

## جواب: (الف) جملوں کی ترکیب نحوی:

۱- ذَھَبَ خَالِدٌ: ذَھَبَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف مسند، خَالِدٌ مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوعاً لفظاً مسند الیہ، فعل با فاعل جملہ خبریہ ہوا۔

۲- زَیْدٌ قَائِمٌ: زَیْدٌ مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً مسند الیہ مبتداء قَائِمٌ مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مسند خبر۔ مبتداء اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۳- مَرَرْتُ بِعُمَرَ: مَرَرْتُ فعل با فاعل بِعُمَرَ باء حرف جار عُمَرَ غیر منصرف، جار با مجرور متعلق ہوا ظرف لغو مَرَرْتُ کے، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۴- اِضْرِبْ زَیْدًا: اِضْرِبْ فعل با فاعل زَیْدًا مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی منصوب لفظاً

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## (ب) جملہ کی اقسام:

جملہ کی مشہور دو اقسام ہیں:

(۱) جملہ خبریہ: وہ جملہ ہے، جس کے کہنے والے کو "سچا" یا جھوٹا کہا جا سکے، اور اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) جملہ اسمیہ: وہ جملہ خبریہ ہے، جس کی پہلی جزء اسم ہو مثلاً زَیْدٌ قَائِمٌ۔

(ii) جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے، جس کی پہلی جز فعل ہو مثلاً قَامَ زَیْدٌ۔

(۲) جملہ انشائیہ: وہ جملہ ہے، جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکے، اور جملہ انشاء کی دس اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) امر جیسے اِضْرِبْ، (۲) نہی جیسے لَا تَضْرِبْ، (۳) تمنی جیسے لَیْتَ زَیْدًا حَاضِرٌ، (۴) استفہام جیسے هَلْ ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا، (۵) ترجی جیسے لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ، (۶) عقود جیسے بِعْتُ وَاشْتَرَیْتُ، (۷) ندا جیسے یَا اَللّٰہُ، (۸) عرض جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا، (۹) قسم جیسے وَاللّٰہِ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا، (۱۰) تعجب جیسے مَا اَحْسَنَهٗ وَاَحْسِنْ بِهٖ۔

سوال نمبر 4:-(الف) غیر منصرف کی تعریف لکھیں اور اسباب منع صرف تحریر کریں؟

(ب) معرفہ کی تعریف، مثال اور اقسام تحریر کریں؟

## جواب: (الف) غیر منصرف کی تعریف اور اسباب منع صرف:

۱- غیر منصرف: وہ اسم ہے، جس میں اسباب منع صرف میں سے دو پائے جاتے ہیں، یا ایک سبب پایا جائے جو دو اسباب کے قائمقام ہو۔

۲- اسبابِ منع صرف: اسباب منع صرف نو (۹) ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) عدل، (۲) وصف، (۳) تانیث، (۴) معرفہ، (۵) عجمہ، (۶) جمع، (۷) ترکیب، (۸) الف نون زائدتان، (۹) وزن فعل۔

## (ب) معرفہ کی تعریف، مثال اور اس کی اقسام:

۱- معرفہ: وہ اسم ہے، جو معین چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو مثلاً زَیْدٌ۔

۲- اقسام معرفہ: معرفہ کی سات اقسام ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) مضمرات، (۲) اسماء اشارات، (۳) اسماء موصولہ، (۴) اعلام، (۵) معرف باللام، (۶) ان پانچ میں سے کسی طرف مضاف ہو، (۸) منادیٰ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۲ھ/2021ء

## چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی سے دو، دو سوال حل کریں۔

### حصہ اوّل......جنرل سائنس

سوال نمبر 1:- (الف) خالی جگہیں پُر کریں۔ ۱۰

(۱) زندگی کی ابتداء.......... سے ہوئی۔

(۲) جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو.......... کہتے ہیں۔

(۳) خسرے کے انجیکشن بچے کو.......... سال کی عمر میں دیے جاتے ہیں۔

(۴) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے.......... استعمال ہوتی ہے۔

(۵) مسلمان سائنس دان.......... کو کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟ ۱۰

(۱) کتاب المناظر ''البیرونی'' کی تصنیف ہے۔

(۲) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۳) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔

(۴) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

(۵) جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں۔

سوال نمبر 2:- تین مسلمان سائنسدانوں کے نام اور ان کے اہم کارنامے ذکر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:- ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی کی کوئی مثال دیں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:- ڈینگی بخار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ۱۵

### حصہ دوم......مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:- (الف) خالی جگہیں پُر کریں۔ ۱۰

(۱) قطب الدین ایبک نے.......... برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد رکھی۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۲) 712ھ میں ..........نے سندھ پر حملہ کیا۔

(۳) حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ ..........میں دہلی میں پیدا ہوئے۔

(۴) قائداعظم نے ..........میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔

(۵) شروع شروع میں انگریز..........کی غرض سے برصغیر میں داخل ہوئے۔

(ب) درج ذیل میں سے صرف دو کا مختصر جواب تحریر کریں؟ ۵×۲=۱۰

(۱) انگریز کے خلاف فتویٰ جہاد دینے والی شخصیات کا نام تحریر کریں؟

(۲) امام احمد رضا خاں رحمہ اللہ تعالیٰ نے کس سن میں چار معاشی نکات پیش فرمائے؟

(۳) پاکستان کا نام کس نے تجویز کیا؟

(۴) دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6:- علامہ فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کاوشوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر 7:- انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟ ۱۵

سوال نمبر 8:- تحریک پاکستان کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟ ۱۵

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2021ء

## چھٹا پرچہ: جنرل سائنس و مطالعہ پاکستان

### حصہ اوّل......جنرل سائنس

سوال نمبر 1:- (الف) خالی جگہیں پُر کریں۔

(۱) زندگی کی ابتداء..........سے ہوئی۔

(۲) جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو..........کہتے ہیں۔

(۳) خسرے کے انجیکشن بچے کو..........سال کی عمر میں دیے جاتے ہیں۔

(۴) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے..........استعمال ہوتی ہے۔

(۵) مسلمان سائنس دان..........کو کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔

(۱) کتاب المناظر "البیرونی" کی تصنیف ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


(۲) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۳) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔

(۴) تپ دق لا علاج مرض ہے۔

(۵) جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں۔

**جواب: (الف):**

(۱) پانی، (۲) زوالوجی، (۳) چھ ماہ سے پانچ سال، (۴) الیکٹرو مائیکروسکوپ، (۵) جابر بن حیان۔

**(ب):**

(۱) غلط، (۲) غلط، (۳) صحیح، (۴) غلط، (۵) صحیح

سوال نمبر 2:۔تین مسلمان سائنسدانوں کے نام اور ان کے اہم کارنامے ذکر کریں؟

**جواب: تین مسلمان سائنسدان:**

تین مسلمان سائنسدان اور ان کے اہم کارنامے درج ذیل ہیں:

**(۱) جابر بن حیان:**

جابر بن حیان کو علم کیمیا کا بانی کہا جاتا ہے، جابر بن حیان نے کچ دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنے، فولاد تیار کرنے، چمڑا بنانے اور لوہے کو زنگ سے بچانے کے طریقے معلوم کیے۔

**(۲) محمد بن زکریا الرازی:**

محمد بن زکریا الرازی فن طب میں اپنے زمانے کے علم العلاج سے پوری طرح واقف تھے انہوں نے ہی سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج کے بارے میں روشنی ڈالی۔

**(۳) ابن الہیثم:**

ان کی شہرہ آفاق کتاب کا نام ”کتاب المناظر“ ہے۔ جو روشنی کی خصوصیات کے متعلق ایک جامع تجرباتی وریاضیاتی کتاب ہے۔ ابن الہیثم مرر اور لینز کے علاوہ رفلیکشن اور رفریکشن کے قوانین کا پہلا ماہر تصور کیا جاتا ہے۔ آنکھ کے بارے میں جو تفصیل ابن الہیثم نے اپنی کتاب میں پیش کی تھی وہ آج بھی کئی تجربات کے بعد صحیح تسلیم کی جاتی ہے۔ راجر بیکن نے ابن الہیثم کے مشاہدات سے کام لے کر دوربین ایجاد کیا۔ راجر بیکن نے اپنی تصانیف میں ابن الہیثم کا بار بار ذکر کیا ہے۔

سوال نمبر 3:۔ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی کی کوئی مثال دیں۔

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جواب: ٹیکنالوجی:

ٹیکنالوجی سے مراد صنعتی فنون کا علم، فنون کے ارتقاء کا مطالعہ، تجرباتی سائنسی علوم کے طور پر استعمال کرنا۔

زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی کی مثال:

ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی اشیاء مثلاً کمہار کا چاک، لوہار کی بھٹی، جولاہے کا تکلہ، کسان کا ہل اور رہٹ، چپوؤں سے چلنے والی کشتیاں وغیرہ سب زمانہ قدیم کے علم اور اس کی ٹیکنالوجی پر مشتمل ہیں۔

موجودہ صدی میں ہونے والی مختلف دریافتوں نے مواصلاتی نظام میں لازوال ترقی کی ہے۔ وائرلیس، ٹیلیفون، ریڈیو، ٹیلی ویژن، کمپیوٹر اور مواصلاتی سیاروں نے دنیا بھر کے نظام کو ایک لڑی میں پرو دیا ہے۔ انسان نے خلا میں سفر کو ممکن بنا دیا ہے۔

آج کا دور کمپیوٹر کا دور ہے۔ جدید دور کی یہ اہم ایجاد ہے جس نے زندگی کے ہر شعبے میں انقلاب برپا کر رکھا ہے۔ کمپیوٹر سے ای میل کے ذریعے پیغام رسانی بہت تیز ہو گئی ہے۔ کمپیوٹر نے تصاویر کا حصول بھی بہت آسان بنا دیا ہے۔

کمپیوٹر کی مدد سے گھر بیٹھے ملکی و غیر ملکی معلومات حاصل کر سکتے ہیں' کیونکہ تمام کمپیوٹر انٹرنیٹ کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک کیے جا سکتے ہیں۔ ان معلومات کو ریکارڈ کیا جا سکتا ہے اور بعد میں صحیح طریقے سے سنا اور سمجھا جا سکتا ہے اور حسب ضرورت ان کا پرنٹ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

سوال نمبر 4:- ڈینگی بخار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: ڈینگی بخار:

ڈینگی بخار ڈینگو مچھر سے کاٹنے سے ہوتا ہے۔ یہ مادہ مچھر کے کاٹنے سے پھیلتا ہے۔ اس بخار میں آنکھیں سفید ہونے لگتی ہیں۔ خون میں موجود وائٹ سیلز ختم ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس بخار میں مریض کی موت ہو سکتی ہے۔

ڈینگی بخار میں مریض کو سادہ پانی اور جوس کا استعمال زیادہ سے زیادہ کروایا جائے اور مریض کو الگ کمرے میں رکھا جائے۔ اس کی چارپائی کے گرد جالی دار کپڑا لگایا جائے۔

## حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:- (الف) خالی جگہیں پُر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۱) قطب الدین ایبک نے............ برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد رکھی۔

(۲) 712ھ میں............ نے سندھ پر حملہ کیا۔

(۳) حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ............ میں دہلی میں پیدا ہوئے۔

(۴) قائداعظم نے............ میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔

(۵) شروع شروع میں انگریز............ کی غرض سے برصغیر میں داخل ہوئے۔

(ب) درج ذیل کا مختصر جواب تحریر کریں؟

(۱) انگریز کے خلاف فتویٰ جہاد دینے والی شخصیات کا نام تحریر کریں؟

(۲) امام احمد رضا خاں رحمہ اللہ تعالیٰ نے کس سن میں چار معاشی نکات پیش فرمائے؟

(۳) پاکستان کا نام کس نے تجویز کیا؟

(۴) دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب: (الف):**

(۱) 1206ء، (۲) محمد بن قاسم، (۳) 1703ء، (۴) 1913ء، (۵) تجارت

**جواب: (ب) (۱) انگریز کے خلاف فتویٰ جہاد دینے والی شخصیت:**

حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ وہ مجاہد ہیں جنہوں نے انگریز کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا تھا اور انگریز کی طرف سے رہائی کی پیشکش کے باوجود اپنا فتویٰ واپس نہ لیا اور جیل کی سختیاں برداشت کیں اور جب آپ کی رہائی کا پروانہ آیا تو آپ کا جنازہ جیل سے نکل رہا تھا۔

**(۲) امام احمد رضا خاں رحمہ اللہ تعالیٰ نے جس سن میں چار معاشی نکات پیش فرمائے:**

1912ء میں امام احمد رضا خاں قادری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسالہ "تدبیر فلاح ونجات واصلاح" میں چار معاشی نکات پیش فرمائے۔

**(۳) پاکستان کا نام تجویز کرنے والی شخصیت کا نام:**

پاکستان کا نام 1933ء میں چوہدری رحمت علی نے تجویز کیا۔

**(۴) دوقومی نظریہ کی تعریف:**

دوقومی نظریہ کا مطلب یہ ہے کہ برصغیر میں دو قومیں آباد ہیں ہندو اور مسلم جو اپنے مذہب، زبان، ثقافت اور رہن سہن کے لحاظ سے مختلف ہیں۔ لہٰذا ان کے لیے الگ الگ ملک کا ہونا ضروری ہے۔

سوال نمبر 6:- علامہ فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کاوشوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## جواب: علامہ فضل حق خیر آبادی کی کاوشیں:

یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ برصغیر کے علماء کرام نے ہر مشکل وقت میں قوم کی رہنمائی کی اگرچہ کچھ علماء نے علماء کا کردار بھی ادا کیا۔ لیکن علماء اہلسنّت نے تاریخی کردار ادا کیا۔ چنانچہ تحریک آزادی ہند کے موقع پر بھی علامہ فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ اور دیگر علماء اہلسنّت نے جیل کی سخت سزائیں برداشت کیں لیکن پھر بھی کسی لالچ یا خوف کو خاطر میں لائے بغیر برصغیر کے باشندوں کی آزادی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔

حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ اس جماعت کے سرخیل تھے جن کو جزیرہ انڈیمان میں ''کالا پانی'' کی سزا دی گئی اور اس قدر مصائب ڈھائے گئے کہ اگر پہاڑ پر بھی ڈالے جاتے تو وہ ریزہ ریزہ ہو جاتا۔ آپ نے ان تمام مصائب کا ذکر اپنی شہرہ آفاق، معرکۃ الآراء تصنیف ''رسالہ غدریہ'' میں کیا ہے جسے ''الثورۃ الہندیہ'' کے نام سے مولانا ابوالکلام آزاد نے طبع کرایا۔

''کالا پانی'' کی سزا کے دوران آپ نے یہ کتاب لکھی اور اس وقت آپ کے پاس کاغذ اور قلم کچھ نہ تھا۔ آپ نے یہ کتاب کوئلے سے کپڑوں اور لکڑیوں پر تحریر کی۔ اس کتاب کے تعارفی مضمون میں معروف رائٹر رئیس احمد نے لکھا ہے:

''مولانا فضل حق خیر آبادی یگانہ روزگار تھے۔ عربی کے مانے ہوئے ادیب اور شاعر تھے۔ عقلی علوم کے امام و مجتہد تھے۔ ان سب خصائص کے باوجود ان کی خصوصیت یہ تھی کہ وہ بہت بڑے سیاستدان، مدبر اور مفکر بھی تھے۔ مسند تدریس پر بیٹھ کر وہ علوم و فنون کی تعلیم دیتے تھے اور ایوان حکومت میں پہنچ کر وہ دوررس فیصلے کرتے تھے، وہ بہادر اور شجاع بھی تھے۔ غدر (تحریک آزادی) کے بعد نہ جانے کتنے سورما اور رزم آرا ایسے تھے جو گوشہ عافیت کی تلاش میں مارے مارے پھرتے تھے۔ لیکن مولانا فضل حق ان لوگوں میں سے تھے جو اپنے کیے پر نادم اور پشیمان نہیں تھے۔''

آپ وہ مجاہد تھے جنہوں نے انگریز کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا تھا اور انگریز کی طرف سے رہائی کی پیشکش کے باوجود اپنا فتویٰ واپس نہ لیا اور جیل کی سختیاں برداشت کیں اور جب رہائی کا پروانہ آیا تو آپ کا جنازہ جیل سے نکل رہا تھا۔

سوال نمبر 7:- انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟

## جواب: انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات:

انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات مندرجہ ذیل ہیں:

انگریز محکوم اقوام کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور ہر معاملے میں گورے کو کالے پر ترجیح دیتے تھے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



انگریز اس بات سے ڈرتے تھے کہ کہیں مسلمان دوبارہ اقتدار میں نہ آ جائیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مسلمان کو سیاسی، اقتصادی اور سماجی لحاظ سے کچلنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرتے تھے۔

انگریز حکومت برصغیر کے باشندوں بالخصوص مسلمانوں کو عیسائی بنانے میں دلچسپی لے رہی تھی۔

سرکاری طور پر عیسائیت کی سرپرستی ہونے لگی۔

اسلامی قوانین میں مداخلت شروع کر دی گئی۔

کمپنی کی افواج میں دیسی سپاہیوں کے ساتھ ذلت آمیز اور امتیازی سلوک کیا جاتا تھا۔

مذہب کے خلاف احکام جاری کیے گئے مثلاً کسی سپاہی کو فوجی ملازمت کے دوران داڑھی رکھنے کی اجازت نہ تھی۔

جنگ آزادی کی ایک بڑی وجہ ایک نئی قسم کے رائفل اور چربی والے کارتوس بھی تھے۔ نئے کارتوس پر گائے اور سور کی چربی لگی تھی، اس پر فوجی سپاہی غصے سے بے قابو ہو گئے۔

ان وجوہات کی بناء پر انگریز کے خلاف جنگ آزادی کا آغاز ہو گیا۔

## مشنری پادریوں کی بے لگامی:

چارٹر ایکٹ 1813ء کی رو سے برطانوی حکومت نے مشنری پادریوں کو براعظم میں آنے اور یہاں آباد ہونے کی اجازت دے کر عیسائیت کی تبلیغ میں ایک نیا جوش پیدا کر دیا' یہ مشنری بہت تنگ نظر اور متعصب واقع ہوئے تھے۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ مختلف طریقوں سے عیسائیت کی تبلیغ شروع کر دی بلکہ دیگر مذاہب پر تنقید بھی کرتے اور نازیبا اور بیہودہ تحریروں کے ذریعے نفرت پھیلا رہے تھے۔ اس کے علاوہ سرکاری طور پر عیسائیت کی سرپرستی ہونے لگی۔

سوال نمبر 8:- تحریک پاکستان کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟

## تحریک پاکستان کے محرکات:

برصغیر کے مسلمان جس طرح سیاسی، معاشرتی اور مذہبی حوالے سے انگریز کی سازش کا شکار تھے۔ اس طرح مکار ہندو بھی مسلمانوں کے لیے وبال جان بن چکے تھے اور مسلمانوں کے اقتدار کا سورج ڈوبا' تو ہندوؤں نے بھی مسلمانوں کے خلاف سازشوں کا جال بچھا دیا۔ اس لیے اب ضروری ہو گیا تھا کہ مسلمان ایک علیحدہ مملکت کے قیام کا مطالبہ کریں جس کی بنیاد دوقومی نظریہ کو قرار دیا گیا۔

## فرقہ وارانہ فسادات:

برصغیر میں ہندوؤں کی تعداد مسلمانوں سے زیادہ تھی' اس لیے ہندو مسلم فسادات میں مسلمانوں کا قتل عام کیا جاتا تھا۔ لہٰذا یہ خدشہ موجود تھا کہ انگریز کے جانے کے بعد ہندو "رام راج" کریں گے اور مسلمانوں

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



کے خون سے ہولی کھیلیں گے۔

## معاشرتی حالات:

ہندو ذات پات اور رنگ و نسل کے امتیاز کے نہ صرف قائل تھے بلکہ اس پر عمل کرتے تھے، تو اس وجہ سے یہ خوف موجود تھا کہ مسلمانوں کو دوسرے درجہ کا شہری بنا کر سیاسی آزادی سے بھی محروم کر دیا جائے گا۔

## مسلم زبان و ثقافت کی مخالفت:

انگریز حکومت کی موجودگی میں ہندو ایڑی چوٹی کا زور لگاتے رہے کہ ہندی زبان کو ملک بھر کی زبان کا درجہ مل جائے اور وہ اردو زبان اور مسلم ثقافت کو مٹانے کے درپے تھے۔

## کانگریسی وزارتیں:

1937ء سے 1939ء تک برصغیر میں کانگریسی وزارتیں قائم رہیں۔ اس دوران ہندوؤں نے اپنے اقتدار سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مسلمان قوم کو دبانے اور ان کو ان کے حقوق سے محروم کرنے کا طریقہ اپنائے رکھا، یہ تعصب بھی مسلمانوں کے لیے الگ وطن کے حصول کا سبب بنا۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سالِ اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۳ھ/2022ء

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

## پہلا پرچہ: قرآن مجید وتجوید

نوٹ: تمام سوالات حل کریں ہر سوال کے اندر جزوی رعایت موجود ہے۔

### پہلا حصہ..... قرآن مجید

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل آیات میں سے صرف آٹھ کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟ (۸×۲=۱۶)

(۱) اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

(۲) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ○

(۳) اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ط وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ○

(۴) وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○

(۵) مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ط اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

(۶) قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

(۷) فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ○

(۸) وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۹) هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ۠

(۱۰) وَاِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَیٰطِیْنِهِمْ ۙ قَالُوْۤا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۠

سوال نمبر2:- درج ذیل میں سے صرف سات الفاظ کے معانی لکھیں؟ (۷×۲=۱۴)

اَشْهُرٌ، نُسُكٌ، اَلْبُيُوْتُ، اَلسَّحَابُ الْمُسَخَّرُ، فَاتَّقُوْنِ، قِرَدَةٌ، قِثَّاءٌ، بَعُوْضَةٌ، اَلْعُدْوَانُ

## حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر3:- درج ذیل میں سے صرف تین اجزاء کا جواب دیں؟ ۱۰×۳=۳۰

(۱) حروف شجریہ، حروف لثویہ کی تعریفات اور مثالیں لکھیں؟ (۵+۵=۱۰)

(۲) حروف شجریہ، حروف شمسیہ کی تعریفات اور مثالیں لکھیں؟ (۵+۵=۱۰)

(۳) اصول مخارج کتنے ہیں؟ سب کے نام لکھیں؟ (۲×۵=۱۰)

(۴) ص، ق، ض کے مخارج لکھیں؟ (۳+۳+۴=۱۰)

(۵) صفات لازمہ متضادہ میں سے پانچ کے صرف نام لکھیں؟ (۲×۵=۱۰)

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2022ء

## پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

## پہلا حصہ...... قرآن مجید

سوال نمبر1:- مندرجہ ذیل آیات کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ یَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۠

(۲) اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَیْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۠

(۳) اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِیْقًا مِّنْهُمْ لَیَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ۠

(۴) وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْـًٔا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ○

(۵) مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا ۗ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ○

(۶) قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ○

(۷) فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ○

(۸) وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ○

(۹) هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۗ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ○

(۱۰) وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ○

<u>جواب: آیات کا اُردو ترجمہ:</u>

۱- بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔ وہ لوگ اللہ کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔

۲- بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور وہ حالت کفر میں مر گئے یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔

۳- جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس نبی کو اس طرح پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ ان میں سے ایک فریق یقیناً جان بوجھ کر حق کو چھپاتا ہے۔

۴- اور اس دن سے ڈرو جب کوئی شخص کسی شخص کی طرف سے بدلہ نہیں دے سکے گا۔ اور نہ کسی شخص سے کوئی فدیہ قبول کیا جائے گا۔ اور نہ کسی کو (بلا اذن) کسی کی شفاعت نفع دے گی اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

۵- جو آیت ہم منسوخ کر دیتے ہیں یا جس آیت کو ہم ذہنوں سے محو کر دیتے ہیں، تو ہم اس سے بہتر یا اس کی مثل آیت لے آتے ہیں۔ کیا تو نہیں جانتا کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



۶-آپ کہیے کہ اگر دار آخرت اللہ کے نزدیک اور لوگوں کی بجائے خصوصیت سے تمہارے لیے ہے، تو اگر تم سچے ہو تو موت کی تمنا کرو۔

۷-سو جو قول کہنے کے لیے ان سے کہا گیا تھا اس کو ظالموں نے بدل دیا۔ پس ہم نے ظالموں پر آسمان سے عذاب نازل کیا کیونکہ وہ فسق کرتے تھے۔

۸-اور اس دن سے ڈرو جب کوئی شخص کسی شخص کا بدلہ نہ ہو سکے گا۔ اور نہ کسی شخص کو (بلا اذن الٰہی) شفاعت قبول کی جائے گی۔ اور نہ کسی شخص سے فدیہ قبول کیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

۹-(اللہ) وہی ہے جس نے تمہارے نفع کے لیے زمین میں سب چیزوں کو پیدا کیا۔ پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا، تو اس نے سات ہموار آسمان بنا دیئے اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

۱۰-اور جب یہ ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم ایمان لائے اور جب اپنے شیطانوں کے ساتھ تنہائی میں ہوتے ہیں تو کہتے ہیں: یقیناً ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ہم تو ان کے ساتھ مذاق کرتے ہیں۔

سوال نمبر 2:-درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں؟

أَشْهُرٌ، نُسُكٌ، اَلْبُيُوْتُ، اَلسَّحَابُ الْمُسَخَّرُ، فَاتَّقُوْنِ، قِرَدَةٌ، فِنَاءٌ، بَعُوْضَةٌ، اَلْعُدْوَانُ

جواب: الفاظ کے معانی:

۱-مہینے، ۲-قربانی، ۳-گھر، ۴-بادلوں کو مسخر کیا، ۵-تم مجھ سے ڈرو، ۶-بندر، ۷-لکڑی، ۸-مچھر، ۹-سرکشی

حصہ دوم......تجوید

سوال نمبر 3:-درج ذیل اجزاء کے جوابات دیں

(۱) حروف شجریہ، حروف لثویہ کی تعریفات اور مثالیں لکھیں؟

(۲) حروف قمریہ، حروف شمسیہ کی تعریفات اور مثالیں لکھیں؟

(۳) اصول مخارج کتنے ہیں؟ سب کے نام لکھیں؟

(۴) ص، ق، ض کے مخارج لکھیں؟

(۵) صفات لازمہ متضادہ میں سے پانچ کے صرف نام لکھیں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(۱) حروف شجریہ کی تعریف: جو حروف درمیانی زبان اور مقابل کے تالو سے ادا ہوں اور تین ہیں: ج،

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ش اور ی۔

حروف لثویہ کی تعریف: جو حروف دانتوں کے سروں سے ادا ہوں اور وہ دانت مسوڑھوں میں لگے ہوئے ہوں اور یہ تین ہیں: ث، ذ اور ظ۔

(۲) حروف قمریہ: وہ حروف جن سے پہلے لام تعریف پڑھا جاتا ہے وہ چودہ ہیں جیسے الکتاب وغیرہ۔

حروف شمسیہ: وہ حروف جن سے پہلے لام تعریف نہ پڑھا جاتا ہو جیسے اَلرَّجُلُ . اَلرَّحْمٰنُ وغیرہ

(۳) اصول مخارج کی تعداد و نام: اصول مخارج پانچ ہیں جو یہ ہیں:

۱-حلق، ۲-لسان، ۳-شفتین، ۴-جوف دہن، ۵-خیشوم

(۴) حروف مخارج:

م: نوک زبان اور ثنایا سفلی کے کنارے مع اتصال ثنایا علیا۔

ق: زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ۔

ض: زبان کا بغلی کنارہ اور اوپر والی داڑھوں کی جڑ۔

(۵) صفات لازمہ متضادہ: پانچ صفات لازمہ متضادہ یہ ہیں:

۱-ہمس، ۲-شدت ۳-توسط، ۴-استعلاء ۵-رخاوت وغیرہ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۳ھ/2022ء

### دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اول کے دونوں سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم سے کوئی دوسوال حل کریں۔

### حصہ اول......حدیث

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے چار احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں؟ ۴۰=۴×۱۰

(الف) عن أبی رقیة تمیم بن أوس الداری رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم قال الدین النصیحة قلنا لمن یا رسول الله صلی الله علیه وسلم؟ قال لله ولکتابه ولرسوله ولأئمة المسلمین وعامتهم .

(ب) عن أبی محمد الحسن بن علی بن أبی طالب سبط رسول الله صلی الله علیه وسلم وریحانته رضی الله عنهما قال حفظت من رسول الله صلی الله علیه وسلم دع ما یریبك إلی مالایریبك .

(ج) عن أبی مسعود رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لایحل دم امرءٍ مسلم إلا بإحدی ثلاث الثیب الزانی والنفس بالنفس والتارك لدینه المفارق للجماعة .

(د) عن أبی یعلی شداد بن أوس رضی الله عنه عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال إن الله کتب الإحسان علی کل شیء فإذا قتلتم فأحسنوا القتلة وإذا ذبحتم فأحسنوا الذبحة ولیحد أحدکم شفرته ولیرح ذبیحته .

(ھ) عن عمر رضی الله عنه قال بینما نحن جلوس عند رسول الله صلی الله علیه وسلم ذات یوم إذ طلع علینا رجل شدید بیاض الثیاب شدید سواد الشعر لایری علیه أثر السفر قال (یا محمد) فأخبرنی عن الساعة قال ما المسؤول عنها بأعلم من السائل قال فأخبرنی عن أماراتها قال أن تلد الأمة ربتها وأن تری الحفاة العراة العالة رعاء الشاء یتطاولون فی البنیان .

سوال نمبر 2:- ارکانِ اسلام کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## حصہ دوم......عربی ادب

سوال نمبر3:-(الف) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ جملوں کا اُردو میں ترجمہ کریں؟ ۱۰=۲×۵

(۱) هٰذا ثور كبير (۲) تلك شاة سوداء (۳) هٰذه دراجتي (۴) هٰذه دواة سعيد (۵) زيد يكتب على الورق

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے تین الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں؟ ۱۵=۳×۵

يكتب، طفلة، حفير، لوح، كبش

سوال نمبر4:-(الف) درج ذیل میں سے تین کی عربی بنائیں؟ ۱۵=۳×۵

(۱) بچہ اپنی کتاب نہیں پڑھتا۔ (۲) میں کرسی پر بیٹھتا ہوں۔ (۳) وہ مسجد کے دروازے میں داخل ہوتا ہے۔ (۴) یہ تمہارا دوست ہے۔ (۵) یہ میرا ڈیسک ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کی عربی بنائیں؟ ۱۰=۲×۵

گیند، پرندہ، بیل، امرود، چٹائی، پھول

سوال نمبر5:-درج ذیل میں سے پانچ کے عربی میں جواب تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

(۱) هل أنت تقرأ القرآن؟ (۲) هل صديقك يكتب؟

(۳) هل خالد يمشي؟ (۴) هل الصلاة فريضة؟

(۵) هل الطفل ينام في المهد؟ (۶) هل تنزل عن الباص؟

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات سال 2022ء

## دوسرا پرچہ: حدیث و عربی ادب

## حصہ اوّل......حدیث

سوال نمبر1:-درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں؟

(الف) عن أبي رقية تميم بن أوس الداري رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال الدين النصيحة قلنا لمن يا رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قال لله ولكتابه ولرسوله ولأئمة المسلمين وعامتهم.

(ب) عن أبي محمد الحسن بن علي بن أبي طالب سبط رسول الله صلى الله عليه وسلم وريحانته رضي الله عنهما قال حفظت من رسول الله صلى الله عليه وسلم دع ما

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



يريبك إلى مالا يريبك .

(ج) عن أبي مسعود رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لايحل دم امرءٍ مسلم إلا بإحدى ثلاث الثيب الزاني والنفس بالنفس والتارك لدينه المفارق للجماعة .

(د) عن أبي يعلى شداد بن أوس رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن الله كتب الإحسان على كل شيء فإذا قتلتم فأحسنوا القتلة وإذا ذبحتم فأحسنوا الذبحة وليحد أحدكم شفرته وليرح ذبيحته .

(ھ) عن عمر رضي الله عنه قال بينما نحن جلوس عند رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم إذ طلع علينا رجل شديد بياض الثياب شديد سواد الشعر لايرى عليه أثر السفر قال (يا محمد) فأخبرني عن الساعة قال ما المسؤول عنها بأعلم من السائل قال فأخبرني عن أماراتها قال أن تلد الأمة ربتها وأن ترى الحفاة العراة العالة رعاء الشاء يتطاولون في البنيان .

جواب: احادیث مبارکہ کا ترجمہ:

(الف) حضرت ابورقیہ تمیم بن اوس داری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین خیرخواہی کا نام ہے، عرض کیا گیا: یارسول اللہ! کس کے لیے؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لیے، اللہ تعالیٰ کی کتاب کے لیے، رسول اللہ کے لیے، مسلمانوں کے حکمرانوں کے لیے اور عام لوگوں کے لیے۔

(ب) حضرت امام ابومحمد بن حسن بن علی بن ابی طالب (نواسۂ رسول اور باغ رسالت کے پھول) کا بیان ہے: میں نے یادرکھی ہے رسول اللہ کی یہ بات: اس چیز کو ترک کردو جو تمہیں شک میں مبتلا کرے اور جو بات تمہیں شک میں مبتلا نہ کرے اسے لے لو۔

(ج) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: انہوں نے کہا: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کا خون (بہانا) جائز نہیں ہے۔ سوائے تین صورتوں کے: (۱) شادی شدہ زانی (۲) جان کا بدلہ جان (۳) جو آدمی جماعت کو چھوڑ کر علیحدگی اختیار کرلے۔

(د) حضرت ابویعلیٰ شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ہرشیء پراحسان کرنا فرض فرمایا ہے یعنی جب تم (کسی کو) قتل کروتو اچھے طریقے سے قتل کرو اور جب تم ذبح کروتو اچھے طریقے سے ذبح کرو۔ چاہیے کہ تم میں ایک آدمی اپنی چھری تیز کرے اور چاہیے کہ وہ اپنے ذبیحہ کوراحت پہنچائے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم بارگاہِ رسالت میں ایک دن بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ایک سفید کپڑوں والا اور سیاہ بالوں والا شخص ہمارے پاس آیا، اس پر سفر کی کوئی علامت نہیں تھی۔ عرض کیا: (اے محمد) مجھے قیامت سے متعلق خبر دیں؟ آپ نے فرمایا: جس سے پوچھا جا رہا ہے وہ اس کے متعلق سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا۔ عرض کیا: اس کی نشانیاں کیا ہیں؟ فرمایا: لونڈی آقا کو جنم دے گی، اور تم ملاحظہ کرو گے کہ ننگے پاؤں، ننگے جسموں والے اور غریب چرواہے بڑی بڑی عمارتوں پر فخر کریں گے۔

سوال نمبر 2:- ارکانِ اسلام کتنے اور کون کون سے ہیں؟

ارکانِ اسلام کی تعداد و نام:

اسلام کی بنیاد پانچ ارکان پر رکھی گئی ہے: وہ یہ ہیں:

i- اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ ii- نماز قائم کرنا۔ iii- زکوٰۃ ادا کرنا۔ iv- بیت اللہ کا حج کرنا، v- رمضان کے روزے رکھنا۔

## حصہ دوم ..... عربی ادب

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) هٰذا ثور كبير (۲) تلك شاة سوداء (۳) هٰذه دراجتي (۴) هٰذه دواة سعيد (۵) زيد يكتب على الورق

(ب) درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں؟

يكتب، طفلة، حفير، لوح، كبش

جواب: (الف) جملوں کا اُردو میں ترجمہ:

۱- یہ بڑا بیل ہے۔ ۲- وہ سیاہ بکری ہے۔ ۳- یہ سائیکل میری ہے۔ ۴- یہ دوات سعید کی ہے۔ ۵- زید کاغذ پر لکھتا ہے۔

(ب) الفاظ کا جملوں میں استعمال:

يكتب: زيد يكتب على الورق .

طفلة: هٰذه طفلة فاطمة .

حفير: ذالك حفير .

لوح: هٰذه لوح .

كبش: هٰذا كبشي .

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر 4:-(الف) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) بچہ اپنی کتاب نہیں پڑھتا۔ (۲) میں کرسی پر بیٹھتا ہوں۔ (۳) وہ مسجد کے دروازے میں داخل ہوتا ہے۔ (۴) یہ تمہارا دوست ہے۔ (۵) یہ میرا ڈیسک ہے۔

(ب) درج ذیل الفاظ کی عربی بنائیں؟

گیند، پرندہ، بیل، امرود، چٹائی، پھول

## جواب: (الف) فقرات کی عربی:

۱- الطفل لایقراء فی کتابه

۲- اقعد علی الکرسی .

۳- هو یدخل من باب المسجد .

۴- هٰذا صدیقك .

۵- هٰذا مکتبی .

## (ب) الفاظ کی عربی:

کرة، طائر، حصیر، زر، اجاصة، ورد

سوال نمبر 5:-درج ذیل اجزاء کے عربی میں جواب تحریر کریں؟

(۱) هل أنت تقرأ القرآن؟ (۲) هل صدیقك یکتب؟

(۳) هل خالد یمشی؟ (۴) هل الصلوٰة فریضة؟

(۵) هل الطفل ینام فی المهد؟ (۶) هل تنزل عن الباص؟

## جواب: اجزاء کے عربی جوابات:

۱- نعم! اقراء القرآن . ۲- نعم! یکتب صدیقی .

۳- نعم! خالد یمشی . ۴- نعم! الصلوٰة فریضة .

۵- نعم! الطفل ینام فی المهد . ۶- نعم! انزل عن الباص .

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۳ھ/2022ء

### تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں ہر سوال کے اندر جزوی رعایت موجود ہے۔

### حصہ اول......عقائد

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟ (۵×۵=۲۵)

(۱) ختم نبوت کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

(۲) اللہ تعالیٰ کے دیدار کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

(۳) انبیاء کی تعداد کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

(۴) چار مشہور فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریاں لکھیں؟

(۵) کیا تدبیر تقدیر کے منافی ہے؟ تفصیل سے لکھیں؟

(۶) مرنے کے بعد روح کا تعلق بدن سے رہتا ہے یا نہیں؟ مفصل تحریر کریں؟

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟ (۵×۵=۲۵)

(۱) چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام لکھیں نیز بتائیں کہ وہ کن کن پر نازل ہوئیں؟

(۲) دیگر انبیاء اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت میں کیا فرق ہے؟

(۳) ملائکہ کس چیز سے پیدا کیے گئے ہیں؟ وہ مرد ہیں یا عورت؟

(۴) دَابَّةُ الْاَرْضِ سے کیا مراد ہے؟

(۵) عقیدہ شفاعت پر نوٹ لکھیں؟

(۶) جنت میں کتنے دریا ہیں؟ اور وہ کس کس چیز کے ہیں؟

### حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟ (۵×۵=۲۵)

(۱) کلی کرتے وقت کون سی دعا پڑھی جاتی ہے؟

(۲) واجب کسے کہتے ہیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۳) غسل کی پانچ احتیاطیں لکھیں؟

(۴) وضو کے پانچ مکروہات لکھیں؟

(۵) کس پانی سے وضو اور غسل جائز ہے؟

(۶) کنویں سے بیس ڈول کن صورتوں میں نکالے جائیں گے؟ صرف دو صورتیں لکھیں؟

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟ (۵×۵=۲۵)

(۱) تیمم کا مسنون طریقہ لکھیں؟

(۲) کن صورتوں میں موزے پر مسح نہیں ہوسکتا؟ دو صورتیں لکھیں؟

(۳) حیض کی حکمت تحریر کریں؟

(۴) نماز عصر کا وقت کون سا ہے؟

(۵) استحاضہ والی عورت نماز اور روزہ وقت پر ادا کرے گی یا نہیں؟

(۶) بچے کی پیدائش کے بعد کسی عورت کو چالیس دن سے زیادہ خون آئے تو اس کا کیا حکم ہے؟

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات سال 2022ء

### تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

### حصہ اول......عقائد

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) ختم نبوت کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

(۲) اللہ تعالیٰ کے دیدار کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

(۳) انبیاء کی تعداد کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

(۴) چار مشہور فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریاں لکھیں؟

(۵) کیا تدبیر تقدیر کے منافی ہے؟ تفصیل سے لکھیں؟

(۶) مرنے کے بعد روح کا تعلق بدن سے رہتا ہے یا نہیں؟ مفصل تحریر کریں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

۱- ختم نبوت کے متعلق عقیدہ:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم کر دی۔ اب آپ کے بعد قیامت تک کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ جو شخص آپ کی نبوت کا منکر ہے، وہ کافر ہے۔ آپ تمام رسولوں کے پیشوا اور خاتم النبیین ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

ترجمہ: ''محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں بلکہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔''

اس حوالے سے بہت سی احادیث بھی وارد ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''میرے بعد کوئی نبی نہیں اور میں خاتم النبیین ہوں۔''

**۲- دیدار الٰہی سے متعلق عقیدہ:**

دنیا میں دیدار الٰہی خاص لوگوں کے لیے مختص ہے، جس طرح شب معراج میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کروایا گیا۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کو بھی خواب میں یہ شرف حاصل ہے۔ تاہم آخرت میں ہر مسلمان کو دیدار الٰہی کرنے کا اعزاز حاصل ہوگا۔ حدیث مبارکہ میں ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دیدار الٰہی دنیا میں ناممکن ہے، اس لیے کہ وہ ذات باقی ہے اور باقی کو فانی ہیں دیکھ سکتا، پس جب دیدار ہوگا تو آخرت میں اس کی طاقت عطا کر دی جائے گی۔ بصارت ہمیشہ کے لیے ہوگی اور فانی باقی کو دیکھ لے گا۔''

**۳- انبیاء کی تعداد:**

انبیاء کی خاص تعداد مقرر کر لینا جائز نہیں، کیونکہ ان کی تعداد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جن انبیاء کا ذکر قرآن وحدیث میں کیا گیا ہے، ان پر ہم تفصیلاً ایمان لاتے ہیں اور باقی پر اجمالاً۔ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے ہر نبی پر ہم ایمان لاتے ہیں، کیونکہ کسی ایک نبی کا انکار بھی دائرہ اسلام سے خارج کر دیتا ہے۔

**۴- مشہور فرشتوں کے نام و ذمہ داریاں:**

i- حضرت جبرئیل (علیہ السلام) کے ذمے پیغمبروں کی خدمت میں وحی لانا ہے۔

ii- حضرت میکائیل (علیہ السلام) پانی برسانے اور روزی پہنچانے پر مقرر ہیں۔

iii- حضرت اسرافیل (علیہ السلام) قرب قیامت میں صور پھونکیں گے۔

iv- حضرت عزرائیل (علیہ السلام) جنہیں روح قبض کرنے یعنی لوگوں کی جان نکالنے کی خدمت سپرد کی گئی ہے۔

**۵- تدبیر کا تقدیر کے منافی نہ ہونا:**

تدبیر، تقدیر کے منافی بالکل بھی نہیں ہے، کیونکہ تقدیر سے مراد یہ ہے کہ اللہ نے جس طرح کرنا چاہا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


اسے اسی طریقہ سے لکھ دیا۔ کائنات میں واقعات وحوادث اسی طرح رونما ہوتے ہیں۔ یہ ہرگز نہیں سمجھنا چاہیے کہ جس طرح واقعات وحوادث پیش آرہے ہیں، وہ اسی طرح لکھے گئے ہیں۔ بلکہ کائنات میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ اللہ نے اپنے علم ازلی سے لکھ دیا ہے۔ تدبیر پر اعتماد کرنا اور اس پر اترانا غیر اسلامی فکر ہے۔ اسی طرح تدبیر کو ہی سب کچھ سمجھ لینا گمراہی ہے۔

**۶-بدن سے روح کا تعلق ہونا:**

مرنے کے بعد بھی روح کا تعلق بدن سے باقی رہتا ہے، بالکل اُسی طرح جس طرح دنیا میں تھا۔ دنیا میں بدن جو بھی خوشی یا غم محسوس کرتا تھا روح پر بھی خوشی یا غم کے اثرات ضرور ظاہر ہوتے تھے یعنی روح بھی متاثر ہوتی تھی۔ بالکل اسی طرح مرنے کے بعد بھی ہوگا۔

سوال نمبر 2:- درج ذیل اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام لکھیں نیز بتائیں کہ وہ کن کن پر نازل ہوئیں؟

(۲) دیگر انبیاء اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت میں کیا فرق ہے؟

(۳) ملائکہ کس چیز سے پیدا کیے گئے ہیں؟ وہ مرد ہیں یا عورت؟

(۴) دابۃ الارض سے کیا مراد ہے؟

(۵) عقیدہ شفاعت پر نوٹ لکھیں؟

(۶) جنت میں کتنے دریا ہیں؟ اور وہ کس کس چیز کے ہیں؟

**جواب: اجزاء کے جوابات:**

**۱-آسمانی کتابیں:**

مشہور آسمانی کتابیں چار ہیں:

۱-قرآن پاک: حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر عربی زبان میں نازل ہوا۔

۲-انجیل: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر سریانی زبان میں نازل ہوئی۔

۳-زبور: حضرت داؤد علیہ السلام پر عبرانی زبان میں نازل ہوئی۔

۴-توراۃ: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر عبرانی زبان میں نازل ہوئی۔

**۲-نبوت میں فرق:**

دیگر انبیاء ایک خاص وقت میں ایک خاص قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے اور ہر آنے والے نبی کے بعد پہلے نبی کی شریعت منسوخ ہو جاتی تھی جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت تک کے تمام انسانوں کے لیے نبی

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



بن کر آئے۔ آپ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ لہٰذا قیامت تک کے تمام انسانوں کے لیے آپ کا اسوۂ حسنہ ہی ہدایت کا سرچشمہ ہے۔

**۳۔ ملائکہ کی تخلیق:**

اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو نور سے پیدا فرمایا ہے، یہ نہ مرد ہیں اور نہ عورتیں۔ یہ اللہ کا ہر حکم بجالاتے ہیں، اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور یہ اللہ کے مقرب بندے ہیں۔

**۴۔ دَآبَّةُ الْاَرْضِ کی وضاحت:**

جب قیامت قریب ہوگی اور سورج مغرب سے نکلے گا، تو کوہ صفاء زلزلہ سے پھٹ جائے گا۔ وہاں سے دابۃ الارض نکلے گا۔ یہ ایک جانور ہوگا اس کی صورت عجیب وغریب ہوگی، اس کے ایک ہاتھ میں حضرت موسیٰ کا عصاء ہوگا اور دوسرے ہاتھ میں حضرت سلیمان کی انگوٹھی۔ عصاء سے مسلمان کی پیشانی پر سفید اور انگوٹھی سے کافر کی پیشانی پر سیاہ نشان بنائے گا۔ جس سے اعلانیہ طور پر مسلمان اور کافر ظاہر ہو جائیں گے اور یہ نشان کبھی نہ بدلے گی۔

یہ اتنی تیزی سے شہروں میں پھرے گا کہ کوئی اس سے بچ نہ پائے گا۔ یہ پہلے یمن، پھر نجد میں ظاہر ہو کر غائب ہو جائے گا اور آخر میں مکہ میں اس کا ظہور ہوگا۔

**۵۔ عقیدہ شفاعت:**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت تمام مخلوق مومن، کافر، فرمانبردار، غیر فرمانبردار، موافق ومخالف اور دوست ودشمن سب کے لیے ہوگی۔ انتظار حساب جو سخت تکلیف دہ ہوگا جس کے لیے لوگ تمنا کریں گے کہ کاش جہنم میں پھینک دیئے جاتے اور اس انتظار سے نجات پاتے۔ اس مصیبت سے چھٹکارا کافروں کو بھی حضور کی بدولت ملے گا۔ جس پر تمام کے تمام لوگ حضور کی تعریف کریں گے، اس کا نام مقام محمود ہے۔ یہ مرتبہ شفاعت کبریٰ بھی حضور کے خصائص میں سے ہے۔

عقیدہ: ہر قسم کی شفاعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ثابت ہے۔ بکثرت آیات اور احادیث مبارکہ اس پر دال ہیں۔ اس کا انکار وہی کرے گا، جو بدمذہب وگمراہ ہے۔ قرآن میں جس شفاعت کی نفی کی گئی ہے وہ بتوں اور کافروں کی شفاعت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو حکم کافروں کے لیے صادر فرمایا وہ حکم اس کے محبوب بندوں اور مقرب بندوں پر لگانا، بہتان اور نئی شریعت گھڑنا ہے۔

**۶۔ جنت میں موجود دریاؤں کا بیان:**

جنت میں موجود دریاؤں کی تعداد چار ہے: ان میں ایک پانی کا، دوسرا دودھ کا، تیسرا شہد کا اور چوتھا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


پاکیزہ شراب کا ہوگا۔ یہ شراب ایسی ہوگی جس سے کوئی نشہ نہ ہوگا۔

## حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر 3:- درج ذیل اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) کلی کرتے وقت کون سی دعا پڑھی جاتی ہے؟

(۲) واجب کسے کہتے ہیں؟

(۳) غسل کی پانچ احتیاطیں لکھیں؟

(۴) وضو کے پانچ مکروہات لکھیں؟

(۵) کس پانی سے وضو اور غسل جائز ہے؟

(۶) کنویں سے بیس ڈول کن صورتوں میں نکالے جائیں گے؟ صرف دو صورتیں لکھیں؟

**جواب: اجزاء کے جوابات:**

۱- کلی کرتے وقت یہ پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی تِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ وَذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ .

**۲- واجب:**

اس کو کیے بغیر آدمی بری الذمہ نہ ہوگا، اور اس کو کرنے سے عبادت میں لانا درکار ہو، تو اس کے بغیر عبادت ناقص ہوگی۔ کسی واجب کا ایک بار قصداً چھوڑنا گناہ صغیرہ ہے اور چند بار چھوڑنا گناہ کبیرہ ہے۔

**۳- غسل کی احتیاطیں:**

غسل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل احتیاطیں مدنظر رکھنا ضروری ہیں:

i- دونوں بغلیں کہ بے ہاتھ اُٹھائے نہ دھلیں گی۔

ii- پیٹ کی بلیٹیں اٹھا کر اور ناف میں انگلی ڈال کر دھوئیں۔

iii- ڈھلکے ہوئے پستان کو اٹھا کر دھوئیں۔

iv- سر کے بال گندھے ہوئے نہ ہوں، تو ہر بال پر جڑ سے نوک تک پانی بہانا ضروری ہے۔

v- ٹھوڑی اور گلے کا جوڑ کہ بے منہ اٹھائے نہ دھلے گا۔

**۴- وضو کے پانچ مکروہات:**

وضو کے پانچ مکروہات یہ ہیں: (۱) زیادہ پانی خرچ کرنا۔ (۲) بے ضرورت دنیا کی بات کرنا۔ (۳) چہرہ پر زور سے پانی مارنا۔ (۴) گلے کا مسح کرنا۔ (۵) دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


### ۵- پانی سے وضو اور غسل کرنا:

درج ذیل ذرائع سے حاصل شدہ پانی سے وضو اور غسل جائز ہے:

i- بارش کے پانی سے۔
ii- ندی نالوں کے پانی سے۔
iii- چشمہ کے پانی سے۔
iv- سمندر کے پانی سے۔
v- کنوئیں کے پانی سے۔
vi- برف کے پانی سے۔
vii- دریا کے پانی سے۔
viii- اولوں کے پانی سے۔

### ۶- بیس ڈول نکالنے کی صورتیں:

بیس ڈول نکالنے کی دو صورتیں یہ ہیں:

i- چوہا پانی میں گر جائے اور اس کا منہ کنویں کے پانی میں پڑ جائے۔
ii- اگر بے وضو اور جنبی بلاضرورت کنویں میں اتریں اور ان کے بدن پر نجاست نہ لگی ہو۔

سوال نمبر 4: درج ذیل اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) تیمم کا مسنون طریقہ لکھیں؟
(۲) کن صورتوں میں موزے پر مسح نہیں ہوسکتا؟ دو صورتیں لکھیں؟
(۳) حیض کی حکمت تحریر کریں؟
(۴) نماز عصر کا وقت کون سا ہے؟
(۵) استحاضہ والی عورت نماز اور روزہ وقت پر ادا کرے گی یا نہیں؟
(۶) بچے کی پیدائش کے بعد کسی عورت کو چالیس دن سے زیادہ خون آئے تو اس کا کیا حکم ہے؟

### جواب: اجزاء کے جوابات:

### ۱- تیمّم کرنے کا مسنون طریقہ:

نیت کر کے دونوں ہاتھ زمین پر یا جنس زمین پر رکھ کر ہاتھوں کی انگلیوں کو کھلی رکھ کر پہلے آگے کی طرف لے جائیں پھر پیچھے کی طرف لائیں۔ پھر زمین سے ہاتھ اٹھا کر دونوں انگوٹھوں کی جڑیں ایک دوسرے کے ساتھ مار کر جھاڑیں تاکہ اس کا چہرہ خاک آلود نہ ہو۔ پھر دونوں ہاتھوں سے اس طرح مسح کریں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے، پھر دوسری دفعہ دونوں ہاتھ زمین پر رگڑیں۔ پہلے دائیں ہاتھ کا مسح کریں، پھر بائیں ہاتھ کا اس طرح کہ بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے علاوہ چار انگلیوں کا پیٹ دائیں ہاتھ کی پشت پر رکھے اور انگلیوں کے سرے سے کہنیوں تک لے جائیں۔ پھر وہاں سے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے دائیں ہاتھ کے پیٹ کے

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



چھوتے ہوئے گٹے تک لائیں اور بائیں انگوٹھے کے پیٹ سے دائیں انگوٹھے کی پشت کا مسح کریں یوں دائیں ہاتھ سے بائیں کا مسح کرے۔

### ۲-موزوں پر مسح ناجائز ہونے کی صورتیں:

موزوں پر مسح نہ ہونے کی دو صورتیں یہ ہیں:

i-کوئی موزہ، پاؤں کی تین چھوٹی انگلیوں کے برابر پھٹا ہوا ہو کہ چلنے پر تین انگل بدن ظاہر ہوں، تو مسح جائز نہیں۔

ii-مقیم کے لیے مسح کی مدت ایک دن رات ہے، اس سے زیادہ مدت پر مسح جائز نہ ہوگا۔ اسی طرح مسافر کی مدت کا حکم ہے۔

### ۳-حکمت حیض:

دورانِ حمل وہ خون بچے کی غذا کے کام آتا ہے۔ دودھ پینے کے زمانہ میں وہی خون دودھ ہو جاتا ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو حمل اور دودھ پلانے کے زمانہ میں عورت کی جان پر بن جائے۔ یہی وجہ ہے کہ دوران حمل اور دودھ پلانے کے شروع کے دنوں میں خون نہیں آتا۔

### ۴-خون نفاس کا حکم:

اگر تو عورت کے ہاں بچہ پہلی بار پیدا ہوا ہے یا یہ یاد نہیں کہ پہلے بچہ پیدا ہونے پر کتنے دن خون آیا تھا، تو پھر چالیس رات نفاس باقی کے دن استحاضہ ہوگا۔

### ۵-استحاضہ کے دوران نماز یا روزہ رکھنا:

استحاضہ والی ورت ظہر کی نماز آخر وقت میں، عصر اوّل وقت میں، مغرب کی نماز آخر وقت میں، عشاء اوّل وقت میں اور فجر بھی اوّل وقت میں پڑھے گی۔ روزہ وقت پر رکھے گی۔

### ۶-عصر کا وقت:

بعد ختم ہونے وقت ظہر کے یعنی سوا سایہ اصلی کے دو مثل سایہ ہونے سے سورج ڈوبنے تک ہے۔ ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ ۳۵ منٹ اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ۶ منٹ ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۳ھ/2022ء

### چوتھا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- (الف) فعل ماضی، فعل مضارع اور فعل امر کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیں؟ ۵×۳=۱۵

(ب) "اَلسَّمْعُ" مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان ترجمہ کے ساتھ تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر 2:- (الف) فعل مضارع بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟ ۱۰

(ب) مصدر، مشتق اور جامد کی تعریفات مثالوں کے ساتھ لکھیں؟ ۱۵

**سوال نمبر 3:- (الف) اسمائے مشتقات کون سے ہیں؟ صرف نام لکھیں؟ ۱۰**

(ب) باب "فَتَحَ يَفْتَحُ" سے صرف صغیر لکھیں؟ ۱۵

سوال نمبر 4:- درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات لکھیں؟ ۲۵=۵×۵

مہموز، ناقص، لفیف، مضاعف، مثال

سوال نمبر 5:- درج ذیل الفاظ سے صرف پانچ کے صیغے تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

نَصَرْنَا، يَضْرِبُوْنَ، لَمْ يَسْمَعْ، اِفْتَحْ، اَفْتَحُ، سَامِعٌ، يَكْرُمْنَ

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات سال 2022ء

### چوتھا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1:- (الف) فعل ماضی، فعل مضارع اور فعل امر کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیں؟

(ب) "اَلسَّمْعُ" مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان ترجمہ کے ساتھ تحریر کریں؟

**جواب: (الف) اصطلاحات کی تعریفات:**

فعل ماضی: وہ فعل ہے جو گزرے ہوئے زمانہ پر دلالت کرے۔ جیسے ضَرَبَ (اس ایک مرد نے مارا)

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



**فعل مضارع:** وہ فعل ہے جو موجودہ یا آئندہ زمانے پر دلالت کرے جیسے یَضْرِبُ (مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد)

**فعل امر:** وہ فعل ہے جس سے فاعل مخاطب سے کسی کام کا مطالبہ کیا جائے جیسے اِضْرِبْ (تو مار)

## (ب) فعل ماضی معروف کی گردان (اَلسَّمْعُ مصدر سے)

| | |
|---|---|
| سَمِعَ | اس ایک مرد نے سنا |
| سَمِعَا | ان دو مردوں نے سنا |
| سَمِعُوْا | ان سب مردوں نے سنا |
| سَمِعَتْ | اس ایک عورت نے سنا |
| سَمِعَتَا | ان دو عورتوں نے سنا |
| سَمِعْنَ | ان سب عورتوں نے سنا |
| سَمِعْتَ | تو ایک مرد نے سنا |
| سَمِعْتُمَا | تم دو مردوں نے سنا |
| سَمِعْتُمْ | تم سب مردوں نے سنا |
| سَمِعْتِ | تو ایک عورت نے سنا |
| سَمِعْتُمَا | تم دو عورتوں نے سنا |
| سَمِعْتُنَّ | تم سب عورتوں نے سنا |
| سَمِعْتُ | میں ایک مرد یا عورت نے سنا |
| سَمِعْنَا | ہم دو یا سب مردوں یا عورتوں نے سنا |

سوال نمبر 2:۔ (الف) فعل مضارع بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟

(ب) مصدر، مشتق اور جامد کی تعریفات مثالوں کے ساتھ لکھیں؟

**جواب: (الف) فعل مضارع بنانے کا طریقہ:**

فعل مضارع فعل ماضی سے بنایا جاتا ہے۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ماضی کے شروع میں حروف مضارع (تین) اس طرح لگائے جاتے ہیں کہ الف (ہمزہ) واحد متکلم (ایک صیغہ) کے شروع میں، تاء حاضر کے چھ صیغوں (تین مذکر اور تین مؤنث) واحد مذکر اور تثنیہ مذکر کے آغاز میں، یاء غائب کے چھ صیغوں (تین مذکر، تین مؤنث) کے شروع میں اور نون تثنیہ متکلم (ایک صیغہ) کے شروع میں لگایا جاتا ہے۔ فاء کلمہ کو (عموماً) ساکن کیا جاتا ہے، عین کلمہ پر باب کی مناسبت سے حرکت دی جاتی ہے اور لام

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



کلمہ ضمہ دیا جاتا ہے۔ مثلاً یَضْرِبُ، یَنْصُرُ، یَفْتَحُ جو اصل میں ضَرَبَ، نَصَرَ، فَتَحَ تھے۔ سات صیغوں کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے۔

(ب) اصطلاحات کی تعریفات بمع امثلہ درج ذیل ہیں:

(۱) مصدر: وہ اسم ہے جو خود تو کسی سے نہ بنا ہو مگر اس سے دوسرے کلمات بنیں مثلاً ضَرْبٌ۔

(۲) اسم مشتق: وہ اسم ہے جو دوسرے کلمہ سے بنایا گیا ہو مثلاً ضَارِبٌ، جو یَضْرِبُ سے بنا ہے۔

(۳) اسم جامد: وہ اسم ہے جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ دوسرا کلمہ اس سے بنے مثلاً رَجُلٌ۔

سوال نمبر 3:- (الف) اسمائے مشتقات کون سے ہیں؟ صرف نام لکھیں؟

(ب) باب "فَتَحَ یَفْتَحُ" سے صرف صیغہ لکھیں؟

**جواب: (الف) اسمائے مشتقات کے نام:**

اسمائے مشتقات چھ ہیں اور ان کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) اسم فاعل، (۲) اسم مفعول، (۳) صفت مشبہ، (۴) اسم ظرف، (۵) اسم آلہ، (۶) اسم تفضیل۔

**(ب) فَتَحَ یَفْتَحُ سے صرف صغیر:**

فَتَحَ یَفْتَحُ فَتْحًا فَهُوَ فَاتِحٌ وَ فُتِحَ یُفْتَحُ فَتْحًا فَذَاكَ: مَفْتُوْحٌ لَمْ یَفْتَحْ لَمْ یُفْتَحْ لَا یَفْتَحُ لَا یُفْتَحُ لَن یَّفْتَحَ لَنْ یُفْتَحَ الامر منه اِفْتَحْ لِتُفْتَحْ لِیَفْتَحْ لِیُفْتَحْ والنهی عنه لَا تَفْتَحْ لَا تُفْتَحْ لَا یَفْتَحْ لَا یُفْتَحْ الظرف منه مَفْتَحٌ مَفْتَحَانِ مَفَاتِحُ وَمُفَیْتِحٌ والالة منه مِفْتَحٌ مِفْتَحَانِ مَفَاتِحُ وَمُفَیْتِحٌ مِفْتَحَةٌ مِفْتَحَتَانِ مَفَاتِحُ مُفَیْتِحَةٌ مِفْتَاحٌ مِفْتَاحَانِ مَفَاتِیْحُ مُفَیْتِیْحٌ مُفَیْتِیْحَةٌ افعل التفضیل للمذكر منه اَفْتَحُ اَفْتَحَانِ اَفْتَحُوْنَ اَفَاتِحُ وَاُفَیْتِحٌ والمؤنث منه فُتْحٰی فُتْحَیَانِ فُتْحَیَاتٌ فُتَحٌ وَفُتَیْحٰی فعل التعجب منه مَا اَفْتَحَهٗ اَفْتِحْ بِهٖ فَتُحَ یَا فَتُحَ

سوال نمبر 4:- درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات لکھیں؟

مہموز، ناقص، لفیف، مضاعف، مثال

**جواب: اصطلاحات کی تعریفات:**

مہموز: وہ کلمہ جس کے فاء عین یا لام کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے اَمَرَ، سُئِلَ، قَرَأَ۔

ناقص: وہ لفظ جس کے لام کلمہ میں حرف علت ہو جیسے دَعَا، دَعْوٌ۔

لفیف: وہ کلمہ جس میں دو حرف علت ہوں جیسے وَقٰی، وَقْیٌ۔

مضاعف: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ کے مقابل دو حروف ایک ہم جنس ہوں جیسے مَدَّ، مَدٌّ۔

مثال: وہ کلمہ جس میں فاء کی جگہ حرف علت پایا جائے جیسے وَعَدَ، وَعْدٌ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر5:-درج ذیل الفاظ کے صیغے تحریر کریں؟

(۱) نَصَرْنَا، (۲) یَضْرِبُوْنَ، (۳) لَمْ یَسْمَعْ، (۴) اِفْتَحْ، (۵) اَفْتَحُ، (۶) سَامِعٌ، (۷) یَکْرُمْنَ

**جواب: الفاظ کے صیغے:**

| الفاظ | صیغے |
|---|---|
| نَصَرْنَا | جمع متکلم فعل ماضی معروف صحیح از باب نَصَرَ یَنْصُرُ |
| یَضْرِبُوْنَ | جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ |
| لَمْ یَسْمَعْ | واحد مذکر غائب فعل جحد بلم معروف صحیح از باب سَمِعَ یَسْمَعُ |
| اِفْتَحْ | واحد مذکر امر حاضر معروف ثلاثی مجرد از باب فَتَحَ یَفْتَحُ |
| اَفْتَحُ | واحد متکلم فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب فَتَحَ یَفْتَحُ |
| سَامِعٌ | واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد از باب سَمِعَ یَسْمَعُ |
| یَکْرُمْنَ | جمع مؤنث غائب فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد از باب کَرُمَ یَکْرُمُ |

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۳ھ/2022ء

### پانچواں پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: درج ذیل میں سے صرف چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے پانچ کی تعریفات اور ایک ایک مثال لکھیں؟ (۵×۵=۲۵)

جزء، مرکب غیر مفید، جملہ فعلیہ، مرکب توصیفی، عامل، مرکب منع صرف

سوال نمبر 2:- (الف) اسم کی تعریف لکھیں نیز اس کی پانچ علامات مع امثلہ لکھیں؟ (۵+۱۰=۱۵)

(ب) جملہ انشائیہ کی پانچ اقسام مع امثلہ تحریر کریں؟ (۲×۵=۱۰)

سوال نمبر 3:- (الف) مندرجہ ذیل میں سے صرف تین کا اعراب مع مثال لکھیں؟ (۵×۳=۱۵)

جمع مکسر منصرف، تثنیہ، اسم منقوص، جمع مؤنث سالم

(ب) اسمائے موصولہ اور اسمائے اشارہ لکھیں نیز ان کی تعریفات بھی تحریر کریں؟ (۵+۵=۱۰)

سوال نمبر 4:- (الف) معرب اور مبنی کی تعریفات مع امثلہ لکھیں نیز یہ بتائیں کہ مبنی الاصل کون سی چیزیں ہیں؟ (۵+۵+۵=۱۵)

(ب) درج ذیل میں سے مرکب مفید اور غیر مفید الگ الگ کریں؟ (۱۰)

زَيْدٌ قَائِمٌ، قَالَ النَّاسُ، رَجُلٌ فَاضِلٌ

كِتَابُ بَكْرٍ، اَحَدَ عَشَرَ، اَلْكِتَابُ جَيِّدٌ

سوال نمبر 5:- (الف) مرفوع کی تعریف لکھیں نیز مرفوعات کی کوئی سی پانچ اقسام مع امثلہ لکھیں؟ (۵+۱۰=۱۵)

(ب) مفعول بہ اور حال کی تعریفات لکھ کر ایک ایک مثال لکھیں؟ (۵+۵=۱۰)

☆☆☆

## ررجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات سال 2022ء

### پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر 1:- درج ذیل کی تعریفات اور ایک ایک مثال لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



حرف، مرکب غیر مفید، جملہ فعلیہ، مرکب توصیفی، عامل، مرکب منع صرف

## جواب: اصطلاحات کی تعریفات:

حرف: حرف وہ کلمہ ہے جو اپنے معنیٰ پر دلالت خود نہ کرے بلکہ غیر کا محتاج ہو۔ جیسے مِنْ۔

مرکب غیر مفید: یہ وہ مرکب ہے کہ متکلم گفتگو کر کے خاموش ہو جائے، سننے والے کو کوئی خبر یا طلب حاصل نہ ہو مثلاً غُلَامُ زَیْدٍ۔ اس مثال میں سننے والے کو خبر یا طلب حاصل نہیں ہوئی۔ مرکب غیر مفید کو مرکب ناقص بھی کہا جاتا ہے۔

جملہ فعلیہ: ایسا جملہ جس کی پہلی جزء فعل پر مشتمل ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ۔

مرکب توصیفی: وہ مرکب غیر مفید جس کی پہلی جزء موصوف اور دوسری جزء صفت پر مشتمل ہو جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ۔

عامل: عامل وہ شے ہے جس کی وجہ سے معرب کا آخر بدل جائے۔ اس سے رفع، نصب اور جر حاصل ہوتے ہیں جیسے جَاءَ زَیْدٌ۔

مرکب منع صرف: وہ مرکب جس میں دو اسموں کو ایک کیا گیا ہو اور دوسرا اسم کسی عرف کو اپنے اندر لینے والا نہ ہو جیسے بَعْلَبَکَّ۔

سوال نمبر 2:- (الف) اسم کی تعریف لکھیں نیز اس کی پانچ علامات مع امثلہ لکھیں؟

(ب) جملہ انشائیہ کی پانچ اقسام مع امثلہ تحریر کریں؟

## جواب: (الف):

اسم: وہ کلمہ جو اپنے معنی پر خود بخود دلالت کرنے میں کسی کا محتاج نہ ہو اور نہ تینوں زمانوں میں سے کسی سے ملا ہوا ہو جیسے زَیْدٌ۔

علامت اسم: اسم کی پانچ علامتیں یہ ہیں:

(۱) شروع میں الف لام ہو جیسے اَلرَّجُلُ (۲) شروع میں حرف جر ہو جیسے بِزَیْدٍ (۳) آخر میں تنوین ہو جیسے زَیْدٌ (۴) مسند الیہ ہو جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ (۵) مضاف ہو جیسے غُلَامُ زَیْدٍ۔

## جواب: (ب) جملہ انشائیہ کی اقسام:

جملہ انشائیہ کی پانچ اقسام یہ ہیں:

i- تمنی جیسے لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ۔

ii- نداء جیسے یَا مُحَمَّدُ

iii- قسم جیسے وَاللّٰہِ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



iv-استفہام جیسے هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ ۔

v-امر جیسے اِضْرِبْ

سوال نمبر 3:-(الف) مندرجہ ذیل کا اعراب مع مثال لکھیں؟

جمع مکسر منصرف، تثنیہ، اسم منقوص، جمع مؤنث سالم

(ب) اسمائے موصولہ اور اسمائے اشارہ لکھیں نیز ان کی تعریفات بھی تحریر کریں؟

## جواب: (الف) اعراب:

جمع مکسر منصرف: جمع مکسر وہ ہے جو واحد میں تبدیل کر کے بنائی جاتی ہے اور اس کے تینوں اعراب لفظی آتے ہیں مثلاً جَاءَ نِیْ رِجَالٌ، رَأَيْتُ رِجَالاً، وَمَرَرْتُ بِرِجَالٍ۔

تثنیہ: رفع الف ماقبل مفتوح سے جبکہ نصب اور جر یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسورہ سے آتا ہے جیسے: جَآءَ نِیْ رَجلَانِ، رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ وَمَرَرْتُ بِرَجُلَيْنِ۔

اسم منقوص: حالت رفع اور حالت جر میں اعراب تقدیری آتے ہیں اور حالت نصب میں لفظی اعراب آتا ہے جیسے جَاءَ الْقَاضِىْ، رَأَيْتُ الْقَاضِیَ، مَرَرْتُ بِالْقَاضِىْ۔

جمع مؤنث سالم: جمع مؤنث سالم وہ ہے، جس کے واحد کے آخر سے تاء گرا کر آخر میں الف اور تاء لائی جاتی ہے۔ مُسْلِمَةٌ سے جیسے: مُسْلِمَاتٌ۔ اس کا اعراب حالت رفع میں ضمہ اور حالت نصب و جر میں کسرہ آتا ہے۔

| حالت جر | حالت نصب | حالت رفع |
|---|---|---|
| مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ | رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ | هُنَّ مُسْلِمَاتٌ |

## جواب: (ب) اسماء موصولہ:

تعریف: وہ اسم جو اس وقت تک جملے کی جزء تام نہیں بنتا جب تک اس کے ساتھ ایک جملہ نہ ملایا جائے اور وہ جملہ اس اسم کی ضمیر پر مشتمل ہوتا ہے جسے صلہ کہتے ہیں۔

اَلَّذِیْ، اَللَّذَانِ، اَلَّذِیْنَ، اَلَّتِیْ، اَللَّتَانِ، اَلّٰتِیْنِ، اَلَّاتِیْ، اَللَّوَاتِیْ، مَا، مَنْ، اَیٌّ، اَیَّةٌ۔

## اسماء اشارہ:

تعریف: وہ اسم جو آنکھوں دیکھی چیز کی طرف کسی عضو سے اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہو جیسے هٰذَا وغیرہ۔

ذَا، ذَانِ، ذَیْنِ، تَا، تِیْ، تِهٖ، ذِهٖ، تِهِیْ، ذِهِیْ، تَانِ، تَیْنِ، اُوْلَآءِ مد کے ساتھ اور اُوْلٰی قصرہ کے ساتھ۔

سوال نمبر 4:-(الف) معرب اور مبنی کی تعریفات مع امثلہ لکھیں نیز یہ بتائیں کہ مبنی الاصل کون سی چیزیں ہیں؟

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books



(ب) درج ذیل میں سے مرکب مفید اور غیر مفید الگ الگ کریں۔؟

زَيْدٌ قَائِمٌ، قَالَ النَّاسُ، رَجُلٌ فَاضِلٌ

كِتَابُ بَكْرٍ، اَحَدَ عَشَرَ، اَلْكِتَابُ جَيِّدٌ

جواب: (الف) معرب کی تعریف: معرب وہ اسم ہے جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ میں زَيْدٌ معرب ہے۔

مبنی کی تعریف: وہ اسم ہے جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب نہ ہو جیسے صرف زید مبنی ہے یا ایسا مرکب جو مبنی الاصل کے مشابہ ہو جیسے جَاءَ هٰؤُلَاءِ میں هٰؤُلَاءِ مبنی ہے۔

مبنی الاصل: مبنی الاصل تین چیزیں:

(۱) فعل ماضی، (۲) امر حاضر معروف، (۳) تمام حروف

جواب: (ب)

| | |
|---|---|
| زَيْدٌ قَائِمٌ مرکب مفید | قَالَ النَّاسُ مرکب مفید |
| رَجُلٌ فَاضِلٌ مرکب غیر مفید | كِتَابُ بَكْرٍ مرکب غیر مفید |
| اَحَدَ عَشَرَ مرکب غیر مفید | اَلْكِتَابُ جَيِّدٌ مرکب مفید |

سوال نمبر 5:- (الف) مرفوع کی تعریف لکھیں نیز مرفوعات کی کوئی سی پانچ اقسام مع امثلہ لکھیں؟

(ب) مفعول بہ اور حال کی تعریفات لکھ کر ایک ایک مثال لکھیں؟

جواب: (الف) مرفوع: وہ اسم جس میں فاعلیت کی علامت پائی جائے۔

مرفوعات کی اقسام:

۱- فاعل جیسے زَيْدٌ ذَهَبَ۔

۲- مفعول مَا لَمْ يُسَمَّ فَاعِلُهٗ جیسے ضُرِبَ زَيْدٌ۔

۳- مبتداء جیسے سَلَامٌ عَلَيْكَ۔

۴- خبر جیسے اٰدَمُ اَبُوْنَا۔

۵- لائے نفی جنس کی خبر جیسے لَا رَجُلَ قَائِمٌ۔

جواب: (ب) مفعول بہ کی تعریف: اس شیء کا اسم جس پر فاعل کا فعل پایا جائے جیسے ضَرَبْتُ زَيْدًا۔

حال کی تعریف: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول یا دونوں کی حالت کو بیان کرے جیسے: جَاءَنِيْ زَيْدٌ رَاكِبًا ضَرَبْتُ زَيْدًا مَشْدُوْدًا، لَقِيْتُ عُمَرًا رَاكِبَيْنِ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۱۴۴۳ھ/2022ء

## چھٹا پرچہ: جنرل سائنس و مطالعہ پاکستان

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی سے دو، دو سوال حل کریں۔

### حصہ اول......جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہیں پُر کریں۔ ۱۰=۲×۵

(۱) البیرونی نے ریاضی کے موضوعات پر دسے زائد کتابیں تحریر کیں۔

(۲) کتاب الشفاء......کی تصنیف ہے۔

(۳) کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز کا نام......کے اعزاز میں رکھا گیا۔

(۴) پی ٹائپ سیمی کنڈکٹرز میں زیادہ تر کرنٹ کیرئیر......ہیں۔

(۵) خسرہ کا ٹیکہ بچوں کو......عمر میں لگتا ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۱۰=۲×۵

(۱) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

(۲) پودوں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(۳) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

(۴) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۵) کتاب المناظر البیرونی کی تصنیف ہے۔

(ج) درج ذیل میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں؟ ۱۰=۲×۵

(۱) ملیریا کس طرح پھیلتا ہے؟

(۲) زوالوجی سے مراد کونسا علم ہے؟

(۳) سائنسی علم سے متعلق قرآن کی دو آیات تحریر کریں؟

(۴) تین پاکستانی سائنسدانوں کے نام لکھیں؟

(۵) آسٹرولوجی سے کون سا علم مراد ہے؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۱) سائنس کی تعریف لکھیں؟

سوال نمبر 2:۔ دو پاکستانی سائنسدانوں کے کارنامے تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:۔ سائنس کی حدود کیا ہیں؟ مفصل سپرد قلم کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 4:۔ ڈینگی سے بچاؤ کے مختلف طریقے اور احتیاطیں لکھیں؟ ۱۰

## حصہ دوم......مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہیں پر کریں۔ ۱۰=۲×۵

(۱) قطب الدین ایبک......کے آزاد کردہ غلام تھے۔

(۲) پاکستان کا نام......نے تجویز کیا تھا۔

(۳) نادر شاہ کے قتل کے بعد افغانستان میں......نے خود مختار ریاست قائم کر لی تھی۔

(۴) انگریز نے علامہ فضل حق خیر آبادی کو......جزیرہ میں قید کیا تھا۔

(۵) علامہ اقبال نے خطبہ الٰہ آباد سن......ء میں دیا۔

(ب) درج ذیل میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کریں؟ ۱۰=۲×۵

(۱) دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

(۲) جنگ آزادی کی دو وجوہات لکھیں؟

(۳) انگریز برصغیر میں کس غرض سے آئے تھے؟

(۴) قائد اعظم محمد علی جناح نے یوم نجات کیوں منایا؟

(۵) امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے کم از کم دو معاشی نکات تحریر کریں؟

(۶) تحریک پاکستان میں شریک کم از کم چار سنی علماء و مشائخ کے نام لکھیں؟

سوال نمبر 6:۔ برصغیر میں اسلام کی اشاعت کے اسباب تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 7:۔ تحریک پاکستان کے محرکات پر مضمون سپرد قلم کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 8:۔ قائد اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے چودہ نکات قلمبند کریں؟ ۱۵

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات سال 2022ء

## حصہ اول......جنرل سائنس

سوال نمبر 1:-(الف) خالی جگہیں پُر کریں۔

(۱) البیرونی نے ریاضی کے موضوعات پر سے زائد کتابیں تحریر کیں۔

(۲) کتاب الشفاء......کی تصنیف ہے۔

(۳) کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز کا نام......کے اعزاز میں رکھا گیا۔

(۴) پی ٹائپ سیمی کنڈکٹرز میں زیادہ کرنٹ کا ذریعہ......ہیں۔

(۵) خسرہ کا ٹیکہ بچوں کو......عمر میں لگتا ہے۔

**جواب: (الف)**

(۱) 150، (۲) بوعلی سینا، (۳) ڈاکٹر عبدالقدیر خان، (۴) ہولز، (۵) نو ماہ کی

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔

(۱) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

(۲) پودوں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(۳) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

(۴) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۵) کتاب المناظر البیرونی کی تصنیف ہے۔

**جواب: (ب)**

(۱) درست، (۲) درست، (۳) غلط، (۴) غلط، (۵) غلط

(ج) درج ذیل کے مختصر جوابات تحریر کریں؟

(۱) ملیریا کس طرح پھیلتا ہے؟

(۲) زوالوجی سے مراد کونسا علم ہے؟

(۳) سائنسی علم سے متعلق قرآن کی دو آیات تحریر کریں؟

(۴) تین پاکستانی سائنسدانوں کے نام لکھیں؟

(۵) آسٹرولوجی سے کون سا علم مراد ہے؟

(۶) سائنس کی تعریف لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## (ج) مختصر سوالات کے جوابات:

(۱) ملیریا کے پھیلاؤ کی وجہ: انسان میں مادہ اینوفلیز مچھر کے کاٹنے سے ملیریا پھیلاتا ہے۔

(۲) زوالوجی: جانوروں سے متعلق علم کو زوالوجی یعنی علم حیوانات کہتے ہیں۔

(۳) سائنسی علم سے متعلق قرآنی آیات:

اَفَلَا یَتَفَکَّرُوْنَ: کیا وہ غور نہیں کرتے؟

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ: کیا وہ تدبر نہیں کرتے؟

(۴) تین پاکستانی سائنسدانوں کے نام: i-ڈاکٹر عبدالقدیر خان، ii-ڈاکٹر ثمر مبارک مند، iii-ڈاکٹر منیر احمد

(۵) آسٹرولوجی: فلکی اجسام مثلاً سورج، چاند، ستاروں اور سیاروں کے علم کو آسٹرولوجی کہتے ہیں۔

(۶) سائنس کی تعریف: سائنس ایک لاطینی لفظ ہے جس کا لغوی معنی ہے "حقائق کا اصلی شکل میں باقاعدہ مطالعہ کرنا" سائنس کا بنیادی اصول مشاہدہ اور استدلال ہے۔

سوال نمبر 2:- دو پاکستانی سائنسدانوں کے کارنامے تحریر کریں؟

### 1-ڈاکٹر عبدالقدیر خان:

آپ یکم اپریل 1936ء کو بھارت کے شہر بھوپال میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم بھوپال میں حاصل کی۔ 1952ء میں ہجرت کر کے کراچی آ گئے۔ اور ڈی جے سائنس کالج میں داخلہ لیا اور بی ایس سی کی ڈگری حاصل کی۔ پہلے سرکاری ملازمت اختیار کی پھر یورپ جا کر 1961ء میں جرمنی کی شارلٹن برگ یونیورسٹی سے دو سال تعلیم حاصل کی پھر ہالینڈ میں ٹیکنالوجی یونیورسٹی سے انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی۔ شروع میں اسی یونیورسٹی میں بطور ریسرچ اسسٹنٹ مقرر ہوئے۔ پھر لیون یونیورسٹی بیلجیئم سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ اور 1975ء میں مستقل طور پر پاکستان آ بسے۔ اور کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری کے ڈائریکٹر مقرر ہوئے۔ انہوں نے دیگر پاکستانی سائنسدانوں کے تعاون سے 28 مئی 1998ء کو بلوچستان میں چاغی کے مقام پر کامیاب نیوکلیئر تجربہ کیا۔ اور پاکستان ایٹمی طاقت بن گیا۔

### 2-ڈاکٹر ثمر مبارک مند:

آپ 17 ستمبر 1941ء میں راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم سینٹ انتھونی ہائی سکول لاہور سے حاصل کی۔ 1962ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے فزکس میں ایم ایس سی کی ڈگری حاصل کی۔ 1962ء میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن میں بطور سائنٹفک آفیسر اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ 1994ء میں ڈائریکٹر جنرل بن گئے اور 1996ء میں ممبر ٹیکنیکل بن گئے۔ آپ نے پاکستان کے لیے 6

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



نیوکلیائی ٹیسٹ کیے جو کامیاب رہے۔ اس کے علاوہ آپ نے نیشنل ڈویلپمنٹ کمپلیکس کے ڈی جی کی حیثیت سے شاہین میڈیم رینج میزائل نہ صرف ڈیزائن کیا بلکہ نہایت کامیابی سے 15 اپریل 1999ء کو انکا تجربہ بھی کیا۔

سوال نمبر 3:۔سائنس کی حدود کیا ہیں؟ مفصل سپرد قلم کریں؟

## سائنس کی حدود:

جدید دور میں سائنس کی حدود وسیع تر ہوتی جارہی ہیں۔ گزشتہ نصف صدی میں سائنس اور ٹیکنالوجی نے برق رفتار ترقی کی ہے۔ آئے دن نت نئی ایجادات سامنے آرہی ہیں۔ جو کل ناممکن نظر آتا تھا آج معمولی مظہر نظر آتا ہے۔

اگرچہ سائنس کی ترقی جاری وساری ہے آئے دن کوئی نہ کوئی نئی معلومات حاصل ہورہی ہیں لیکن اس کے باوجود انسانی علم کی تکمیل اسی سائنس پر موقوف نہیں بلکہ انسانی زندگی کے اہم پہلو مثلاً تزکیہ نفس، امانت، صداقت وغیرہ اور دیگر اخلاقی اقدار سے سائنس کا دور تک کوئی تعلق نہیں۔ کیونکہ یہ چیزہ مشاہدے میں نہیں آتی۔

سوال نمبر 4:۔ڈینگی سے بچاؤ کے مختلف طریقے اور احتیاطیں لکھیں؟

## ڈینگی سے بچاؤ کے طریقے اور احتیاطیں:

ڈینگی سے بچاؤ کا سب سے اہم جز مچھر کو پیدا ہونے سے روکنا اور مارنا ہے۔ جس کے لیے گھروں میں مچھر مار ادویات کا اسپرے کرنا اور غیر ضروری تالابوں اور جوہڑوں کو پر کیا جائے۔ پانی کے اوپر مٹی کے تیل کا چھڑکاؤ کیا جائے۔ مچھر بھگانے والا لوشن استعمال کیا جائے۔ دروازے، کھڑکیوں اور روشن دانوں پر باریک جالی لگائی جائے تا کہ مچھر اندر نہ آسکیں۔ اسپرے کرواتے وقت تمام سامان کمرے سے باہر نکال لیں اور دو ماہ تک سفیدی یا لپائی نہ کی جائے۔ ڈینگی ہونے کی صورت میں مریض کو مشروبات کا استعمال زیادہ کروایا جائے۔ علیحدہ کمرے میں رکھا جائے اور مچھر دانی استعمال کروائی جائے۔

## حصہ دوم......مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔(الف) خالی جگہیں پُر کریں۔

(۱) قطب الدین ایبک......کے آزاد کردہ غلام تھے۔

(۲) پاکستان کا نام......نے تجویز کیا تھا۔

(۳) نادر شاہ کے قتل کے بعد افغانستان میں......نے خود مختار ریاست قائم کر لی تھی۔

(۴) انگریز نے علامہ فضل حق خیر آبادی کو......جزیرہ میں قید کیا تھا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۵) علامہ اقبال نے خطبہ الہ آباد سن......ء میں دیا۔

## جواب: (الف)

(۱) شہاب الدین غوری، (۲) چوہدری رحمت علی، (۳) احمد شاہ ابدالی، (۴) انڈیمان، (۵) 1930

(ب) درج ذیل کے مختصر جوابات تحریر کریں؟

(۱) دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

(۲) جنگ آزادی کی دو وجوہات لکھیں؟

(۳) انگریز برصغیر میں کس غرض سے آئے تھے؟

(۴) قائداعظم محمد علی جناح نے یوم نجات کیوں منایا؟

(۵) امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے کم از کم دو معاشی نکات تحریر کریں؟

(۶) تحریک پاکستان میں شریک کم از کم چار سنی علماء و مشائخ کے نام لکھیں؟

## (ب) مختصر سوالات کے جوابات:

۱- دوقومی نظریہ: (۱) مسلمان اور غیر مسلم دو الگ الگ قومیں ہیں۔ ان کی ثقافت، زبان و رسم و رواج وغیرہ مختلف ہے۔ اس لیے ضروری تھا کہ مسلمان آزاد مملکت میں اپنا الگ ثقافتی، مذہبی وجود قائم کر سکیں۔ الحاصل یہ ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم دو الگ الگ قومیں ہیں۔ مسلمان اللہ و رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کے پابند جبکہ غیر مسلم کی ثقافت و دین ایک الگ ہے لیکن وہ گمراہ گروہ ہے۔

۲- جنگ آزادی کی وجوہات: i- سرکاری طور پر عیسائیت کی سرپرستی ہونے لگی۔

ii- اسلامی قانون میں مداخلت شروع ہوگئی۔

۳- انگریز کی برصغیر میں آمد کا سبب: انگریز برصغیر میں تجارت کرنے کی غرض سے آئے اور آہستہ آہستہ وہاں اپنا اقتدار قائم کر لیا۔

۴- یوم نجات منانے کا سبب: دسمبر 1945ء میں مسلم لیگ نے مسلمانوں کے لیے مخصوص تمام نشستیں جیت لیں۔ پھر فروری 1946ء میں ہونے والے انتخابات میں بھی مسلم لیگ کے امیدواروں نے زبردست کامیابی حاصل کی۔ لہٰذا قائداعظم نے 16 اگست 1946ء کو یوم نجات منانے کا اعلان کیا۔

۵- امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے دو معاشی نکات: i- مسلمان اپنے دین کی اشاعت و تبلیغ پر توجہ دیں گے۔

ii- مسلمان صرف مسلمان تاجروں سے خرید و فروخت کریں گے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



٦-سنی علماء و مشائخ کے نام: ۱- امام احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ، ۲- علامہ فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ، ۳- مفتی صدر الدین آزردہ، ۴- پیر سیّد جماعت علی شاہ۔

سوال نمبر 6:- برصغیر میں اسلام کی اشاعت کے اسباب تحریر کریں؟

## جواب: برصغیر میں اسلام کی اشاعت:

سرزمین حجاز کے مقدس شہر مکہ مکرمہ میں اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ذریعے اسلام کا سورج طلوع ہوا، جس نے ایک جہان کو روشن کیا اور مسلمان مجاہدین کی مجاہدانہ کوششوں کے ذریعے دنیا کے مختلف ممالک میں اسلامی پرچم لہرانے لگا۔ مسلمانوں نے جہاں فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا اور مفتوحہ علاقوں میں مسلمان مجاہدین کے اخلاق حسنہ اور دین اسلام کی پرکشش تعلیم سے یہ دین پھیلا وہاں مسلمان تاجروں اور مبلغین اسلام کے ذریعے بھی اسلامی تعلیمات عرب سے نکل کر عجم کی سرزمین کو منور کرنے لگیں۔ چنانچہ برصغیر پاک و ہند میں مسلمان تاجروں اور مبلغین کی آمد اشاعت اسلام کے ذریعے بنی اور 712ھ میں جب محمد بن قاسم رحمہ اللہ تعالیٰ نے سندھ پر حملہ کیا اور مظلوموں کی دادرسی کی تو اس سے اسلام کو سیاسی قوت حاصل ہوگئی۔ اسلام ایک دین کی حیثیت سے ابھرا اور چونکہ اسلام کے دامن میں رحمت، برکت و انصاف اور ہر وہ خوبی موجود ہے جو انسان کے لیے دارین کی کامرانی کا باعث ہو، لہٰذا اس کی تعلیم نے انسان کو کمال معراج تک پہنچا دیا۔

سوال نمبر 7:- تحریک پاکستان کے محرکات پر مضمون سپرد قلم کریں؟

## جواب: تحریک پاکستان کے محرکات:

چونکہ برصغیر میں ہندوؤں کی تعداد مسلمانوں سے زیادہ تھی اس لیے آئے روز ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان فسادات برپا ہوتے رہتے جس کی وجہ سے مسلمانوں کا قتل عام کیا جاتا۔ ان کی عزتوں کو پامال کیا جاتا۔ ہندو قوم اکثریت میں تھی جس کی وجہ سے خدشہ تھا کہ انگریزوں کے بعد ہندو برسر اقتدار میں آ جائیں گے اور مسلمانوں کی عزتوں کو پامال کریں گے۔ اس لیے ضروری ہو گیا کہ ایک علیحدہ مملکت جو مسلمانوں کی ہو اس کا مطالبہ کیا جائے۔ ویسے بھی برصغیر میں ہندو مسلمانوں کے لیے وبالِ جان بنے بیٹھے تھے۔ جب مسلمانوں کا اقتدار جاتا رہا اور غیر مسلموں کے ہاتھ لگ گیا تو اب ہندوؤں نے بھی مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرنا شروع کر دیں۔

پھر مسلمانوں کے معاشرتی حالات بھی کمزور تھے۔ خوف تھا کہ ہندو مسلمانوں کو دوسرے درجے کا شہری بنا کر سیاسی آزادی سے محروم کر دیں گے۔ کیونکہ ہندو لوگ نہ صرف ذات پات اور رنگ و نسل کے امتیاز کے قائل تھے بلکہ اس پر عمل بھی کرتے تھے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اوپر سے ہندو مسلمانوں کی زبان وثقافت کی بھرپور مخالفت کرتے تھے۔ اور چاہتے تھے کہ ہندی زبان ملک بھر میں رائج کی جائے۔

پھر 1937ء سے 1939ء تک برصغیر میں کانگریسی وزارتیں قائم ہوئیں ہندوؤں کو اقتدار ملا تو انہوں نے سب سے پہلے مسلمانوں پر مظالم ڈھانے شروع کیے۔ ان کو ان کے حق سے محروم کر دیا۔ یہ سب چیزیں پاکستان کے قیام کا سبب بنیں۔

سوال نمبر 8:- قائداعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے چودہ نکات قلمبند کریں؟

جواب: قائداعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے چودہ نکات:

1- آئندہ آئین وفاقی طرز کا ہو جس میں صوبوں کو زیادہ خودمختاری دی جائے۔

2- تمام صوبائی حکومتوں کو ایک ہی اصول پر داخلی خودمختاری دی جائے۔

3- صوبوں میں اقلیتوں کو مؤثر نمائندگی دی جائے۔

4- مرکزی مجلس قانون ساز میں مسلمانوں کی نمائندگی ایک تہائی سے کم نہیں ہونی چاہیے۔

5- جداگانہ انتخاب کا اصول ہر فرقہ پر لاگو ہونا چاہیے، البتہ اگر کوئی فرقہ چاہے تو اپنی مرضی سے مخلوط انتخاب قبول کر سکتا ہے۔

6- اگر صوبوں کی حدود میں تبدیلی کرنا مقصود ہو تو اس بات کا خیال رکھا جائے کہ مسلم اکثریت والے صوبوں میں مسلمان بدستور اکثریت میں رہیں۔

7- تمام لوگوں کو یکساں اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہو۔

8- اگر کوئی مسودہ قانون کسی خاص فرقے سے متعلق ہو اور اس فرقے کے تین چوتھائی اراکین اس مسودہ قانون کے خلاف رائے دیں، تو اسے نامنظور سمجھا جائے۔

9- سندھ کو بمبئی سے الگ کر کے ایک صوبہ بنا دیا جائے۔

10- صوبہ بلوچستان اور شمال مغربی سرحدی صوبہ میں دیگر صوبوں کی مانند اصلاحات نافذ کی جائیں۔

11- مسلمانوں کو تمام ملازمتوں میں ان کی اہلیت کے مطابق حصہ دیا جائے۔

12- مسلمانوں کو مذہبی اور ثقافتی تحفظ دیا جائے۔

13- صوبائی اور مرکزی وزارتوں میں مسلمانوں کو کم از کم ایک تہائی نمائندگی دی جائے۔

14- صوبوں کی منظوری کے بغیر مرکزی آئین میں کوئی ردوبدل نہ کیا جائے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2023ء/۱۴۴۴ھ

### پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں ہر سوال کے اندر جزوی رعایت موجود ہے۔

### پہلا حصہ..... قرآن مجید

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل آیات قرآنیہ میں سے صرف چھ کا سلیس اردو میں ترجمہ تحریر کریں؟ ۶×۱۰=۶۰

(۱) وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۝

(۲) اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۝

(۳) وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ۝

(۴) اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۝

(۵) تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝

(۶) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۝

(۷) قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِى اللّٰهِ وَھُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ۝

(۸) فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِىْ وَقُوْدُھَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ۝

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل میں سے صرف دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اَلْمَسْكَنَةُ، ذَلُوْلٌ، اَمَانِيُّ، اَلْعِجْلَ، قِرَدَةٌ، رَاعِنَا، اَلْجَحِيْمُ، اَلْقَوَاعِدُ، شِقَاقٌ، صِبْغَةٌ، قَدِيْرٌ، اَلدَّارُ، صَادِقِيْنَ

## دوسرا حصہ......تجوید

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے تین اجزاء کا جواب دیں ۳×۱۰=۳۰

(۱) علم تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں؟ ۱۰

(۲) دانتوں کی اقسام تحریر کریں؟ ۱۰

(۳) خ، ش، ب میں سے دو حروف کے مخارج تحریر کریں؟ ۱۰

(۴) حروف لہاتیہ، حروف طرفیہ اور حروف ذلقیہ میں سے دو کی تعریفات اور مثالیں لکھیں؟ ۱۰

(۵) صفات لازمہ غیر متضادہ کے صرف نام تحریر کریں؟ ۱۰

☆☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2023ء

## پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

### پہلا حصہ: قرآن مجید

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل آیات قرآنیہ کا سلیس اُردو میں ترجمہ تحریر کریں؟

(۱) وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۝

(۲) اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ۝

(۳) وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ۝

(۴) اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۝

(۵) تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔــلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝

(۶) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ كُفَّارٌ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۝

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۷) قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَ نَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ۝

(۸) فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَ لَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ۝

**جواب: آیات کا ترجمہ:**

(۱) اور جب یہ ایمان والوں سے ملتے ہیں' تو کہتے ہیں: ہم ایمان لے آئے اور جب یہ اپنے شیطانوں کے ساتھ تنہائی میں ہوتے ہیں' تو کہتے ہیں: یقیناً ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو ان کے ساتھ مذاق کرتے ہیں۔

(۲) کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم کتاب کی تلاوت کرتے ہو، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟

(۳) اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے حتیٰ کہ ہم اللہ کو اپنے سامنے دیکھ لیں، سو تم کو ایک کڑک نے پکڑ لیا اور تم دیکھ رہے تھے۔

(۴) (اے مخاطب!) کیا تو نہیں جانتا کہ آسمانوں اور زمینوں کا ملک اللہ ہی کے لیے ہے؟ (اے مسلمانو!) اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے۔

(۵) وہ ایک امت ہے جو گزر چکی ہے، اس نے جو کام کیے اس کے لیے ان کا بدلہ ہے اور تم نے جو کام کیے تمہارے لیے ان کا بدلہ ہے اور ان کے کاموں کے متعلق تم سے کوئی سوال نہیں کیا جائے گا۔

(۶) بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور کافر ہونے کی حالت میں مر گئے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی لعنت ہے اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی (لعنت) ہے۔

(۷) آپ کہیے: کیا تم اللہ کے متعلق ہم سے جھگڑتے (بحث کرتے) ہو حالانکہ وہ ہمارا رب ہے اور تمہارا رب ہے اور ہمارے اعمال ہمارے لیے اور تمہارے اعمال تمہارے لیے ہیں اور ہم اسی کے ساتھ مخلص ہیں۔

(۸) سو اگر تم نہ کر سکے اور تم ہرگز نہ کر سکو گے، تو اس آگ سے بچو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے جس کو کافروں کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

**سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں؟**

اَلْمَسْکَنَةُ، ذَلُوْلٌ، اَمَانِیُّ، اَلْعِجْلُ، فِرْقَةٌ، رَاعِنَا، اَلْجَحِیْمُ، اَلْقَوَاعِدُ، شِقَاقٌ،

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



صِبْغَةً، قَدِيْرٌ، اَلدَّارُ، صَادِقِيْنَ

**جواب: الفاظ کے معانی:**

(۱) محتاجی (۲) سدھی ہوئی (۳) آرزوئیں (۴) بچھڑا (۵) بندز (۶) راعنا (۷) جہنم (۸) بنیادیں

(۹) ضد (۱۰) رنگ (۱۱) قادر (۱۲) گھر (۱۳) سچے لوگ

## دوسرا حصہ: تجوید

سوال نمبر 3:- درج ذیل اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) علم تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں؟

(۲) دانتوں کی اقسام تحریر کریں؟

(۳) ن حروف میں سے دو حروف کے مخارج تحریر کریں؟

(۴) حروف لہاتیہ، حروف طرفیہ اور حروف ذلقیہ میں سے دو کی تعریفات اور مثالیں لکھیں؟

(۵) صفات لازمہ غیر متضادہ کے حروف نام تحریر کریں؟

**جوابات:**

(۱) تعریف علم تجوید: تجوید کا لغوی معنیٰ کھرا کرنا ہے۔

اصطلاحی معنیٰ: حروف کو ان کے مخارج سے صفات لازمہ اور عارضہ کے ساتھ ادا کرنے کو علم تجوید کہا جاتا ہے۔

موضوع: علم تجوید کا موضوع حروف تہجی ہے۔

غرض: قرآن کو (قواعد تجوید کے مطابق) صحیح پڑھنا۔

**(۲) دانتوں کی اقسام:**

نمبر ۱- ثنایا: سامنے کے اوپر نیچے والے دو دو دانت۔ اوپر والوں کو ثنایا علیا جبکہ نیچے والوں کو ثنایا سفلی کہتے ہیں۔

۲- رباعیات: ثنایا کے دائیں اور بائیں اور اوپر نیچے ایک ایک دانت کل چار دانت۔

۳- انیاب: رباعیات کے دائیں اور بائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار دانت۔

۴- ضواحک: انیاب کے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار داڑھیں۔

۵- طواحن: ضواحک کے دائیں بائیں اوپر نیچے تین تین کل بارہ داڑھیں۔

۶- نواجذ: طواحن کے بائیں دائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار داڑھیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



### (۳) ب، ش، غ کے مخارج:

| حروف | مخرج |
|---|---|
| ب | دونوں ہونٹوں کی تری والا حصہ |
| ش | وسط زبان اور مقابل کا تالو |
| غ | ابتدائے حلق |

### (۴) تعریفات اصطلاحات:

**حروف لہاتیہ:** جو حروف کوے سے متصل زبان کی جڑ اور تالو سے ادا ہوتے ہیں جیسے ق، ک۔

**حروف طرفیہ:** جو حروف زبان کے کناروں سے ادا ہوتے ہیں جیسے ل، ن، ر۔

**حروف ذلقیہ:** حروف طرفیہ کا دوسرا نام حروف ذلقیہ ہے۔ لہٰذا زبان کے کناروں سے ادا ہونے والے حروف کو حروف ذلقیہ کہتے ہیں۔

### (۵) صفات لازمہ غیر متضادہ کی اقسام:

صفات لازمہ غیر متضادہ کی پانچ اقسام ہیں

۱۔صفیر، ۲۔قلقلہ، ۳۔تکریر، ۴۔تفشی ۵۔استطالت۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2023ء/۱۴۴۴ھ

### دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اوّل کے دونوں سوالات لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم سے کوئی دو سوالات حل کریں۔

### حصہ اوّل……حدیث

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے چار احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں؟ ۴×۱۰=۴۰

(الف) عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا أَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ .

(ب) عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ صَخْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "مَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوْهُ وَمَا أَمَرْتُكُمْ بِهٖ فَأْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ .

(ج) عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدِ ﹻالْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا سِبْطِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَيْحَانَتِهٖ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمِ: دَعْ مَا يَرِيْبُكَ اِلٰى مَالَا يَرِيْبُكَ"

(د) عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْلِيَصْمُتْ .

(ہ) عَنْ أَبِيْ يَعْلٰى شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اِنَّ اللهَ كَتَبَ الْاِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَاِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ ."

سوال نمبر 2:- حدیث مبارک کے مطابق دین کس کے لیے خیر خواہی ہے؟ ۱۰

### حصہ دوم……عربی ادب

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟ ۵×۲=۱۰

(۱) مَحْفَظَةٌ (۲) كُرَّةٌ (۳) ثَوْرٌ (۴) سَرِيْرٌ (۵) مَلِكٌ (۶) غُرْفَةٌ

(۷) أَسَدٌ (۸) صُنْدُوْقٌ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ب) مندرجہ ذیل میں سے تین جملوں کا اُردو میں ترجمہ کریں؟ ۳×۵=۱۵

(۱) هٰذِهٖ دَرَّاجَةُ سَلِيْمٍ، (۲) ذٰلِكَ نَوْرُ شَاهِدٍ، (۳) هٰذِهٖ طِفْلَةُ زَيْدٍ،

(۴) أَنْتَ تَقْرَأُ فِيْ كِتَابِكَ، (۵) اُكْتُبْ بِالْقَلَمِ .

سوال نمبر 4:-(الف) مندرجہ ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں۔ ۳×۵=۱۵

(۱) یہ میرا بیگ ہے۔ (۲) وہ میرا امرود ہے۔

(۳) یہ کالی بکری ہے۔ (۴) تم اپنی کتاب میں پڑھو۔

(۵) میرا دوست کاغذ پر لکھتا ہے۔

(ب) مندرجہ ذیل میں سے پانچ الفاظ کی عربی لکھیں؟ ۵×۲=۱۰

(۱) سیاہی (۲) بلی (۳) کاپی (۴) تختہ سیاہ (۵) دودھ (۶) لاٹھی (۷) سبق

(۸) ہوائی جہاز

سوال نمبر 5:-مندرجہ ذیل میں سے پانچ اجزاء کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(۱) مَا اسْمُكَ؟ (۲) مَا دِيْنُكَ؟ (۳) مَنْ نَبِيُّكَ؟

(۴) كَيْفَ حَالُكَ؟ (۵) أَيْنَ الْكِتَابُ؟ (۶) مَا هٰذِهٖ؟

☆☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2023ء

## دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

### حصہ اوّل......حدیث

سوال نمبر 1:-درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں؟

(الف) عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ .

(ب) عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ صَخْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "مَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوْهُ وَمَا أَمَرْتُكُمْ بِهٖ فَأْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ .

(ج) عَنْ أَبِيْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَيْحَانَتِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْ مَا يَرِيْبُكَ اِلٰى مَالَا يَرِيْبُكَ"

(د) عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْلِيَصْمُتْ .

(ہ) عَنْ أَبِىْ يَعْلٰى شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الْاِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ فَاِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ ."

**جوابات: ترجمۃ الاحادیث:**

(الف) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا گیا یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں

(ب) حضرت ابو ہریرہ عبدالرحمٰن بن صخر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے تمہیں جس بات سے روکوں، اس سے باز رہو اور جس بات کا میں نے تمہیں حکم دیا ہے اسے حسب طاقت بجالاؤ۔

(ج) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے اور چمن رسالت کے پھول حضرت ابو محمد حسن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کیا کہ جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اس کو چھوڑ کر اس چیز کو اختیار کرو جو تمہیں شک میں نہ ڈالے۔

(د) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔

(ہ) حضرت ابو یعلیٰ شداد بن اوس رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں: آپ نے فرمایا: بے شک اللہ نے ہر چیز میں حسن سلوک فرض کیا ہے، پس جب تم قتل کرو تو اچھے طریقہ سے کرو۔

**سوال نمبر 2:- حدیث مبارک کے مطابق دین کس کے لیے خیر خواہی ہے؟**

**جواب:** حدیث مبارکہ کے مطابق درج ذیل کے لیے دین خیر خواہی ہے:

۱- اللہ کے لیے۔ ۲- اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے۔

۳- کتاب کے لیے (قرآن مجید) ۴- مسلمانوں کے حکمرانوں کے لیے۔

۵- عوام الناس کے لیے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## حصہ دوم......عربی ادب

سوال نمبر 3:-(الف) درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں؟

(۱) مَحْفَظَةٌ (۲) كُرَةٌ (۳) ثَوْرٌ (۴) سَرِيْرٌ (۵) مَلِكٌ (۶) غُرْفَةٌ

(۷) أَسَدٌ (۸) صُوْرَةٌ

(ب) مندرجہ ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) هٰذِهٖ دَرَّاجَةُ سَلِيْمٍ، (۲) ذٰلِكَ ثَوْرُ شَاهِدٍ، (۳) هٰذِهٖ طِفْلَةُ زَيْدٍ،

(۴) أَنْتَ تَقْرَأُ فِيْ كِتَابِكَ، (۵) اُكْتُبْ بِالْقَلَمِ ۔

جوابات: (الف)

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مَحْفَظَةٌ | بستہ | كُرَةٌ | گیند |
| ثَوْرٌ | بیل | سَرِيْرٌ | بستر/تخت |
| مَلِكٌ | بادشاہ | غُرْفَةٌ | کمرہ |
| أَسَدٌ | شیر | صُوْرَةٌ | تصویر |

(ب) جملوں کا اُردو ترجمہ:

۱- یہ سلیم کی سائیکل ہے۔ ۲- وہ شاہد کا بیل ہے۔

۳- یہ زید کی بچی ہے۔ ۴- تم اپنی کتاب سے پڑھتے ہو۔

۵- قلم سے لکھو۔

سوال نمبر 4:-(الف) مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) یہ میرا بیگ ہے۔ (۲) وہ میرا امرود ہے۔

(۳) یہ کالی بکری ہے۔ (۴) تم اپنی کتاب میں پڑھو۔

(۵) میرا دوست کاغذ پر لکھتا ہے۔

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کی عربی لکھیں؟

(۱) سیاہی (۲) بلی (۳) کاپی (۴) تختہ سیاہ (۵) دودھ (۶) لاٹھی (۷) سبق (۸) ہوائی جہاز

جوابات: (الف) جملوں کی عربی:

۱ – هٰذه محفظتي ۲– تلك اجاصتي ۳– هٰذه شاة سوداء

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



۴- اقرء فی کتابك ۵- صديقي يكتب علي الورق

**(ب) الفاظ کی عربی:**

| الفاظ | عربی | الفاظ | عربی |
|---|---|---|---|
| سپاہی | شُرْطِيٌّ | بلی | قِطَّةٌ |
| کاپی | كُرَّاسَةٌ | تختہ سیاہ | سَبُّوْرَةٌ |
| دودھ | لَبَنٌ | لاٹھی | عَصَا |
| سبق | دَرْسٌ | ہوائی جہاز | طَيَّارَةٌ |

**سوال نمبر5:-مندرجہ ذیل اجزاء کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟**

(۱) مَا اسْمُكَ؟ (۲) مَا دِيْنُكَ؟ (۳) مَنْ نَبِيُّكَ؟

(۴) كَيْفَ حَالُكَ؟ (۵) أَيْنَ الْكِتَابُ؟ (۶) مَا هٰذِهٖ؟

**عربی میں جوابات:**

۱- اِسْمِیْ اَحْمَدُ ۲- اَلْإِسْلَامُ دِيْنِيْ ۳- مُحَمَّدٌ نَبِيِّيْ

۴- اَنَا بِخَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ ۵- اَلْكِتَابُ عَلَى الْمِنْضَدَةِ ۶- هٰذِهٖ اَرْنَبٌ

☆☆☆☆

H_M_Hashnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2023ء/۱۴۴۴ھ

### تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ ہر سوال میں جزوی رعایت موجود ہے۔

### حصہ اوّل......عقائد

سوال نمبر ۱:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟ ۵×۵=۲۵

(۱) عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں؟

(۲) عقیدہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی توضیح کریں؟

(۳) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کم از کم پانچ خصائص بیان کریں؟

(۴) حکم کے منسوخ ہونے سے کیا مراد ہے؟

(۵) جنات اور فرشتوں سے متعلق کیا عقیدہ ہونا چاہیے؟

(۶) تقدیر سے کیا مراد ہے اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟ نام لکھیں؟

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(۱) نبی کون ہوتا ہے اور نبی ورسول کی بعثت کا مقصد کیا ہے؟

(۲) نفاق کسے کہتے ہیں؟

(۳) عقیدہ رؤیت باری تعالیٰ کی وضاحت کریں؟

(۴) صحابہ کے متعلق ہمارا کیا عقیدہ ہونا چاہیے؟

(۵) قیامت کی کم از کم تین علامات کبریٰ مختصراً تحریر کریں؟

(۶) بدعت کی تعریف اور اقسام بیان کریں؟

### حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات سپردِ قلم کریں؟ ۵×۵=۲۵

(۱) وضو کی کم از کم دس سنتیں لکھیں؟

(۲) مستعمل پانی کون سا ہوتا ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۳) موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

(۴) نجس چیز کو پاک کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

(۵) غسل فرض ہونے کے کم از کم تین اسباب لکھیں؟

(۶) استحاضہ سے کیا مراد ہے اور ایسی عورت طہارت کیسے حاصل کرے گی؟

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(۱) ارکانِ نماز تحریر کریں؟

(۲) خواتین کے لیے نمازوں کا افضل وقت کیا ہے؟

(۳) نماز میں عمل کثیر سے کیا مراد ہے اور عمل کثیر کا حکم کیا ہے؟

(۴) پیشاب کرتے وقت کس جانب رخ ہونا چاہیے؟

(۵) نجاست کی کتنی قسمیں ہیں؟ ان کی تعریف بھی کریں؟

(۶) اگر چند اذانیں سنیں تو کس اذان کا جواب دیں گے؟

☆☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2023ء

## تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

### حصہ اوّل: عقائد

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں؟

(۲) عقیدہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی توضیح کریں؟

(۳) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کم از کم پانچ خصائص بیان کریں؟

(۴) حکم کے منسوخ ہونے سے کیا مراد ہے؟

(۵) جنات اور فرشتوں سے متعلق کیا عقیدہ ہونا چاہیے؟

(۶) تقدیر سے کیا مراد ہے اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟ نام لکھیں؟

**جوابات: (۱) توحید سے متعلق عقیدہ:**

ذات باری تعالیٰ اپنے شریک وہمسر سے پاک ہے، ہزاروں معبودان باطلہ موجود ہونے کے باوجود، اس کا کوئی شریک نہیں ہے یعنی نہ اس کی اولاد ہے اور نہ والدین، اس نے ہر چیز کو پیدا کیا، مگر اسے کسی نے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



پیدا نہیں کیا، اس کا کوئی شریک، ہمسر اور برابر نہیں ہے۔
چنانچہ ارشاد ربانی ہے: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اے محبوب! فرما دیجئے! اللہ ایک ہے۔ یعنی اس کا کوئی شریک ہرگز ہرگز نہیں ہے۔

## (۲) حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق عقیدہ:

انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں اسی طرح زندہ ہیں جس طرح دنیا میں تھے۔ اللہ کا وعدہ پورا ہونے کے لیے ایک آن انہیں موت آئی پھر زندہ ہو گئے۔ ان کا درجہ شہداء سے بڑھ کر ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنی قبر انور میں زندہ ہیں۔ جو کوئی بھی آپ پر درود و سلام بھیجتا ہے آپ اس کا جواب دیتے ہیں۔ تمام انبیاء و رسل کی نبوت و رسالت کا کمال مرنے کے بعد بھی ثابت رہتا ہے۔

## (۳) خصائص النبی صلی اللہ علیہ وسلم:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص درج ذیل ہیں:

i- اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام جہان سے پہلے اپنے نور کی تجلی سے پیدا فرمایا۔
ii- آپ کو اللہ تعالیٰ نے معجزہ معراج سے نوازا۔
iii- آپ کے لیے مال غنیمت حلال کیا گیا۔
iv- آپ سب سے پہلے روز محشر سفارش کرنے والے ہوں گے۔
v- تمام خزانوں کی کنجیاں اللہ تعالیٰ نے آپ کے حوالے کر دیں اب بارگاہ الٰہی سے جو کچھ ملتا ہے انہیں کے واسطہ سے ملتا ہے۔

## (۴) منسوخ حکم مفہوم:

حکم کے منسوخ ہونے سے یہ مراد ہے کہ وہ حکم ایک خاص وقت تک کے لیے تھا، پھر جب اس کی میعاد پوری ہو گئی تو اس کی جگہ دوسرا حکم آ گیا۔ اس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے پہلا حکم اٹھا لیا گیا ہو جبکہ حقیقتاً اس کی میعاد پوری ہو چکی ہوتی ہے۔

## (۵) جنات سے متعلق عقیدہ:

یہ آگ سے پیدا کیے گئے ہیں جو مختلف اشکال میں متشکل ہو جاتے ہیں۔ ان میں عقل، روح، جسم ہوتا ہے، کھاتے پیتے ہیں اور مرتے جیتے ہیں۔ ان میں سنی، وہابی اور دیوبندی وغیرہ ہوتے ہیں۔ ان کے وجود کا انکار کفر ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



### فرشتوں سے متعلق عقیدہ:

فرشتہ نوری مخلوق ہے، یہ گناہوں سے معصوم ہوتا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے خلاف ہرگز نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مختلف امور فرشتوں کے سپرد کر رکھے ہیں، جو وہ نہایت محنت سے انجام دیتے ہیں۔

### (٦) تقدیر و اقسام تقدیر:

تقدیر کے لغوی معنیٰ اندازہ، مقدار کے ہیں۔ اس کا اصطلاحی مطلب ہے کہ تا قیامت جو کچھ ہم کرنے والے تھے، اللہ تعالیٰ نے اپنے علم ازلی کے مطابق اسے لکھ لیا، وہ لکھنے کے مطابق واقعات پیش آتے رہیں گے۔ اس طے شدہ تحریر کو تقدیر کہا جاتا ہے۔ اس کا منکر کافر ہے۔

تقدیر کی تین قسمیں ہیں:

i- مبرم حقیقی، ii- معلق محض،

iii- معلق شبیہ بمبرم

سوال نمبر 2:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔

(۱) نبی کون ہوتا ہے اور نبی و رسول کی بعثت کا مقصد کیا ہے؟

(۲) نفاق کسے کہتے ہیں؟

(۳) عقیدہ رؤیت باری تعالیٰ کی وضاحت کریں؟

(۴) صحابہ کے متعلق ہمارا کیا عقیدہ ہونا چاہیے؟

(۵) قیامت کی کم از کم تین علامات کبریٰ مختصراً تحریر کریں؟

(٦) بدعت کی تعریف اور اقسام بیان کریں؟

### جوابات: (۱) نبی:

وہ بشر ہوتا ہے، جسے اللہ تعالیٰ اپنا پیغام اپنی مخلوق تک پہنچانے کے لیے منتخب کر کے مبعوث کرتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام اس کی مخلوق تک پہنچاتا ہے۔

### نبی و رسول کی بعثت کا مقصد:

یہ اللہ کی طرف لوگوں کو بلاتے ہیں، اس کے علاوہ اللہ اور بندوں کے درمیان واسطہ ہوتے ہیں۔

### (۲) نفاق کا مطلب:

نفاق کا مطلق ہے "دوغلا پن" یعنی زبان سے تو مسلمان ہونے کا دعویٰ کرنا اور دل میں اسلام کے خلاف بغض رکھنا۔ ایسے لوگوں کو منافق کہا جاتا ہے۔ یہ دنیاوی فوائد حاصل کرنے کے لیے اسلام لانے کا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



دعویٰ کرتے ہیں اور درپردہ سازشیں رچاتے ہیں۔

## (۳) عقیدۂ رؤیت باری تعالیٰ:

اس کا دیدار آخرت میں ہر مسلمان کے لیے ممکن ہے بلکہ واقع ہے۔ البتہ اس کا دیدار بلا کیف ہے یعنی دیکھیں گے اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ کیسے دیکھیں گے۔

## (۴) صحابہ کرام کے بارے میں عقیدہ:

وہ خوش قسمت آدمی، جس نے ایمان کی حالت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس پائی ہو، اور ایمان کی حالت میں وہ دنیا سے رخصت ہوا ہو۔ صحابہ کرام کی تعداد ڈیڑھ لاکھ سے زائد ہے۔ صحابی قابل احترام اور واجب التعظیم ہوتا ہے۔ صحابی کی ادنیٰ بے ادبی یا گستاخی، بے دینی اور گمراہی ہے۔

## (۵) قیامت کی تین علامات کبریٰ:

۱- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول: فتنہ دجال عروج پر ہوگا، دجال ملک شام پہنچ چکا ہوگا، لوگ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہنے کے لیے کسی ہادی کی تلاش میں ہوں گے، انہیں آواز سنائی دے گی کہ تمہارے ہادی فریاد کے لیے آپہنچے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام جامع مسجد دمشق کے مینار پر دو فرشتوں کے پروں پر ہاتھ رکھے ہوئے نزول فرمائیں گے، آپ سلے لباس میں ہوں گے، نبی کی حیثیت سے نہیں بلکہ امام عادل، دین رسول کریم کے حاکم اور مجدد وقت کی حیثیت سے آئیں گے۔ نماز فجر کی اقامت ہو چکی ہوگی، آپ امام مہدی جو اس جماعت میں موجود ہوں گے، کو امامت کا حکم دیں گے، آپ نکاح کریں گے، اولاد ہوگی اور آپ کا وصال ہوگا۔ پھر روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں مدفون ہوں گے۔

۲- امام مہدی رضی اللہ عنہ: آپ آئمہ اثناعشریہ میں سے ایک ہوں گے، آپ کا نام محمد، باپ کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام آمنہ ہوگا۔ آپ حسنی سید اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد سے ہوں گے، چالیس سال کی عمر میں آپ کا ظہور ہوگا، آپ کا زمانہ خلافت آٹھ سال ہوگا، آپ کا وصال ہوگا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائیں گے۔

۳- دجال کا ظہور: ارشاد نبوی کے مطابق قرب قیامت میں تیس دجال آئیں گے، وہ سب نبوت کا دعویٰ کریں گے جبکہ نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہوگا۔ اس کے پاس افواج اور لشکر ہوگا، وہ فتنہ برپا کرے گا، لوگوں کو گمراہ کرے گا، اس کی ایک آنکھ اور ابر نہیں ہوگا، اس کی پیشانی پر لفظ ''کافر'' لکھا ہوگا اور اسے ہر مسلمان پڑھ سکے گا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## (۵) بدعت:

دین میں ہر وہ نو پید چیز جو مسلمانوں میں رواج پا چکی ہو اور آپ کے بعد ظاہر ہوئی ہو، اسے بدعت کہتے ہیں۔

اقسام بدعت: بدعت کی دو قسمیں ہیں:

(i) بدعت حسنہ (ii) بدعت ضلالت

بدعت حسنہ: ہر وہ نئی بات ہے جو قرآن وحدیث اور اجماع امت کے منافی نہ ہو جیسے نماز تراویح باجماعت پڑھنا۔

بدعت ضلالت: ہر وہ نئی بات ہے جو قرآن وسنت اور اجماع امت کے منافی ہو جیسے داڑھی کی نئی تراش خراش ایجاد کرنا۔ اس کو بدعت سیئہ بھی کہتے ہیں۔

### حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر3:- درج ذیل اجزاء کے جوابات سپردِ قلم کریں؟

(۱) وضو کی کم از کم دس سنتیں لکھیں؟

(۲) مستعمل پانی کون سا ہوتا ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟

(۳) موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

(۴) نجس چیز کو پاک کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

(۵) غسل فرض ہونے کے کم از کم تین اسباب لکھیں؟

(۶) استحاضہ سے کیا مراد ہے اور ایسی عورت طہارت کیسے حاصل کرے گی؟

## جوابات: (۱) وضو کی سنتیں:

(۱) تسمیہ پڑھنا، (۲) بلند جگہ پر بیٹھ کر وضو کرنا، (۳) ہر عضو کو تین بار دھونا، (۴) قبلہ رخ بیٹھ کر وضو کرنا، (۵) مسواک کرنا، (۶) نیت کرنا، (۷) پورے سر کا ایک بار مسح کرنا، (۸) اعضاء کو اس طرح دھونا کہ پہلے والا عضو خشک نہ ہونے پائے، ۹- ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا، (۱۰) تین بار ناک میں پانی ڈالنا۔

## (۲) ماء مستعمل اور اس کا حکم:

وہ پانی جسے حصول طہارت کے لیے استعمال میں لایا جائے، اسے ماء مستعمل بھی کہتے ہیں۔ یہ خود تو پاک ہوتا ہے مگر پاک کرنے والا نہیں ہوتا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## (۳) موزوں پر مسح کا طریقہ کار:

مسح کا طریقہ یہ ہے کہ ہاتھ تر کر کے دائیں ہاتھ کی تین انگلیاں دائیں پاؤں کے موزہ کی پیٹھ کے سرے پر رکھ کر پنڈلی تک لے جایا جائے اور پھر اسی طرح بائیں ہاتھ کو بائیں پاؤں کے موزہ کی پیٹھ کے سرے پر رکھ کر پنڈلی تک لے جایا جائے۔ کم سے کم تین انگل تک کھینچے۔

## (۴) ناپاک چیزوں کے پاک کرنے کے طریقے:

نجس چیزوں کو پاک کرنے کے طریقے درج ذیل ہیں:

i- جو چیزیں خود نجس ہیں جب تک اپنی اصل کو چھوڑ کر کچھ اور نہ ہو جائیں پاک نہیں ہو سکتیں۔

ii- بہنے والی چیزوں (پانی) وغیرہ سے دھو کر نجس چیز کو پاک کر سکتے ہیں۔

iii- شیشے وغیرہ جیسی چیزیں پونچھنے (رگڑنے) سے پاک ہو جاتی ہیں۔

iv- منی کپڑے پر لگ کر اگر خشک ہو جائے، تو فقط مل کر جھاڑنے اور صاف کرنے سے کپڑا پاک ہو جاتا ہے۔

v- جسم دار نجاست رگڑنے سے دور ہو جاتی ہے اور نجس چیز پاک ہو جاتی ہے۔

vi- نجس زمین خشک ہو کر پاک ہو جاتی ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

## (۵) اسباب غسل کے فرائض:

وہ اسباب جو غسل کو فرض کر دیتے ہیں یہ ہیں:

۱- منی کا اپنے مرکز سے لذت اور شہوت کے ساتھ جدا ہونا۔

۲- مرد کی شرمگاہ کا عورت کی شرمگاہ میں حشفہ کی مقدار داخل ہونا۔

۳- حیض کی مدت پوری ہونے پر۔

۴- نفاس کی مدت پوری ہونے پر۔

## (۶) استحاضہ:

وہ خون ہے، جو عورت کو حیض اور نفاس کے علاوہ مخصوص مقام سے آتا ہے۔ اس کو بیماری کا خون بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے کم وزیادہ کی کوئی مدت نہیں ہے۔

## استحاضہ کی طہارت کا طریقہ کار:

استحاضہ والی اگر غسل کر کے نماز ظہر اخیر وقت میں اور نماز عصر اوّل وقت میں اور نماز مغرب غسل کر کے اخیر وقت میں اور نماز عشاء وضو کر کے اوّل وقت میں پڑھے اور پھر نماز فجر غسل کر کے پڑھے تو بہتر ہے اور

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



عجب نہیں کہ اس ادب کی رعایت کی برکت سے اس کے مرض کو بھی فائدہ ہو۔

سوال نمبر 4:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) ارکانِ نماز تحریر کریں؟

(۲) خواتین کے لیے نمازوں کا افضل وقت کیا ہے؟

(۳) نماز میں عمل کثیر سے کیا مراد ہے اور عمل کثیر کا حکم کیا ہے؟

(۴) پیشاب کرتے وقت کس جانب رخ ہونا چاہیے؟

(۵) نجاست کی کتنی قسمیں ہیں؟ ان کی تعریف بھی کریں؟

(۶) اگر چند اذانیں سنیں تو کس اذان کا جواب دیں گے؟

جوابات:۔ (۱) نماز کے ارکان:

نماز کے ارکان درج ذیل ہیں:

(i) فرض نماز میں قدرت کے ساتھ کھڑے ہونا۔

(ii) تکبیر تحریمہ (iii) فاتحہ کی قرأت

(iv) رکوع کرنا، (v) سجدہ کرنا،

(vi) آخری تشہد کے لیے بیٹھنا (vii) اختیار سلام پھیرنا۔

(۲) عورتوں کے لیے نماز کا وقت افضل:

عورتوں کے لیے فجر کی نماز اوّل وقت میں ادا کرنا مستحب ہے اور دیگر نمازوں کو مردوں کی جماعت کا انتظار کرنے کے بعد پڑھیں تو ان کے لیے بہتر ہے۔

(۳) نماز میں عمل کثیر:

نماز میں عمل کثیر سے متعلق فقہاء کے تین اقوال ہیں:

(i) کوئی ایسا کام کرنا کہ دیکھنے والے کو غالب گمان ہونے لگے کہ یہ کام کرنے والا نماز ادا نہیں کر رہا یعنی نماز پڑھ نہیں رہا۔

(ii) اپنے دونوں ہاتھوں کو کسی اور کام میں مشغول کرنا۔

(iii) نماز کے کسی ایک ہی رکن میں مسلسل تین بار حرکت کرنا مثلاً خارش کرنا یا ٹوپی سیدھی کرنا وغیرہ۔

حکم: اگر یہ تمام حرکات سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى کہنے کی مقدارِ وقت کے بار بار کرنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



### (۴) پیشاب کرتے وقت سمت کا تعین کرنا:

پیشاب کرتے وقت شمالاً و جنوباً رخ ہونا چاہیے۔

### (۵) نجاست کی قسمیں:

نجاست کی دو قسمیں ہیں:

نجاست غلیظہ: ایسی نجاست جس کا جسم ہو اور وہ دل دار ہو جیسے پاخانہ، خون وغیرہ۔

نجاست خفیفہ: ایسی نجاست جس کا نہ تو جسم ہو اور نہ ہی وہ گاڑھی ہو۔

### (۶) جواب اذان:

اگر ایک سے زائد مساجد میں ایک ساتھ اذانیں ہو رہی ہوں، تو قریبی مسجد کی اذان کا جواب دیا جائے گا۔

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2023ء/۱۴۴۴ھ

## چوتھا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:-(الف) باب "نَصَرَ يَنْصُرُ" سے ماضی معروف کی گردان لکھیں؟ ۱۰

(ب) ماضی احتمالی، فعل معروف اور فعل نفی جحد کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

سوال نمبر 2:-(الف) اسم کی تینوں قسموں کی تعریفات اور مثالیں تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

(ب) ماضی قریب بنانے کا طریقہ مثال دے کر لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 3:-(الف) مندرجہ ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

۳×۵=۱۵

(۱) مثال (۲) مہموز (۳) مزید فیہ (۴) صحیح (۵) مجرد

(ب) باب "ضَرَبَ يَضْرِبُ" سے اسم مفعول کی گردان ترجمہ کے ساتھ لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 4:-(الف) حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کی پہچان کا طریقہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف لکھیں۔ نیز بے ہمزہ وصل کے ابواب کی تعداد اور نام تحریر کریں؟

۳×۵=۱۵

سوال نمبر 5:- درج ذیل الفاظ میں سے پانچ کے بارے میں بتائیں کہ کون سے صیغے ہیں؟

۵×۵=۲۵

(۱) يَنْصُرُوْنَ (۲) ضَوَارِبُ (۳) مُكْرَمٌ (۴) اسْمَعْ بِهٖ (۵) لَنْ تَفْتَحَ

(۶) فَاتِحٌ

☆☆☆☆

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2023ء

## چوتھا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1:-(الف) باب "نَصَرَ يَنْصُرُ" سے ماضی معروف کی گردان لکھیں؟

(ب) ماضی احتمالی، فعل معروف اور فعل نفی جحد کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

جوابات:

(الف) "نَصَرَ يَنْصُرُ" سے ماضی معروف کی گردان:

نَصَرَ، نصَرَا، نَصَرُوْا، نَصَرَتْ، نَصَرَتَا، نُصَرْنَ، نَصَرْتَ، نَصَرْتُمَا، نصَرْتُمْ، نَصَرْتِ، نَصَرْتُمَا، نَصَرْتُنَّ، نَصَرْتُ، نَصَرْنَا ۔

(ب) اصطلاحات کی تعریفات:

• ماضی احتمالی: وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے واقع ہونے میں شک ظاہر کرے مثلاً لَعَلَّمَا فَعَلَ (اس نے کیا ہوگا)

فعل معروف: اس فعل کو کہتے ہیں جس کا فاعل معلوم ہو جیسے شَرُفَ زَيْدٌ (زید بزرگ ہوا)

فعل نفی جحد: وہ فعل جو ماضی کے انکار پر دلالت کرتا ہو جیسے لَمْ يَضْرِبْ (اس نے نہیں مارا)

سوال نمبر 2:-(الف) اسم کی تینوں قسموں کی تعریفات اور مثالیں تحریر کریں؟

(ب) ماضی قریب بنانے کا طریقہ مثال دے کر لکھیں؟

جوابات: (الف) اقسام اسم کی تعریفات:

اسم کی تین قسمیں ہیں:

(۱) مصدر: جس اسم سے دوسرے کلمے بنائے جاتے ہیں جیسے ضَرْبٌ۔

(۲) مشتق: جو اسم دوسرے کلمہ سے بنا ہو جیسے ضَارِبٌ۔

(۳) جامد: جس اسم سے نہ کوئی کلمہ بنے اور نہ وہ خود کسی کلمہ سے بنا ہو جیسے رَجُلٌ۔

(ب) ماضی قریب بنانے کا طریقہ:

ماضی مطلق کے شروع میں لفظ قد لگانے سے ماضی قریب بن جاتی ہے جیسے قَدْ فَعَلَ (اس نے کیا) قَدْ فُعِلَ (وہ کیا گیا)

سوال نمبر 3:-(الف) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۱) مثال (۲) مہموز (۳) مزید فیہ (۴) صحیح (۵) مجہول

(ب) باب "ضَرَبَ یَضْرِبُ" سے اسم مفعول کی گردان ترجمہ کے ساتھ لکھیں؟

## جوابات: (الف) اصطلاحات کی تعریفات:

۱-مثال: وہ اسم یا فعل ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو جیسے وعد، وعد اور یَسْرٌ، یَسَرَ۔

۲-مہموز: وہ اسم یا فعل ہے جس کے حروف اصلیہ میں سے کسی ایک کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے اَمْرٌ، اَمَرَ/ سُؤَالٌ، سَأَلَ/ قَرْءٌ، قَرَأَ۔

۳-مزید فیہ: وہ کلمہ جس میں حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی زائد حرف ہو جیسے اَکْرَمُ، قَنْدِیْلٌ، خَنْلَبَہٗ۔

۴-صحیح: وہ اسم یا فعل جس کے فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں نہ حرف علت، نہ ہمزہ اور نہ ہی دو ہم جنس حرف ہوں جیسے ضَرْبٌ ضَرَبَ۔

۵-مجہول: وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ (زید مارا گیا)

## (ب) "ضَرَبَ یَضْرِبُ" سے اسم مفعول کی گردان:

| | |
|---|---|
| مَضْرُوْبٌ | مارا ہوا ایک مرد |
| مَضْرُوْبَانِ | مارے ہوئے دو مرد |
| مَضْرُوْبُوْنَ | مارے ہوئے سب مرد |
| مَضْرُوْبَۃٌ | ماری ہوئی ایک عورت |
| مَضْرُوْبَتَانِ | ماری ہوئی دو عورتیں |
| مَضْرُوْبَاتٌ | ماری ہوئی سب عورتیں |
| مَضَارِیْبُ | مارے ہوئے سب مرد اور سب عورتیں |
| مُضَیْرِیْبٌ | کم مارا ہوا ایک مرد |
| مُضَیْرِیْبَۃٌ | کم ماری ہوئی ایک عورت |

سوال نمبر 4:-(الف) حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کی پہچان کا طریقہ تحریر کریں؟

(ب) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف لکھیں نیز بے ہمزہ وصل کے ابواب کی تعداد اور نام تحریر کریں؟

## جوابات: (الف) حروف اصلیہ کی پہچان:

وہ حروف جوف۔ع۔ل کے مقابلہ میں ہوں جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## حروف زائدہ کی پہچان:

وہ حروف جوف۔ع۔ل کے مقابلہ میں نہ ہوں جیسے اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ۔ اس میں اُلف زائد ہے۔

### نقشہ

(اصلیہ)

| | | |
|---|---|---|
| ف | ع | ل |
| ص | ر | ب |

(زائدہ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ف | ع | ل |
| ا | ک | ر | م |

## (ب) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف:

وہ اسم یا فعل جس میں تین حروف اصلی کے علاوہ کوئی زائد حرف ہو جیسے اَکْرَمُ۔

## بے ہمزہ وصل کے ابواب:

بے ہمزہ وصل کے پانچ ابواب ہیں، جن کے نام یہ ہیں:

۱-افعال، ۲-تفعیل، ۳-تفعل، ۴-مفاعلۃ، ۵-تفاعل

سوال نمبر 5:- درج ذیل الفاظ کے بارے میں بتائیں کہ کون سے صیغے ہیں؟

(۱) يَنْصُرُوْنَ (۲) ضَوَارِبُ (۳) مُكْرِمٌ (۴) اَسْمِعْ بِهٖ (۵) لَنْ تَفْتَحَ

(۶) فَاتِحٌ

جواب:

| الفاظ | صیغہ |
|---|---|
| يَنْصُرُوْنَ | جمع مذکر فعل مضارع ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعُلُ |
| ضَوَارِبُ | جمع مؤنث مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعِلُ |
| مُكْرَمٌ | واحد مذکر اسم مفعول مضارع مجہول از باب فَعَلَ يَفْعُلُ |
| اَسْمِعْ بِهٖ | واحد مذکر فعل التعجب منه |
| لَنْ تَفْتَحَ | واحد مؤنث غائب بحث نفی تاکید بلن ناصبہ معلوم ثلاثی مجرد از باب فَعَلَ يَفْعَلُ |
| فَاتِحٌ | واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعَلُ |

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2023ء/۱۴۴۴ھ

### پانچواں پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: صرف تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- (الف) جملہ اسمیہ، جملہ فعلیہ کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں؟ ۱۰

(ب) جملہ انشائیہ کی اقسام تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) فاعل کی علامات سپردِ قلم کریں؟ ۱۴

سوال نمبر 2:- (الف) اسم غیر متمکن کی کتنی اقسام ہیں؟ کوئی سی پانچ مثالوں سمیت لکھیں؟ ۱۵

(ب) معرفہ کی اقسام تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) مرکب غیر مفید تقییدی کی اقسام لکھ کر کسی ایک کی تعریف مثال سمیت تحریر کریں؟ ۸

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

(۱) معرفہ (۲) معرب (۳) جمع مکسر (۴) کلمہ (۵) نکرہ

(ب) کلمہ کی اقسام مثالوں سمیت تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) مبنی کی تعریف کر کے یہ بتائیں کہ مبنی الاصل کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں؟ ۸

سوال نمبر 4:- (الف) درج ذیل میں سے تین کے جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہونے کی نشاندہی کریں؟ ۱۰

(۱) ضَرَبَ زَيْدٌ، (۲) زَيْدٌ قَائِمٌ

(۳) قال رسول الله صلى الله عليه وسلم، (۴) اِنَّ اللهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

(ب) درج ذیل میں سے پانچ کے بارے میں بتائیں کہ وہ کون سا مرکب ہے؟ ۵×۳=۱۵

(۱) غُلَامُ زَيْدٍ (۲) تَسْعَةَ عَشَرَ (۳) رَجُلٌ فَاضِلٌ

(۴) ذَهَبَ زَيْدٌ (۵) رَجُلٌ ظَرِيْفٌ (۶) زَيْدٌ كَاتِبٌ (۷) بَيْتُ زَيْدٍ

(ج) زَيْدٌ كَاتِبٌ کی ترکیب کریں؟

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2023ء

## پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر 1:- (الف) جملہ اسمیہ، جملہ فعلیہ کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں؟

(ب) جملہ انشائیہ کی اقسام تحریر کریں؟

(ج) فعل کی علامات سپردِ قلم کریں؟

جوابات:

(الف) اصطلاحات کی تعریفات:

جملہ اسمیہ: وہ جملہ خبریہ ہے جس کی پہلی جز اسم ہو جیسے زَيْدٌ كَاتِبٌ۔

جملہ فعلیہ: وہ جملہ خبریہ ہے جس کی پہلی جز فعل ہو جیسے قَامَ زَيْدٌ۔

(ب) جملہ انشائیہ کی اقسام:

جملہ انشائیہ کی دس اقسام ہیں:

(۱) امر مثلاً اِضْرِبْ، (۲) نہی جیسے لَا تَضْرِبْ، (۳) تمنی جیسے لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ، (۴) استفہام جیسے هَلْ ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا، (۵) ترجی جیسے لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ، (۶) عقود جیسے بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ، (۷) نداء جیسے يَا اَللّٰهُ، (۸) عرض جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيبَ خَيْرًا، (۹) قسم جیسے وَاللّٰهِ لَاَضْرِبَنَّ زَيْدًا، (۱۰) تعجب جیسے مَا اَحْسَنَهٗ وَاَحْسِنْ بِهٖ۔

(ج) فعل کی علامات:

فعل کی آٹھ علامتیں ہیں:

i- شروع میں لفظ قَدْ ہو جیسے قَدْ سَمِعَ، ii- شروع میں حرف سین ہو جیسے سَيَقُوْلُ، iii- شروع میں لفظ سَوْفَ ہو جیسے سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ، iv- شروع میں حرف جازم داخل ہو جیسے لَمْ يَسْمَعْ، v- اس سے ضمیر ملی ہوئی ہو جیسے فَعَلْتُ، vi- اس کے آخر میں تائے ساکنہ ہو جیسے ضَرَبَتْ، vii- صیغہ امر کا ہو جیسے اُنْصُرْ، viii- کلمہ نہی کا صیغہ ہو جیسے لَا تَضْرِبْ۔

سوال نمبر 2:- (الف) اسم غیر متمکن کی کتنی اقسام ہیں؟ کوئی سی پانچ مثالوں سمیت لکھیں؟

(ب) معرفہ کی اقسام تحریر کریں؟

(ج) مرکب غیر مفید تقییدی کی اقسام لکھ کر کسی ایک کی تعریف مثال سمیت تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جوابات:

## (الف) اسم غیر متمکن کی اقسام:

(۱) اسمائے اشارہ یعنی جو مشار الیہ پر دلالت کرے جیسے ذَا، ذَانِ۔

(۲) اسماء افعال: وہ اسماء ہیں، جن کی شکل اسموں جیسی ہو اور معانی افعال والے ہوں۔ ان کی دو اقسام ہیں:

(i) اسماء افعال بمعنیٰ امر حاضر: وہ کل چھ ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) رُوَيْدَ، (۲) بَلْهَ، (۳) حَيَّهَلْ، (۴) عَلَيْكَ، (۵) دُوْنَكَ، (٦) هَا جیسے رُوَيْدَ زَيْدًا بمعنی أَمْهِلْهُ۔

(ii) اسماء افعال بمعنیٰ فعل ماضی: یہ کل تین ہیں:

(۱) هَيْهَاتَ، (۲) شَتَّانَ، (۳) سَرْعَانَ مثلاً هَيْهَاتَ يَوْمُ الْعِيْدِ۔

(۳) اسماء ظروف زمان: وہ اسماء ہیں، جو کام کرنے کے زمانہ پر دلالت کریں؟ اس کی دو اقسام ہیں:

(i) اسماء ظرف زمان مبہم: وہ ہیں جن کی حد متعین نہ ہو، وہ تین ہیں:

(۱) حِيْنًا، (۲) وَقْتًا، (۳) دَهْرًا

(ii) اسماء ظرف زمان محدود: وہ اسماء ہیں، جن کی حد متعین ہو، وہ چھ ہیں:

(۱) دَقِيْقَةً، (۲) لَيْلًا، (۳) يَوْمًا، (۴) سَبْتًا، (۵) شَهْرًا، (٦) سَنَةً۔

(۴) اسمائے کنایات یعنی جو مبہم چیز پر دلالت کرے جیسے کم رجلا عندک۔

(۵) اسمائے اصوات یعنی جو لفظ کسی آواز کی حکایت یا جانور کو آواز دینے کے لیے بولا جائے جیسے غاق (کوے کی آواز)

## (ب) معرفہ کی اقسام:

اسم معرفہ کی سات قسمیں ہیں:

(۱) اسم ضمیر (۲) اسم اشارہ (۳) اسم موصولہ (۴) علم (۵) معرف باللام (٦) ان پانچ میں سے کسی طرف مضاف ہو (۷) منادیٰ۔

## (ج) مرکب غیر مفید تقییدی کی قسمیں:

مرکب غیر مفید تقییدی کی تین قسمیں ہیں:

۱- مرکب بنائی، ۲- مرکب صوتی، ۳- مرکب منع صرف۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



مرکب صوتی: ایسا مرکب جس کی دوسری جزءصوت ہو جیسے راھویہ۔

سوال نمبر3:-(الف) درج ذیل کی تعریفات تحریر کریں؟

(۱) معرفہ (۲) معرب (۳) جمع مکسر (۴) کلمہ (۵) نکرہ

(ب) کلمہ کی اقسام مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) مبنی کی تعریف کر کے یہ بتائیں کہ مبنی الاصل کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں؟

## جوابات:

### (الف) تعریفات اصطلاحات:

۱-معرفہ: وہ اسم جو معین چیز پر دلالت کرے مثلاً زَیْدٌ۔

۲-معرب: وہ اسم جو غیر کے ساتھ مرکب ہو مگر مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو جیسے قَامَ زَیْدٌ میں زید معرب ہے۔

۳-جمع مکسر: وہ جمع جس میں واحد کی بناء سلامت نہ رہے جیسے رِجَالٌ۔

۴-کلمہ: وہ کلمہ جو معنیٰ مفرد کے لیے وضع کیا گیا ہو جیسے زَیْدٌ۔

۵-نکرہ: وہ اسم جو غیر معین چیز پر دلالت کرے جیسے کِتَابٌ۔

### (ب) کلمہ کی اقسام:

کلمہ کی تین قسمیں ہیں:

اسم: وہ کلمہ جو اپنے معنی پر خود دلالت کرے جیسے زَیْدٌ۔

فعل: وہ کلمہ جو اپنے معنی پر خود دلالت کرے اور تین زمانوں میں سے کسی ایک کے ساتھ ملا ہوا ہو جیسے ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

حرف: وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر دلالت کرنے کے لیے کسی کا محتاج ہو جیسے مِنْ۔

### (ج) مبنی کی تعریف:

وہ اسم ہے جس کا آخر عوامل کے مختلف ہونے سے مختلف نہ ہو جیسے ھٰٓؤُلَآءِ۔

مبنی الاصل: تین چیزیں ہیں:

۱-فعل ماضی، ۲-فعل امر حاضر معروف، ۳-تمام حروف

سوال نمبر4:-(الف) درج ذیل کی جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہونے کی نشاندہی کریں؟

(۱) ضَرَبَ زَیْدٌ، (۲) زَیْدٌ قَائِمٌ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۳) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، (۴) اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ

(ب) درج ذیل کے بارے میں بتائیں کہ وہ کون سا مرکب ہے؟

(۱) غُلَامُ زَیْدٍ (۲) تِسْعَةَ عَشَرَ (۳) رَجُلٌ فَاضِلٌ

(۴) ذَهَبَ زَیْدٌ (۵) رَجُلٌ ظَرِیْفٌ (۶) زَیْدٌ کَاتِبٌ (۷) بَیْتُ زَیْدٍ

(ج) زَیْدٌ کَاتِبٌ کی ترکیب کریں؟

## جوابات:

(الف) جملہ اسمیہ: زَیْدٌ قَائِمٌ، اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ۔

جملہ فعلیہ: ضَرَبَ زَیْدٌ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔

(ب) مرکب کی پہچان:

| | | | |
|---|---|---|---|
| غُلَامُ زَیْدٍ | مرکب اضافی (غیر مفید) | تِسْعَةَ عَشَرَ | مرکب بنائی (غیر مفید) |
| رَجُلٌ فَاضِلٌ | مرکب توصیفی (غیر مفید) | ذَهَبَ زَیْدٌ | مرکب مفید جملہ فعلیہ |
| رَجُلٌ ظَرِیْفٌ | مرکب توصیفی (غیر مفید) | زَیْدٌ کَاتِبٌ | مرکب مفید جملہ اسمیہ |
| بَیْتُ زَیْدٍ | مرکب اضافی (غیر مفید) | | |

(ج) ترکیب:

زَیْدٌ مسند الیہ (مبتداء) کَاتِبٌ مسند (خبر) مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2023ء/۱۴۴۴ھ

## چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی سے دو دو سوالات حل کریں۔

### حصہ اوّل ...... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:-(الف) خالی جگہ پُر کریں؟ ۵×۲=۱۰

(۱) جابر بن حیان ...... کا ماہر تھا۔

(۲) بوعلی سینا مسلم دنیا کا ...... کہلاتا ہے۔

(۳) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے ...... استعمال ہوتی ہے۔

(۴) ای۔پی۔آئی ...... کا مخفف ہے۔

(۵) خسرے کے انجیکشن بچے کو ...... سال کی عمر میں لگائے جاتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟ ۵×۲=۱۰

(۱) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

(۲) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔

(۳) جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(۴) بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے ہیں۔

(۵) جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں۔

سوال نمبر 2:-قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر ہے۔ جواب کی وضاحت دو قرآنی آیات کے حوالے سے کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 3:-دماغی بیماریوں کے بارے مختصر بیان کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 4:-سائنس کی حدود کیا ہیں؟ مفصل تحریر کریں؟ ۱۵

### حصہ دوم ...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:-(الف) خالی جگہ پُر کریں؟ ۵×۲=۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۱) محمد بن قاسم رحمہ اللہ تعالیٰ نے ...... میں سندھ پر حملہ کیا۔

(۲) برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد...... نے رکھی۔

(۳) نادر شاہ نے ...... میں برصغیر پر حملہ کیا۔

(۴) بادشاہ اکبر نے کلمہ طیبہ میں لا الہ الا اللہ کی جگہ...... داخل کر دیا۔

(۵) ...... کی فتوحات نے برصغیر میں اشاعت اسلام کی راہ ہموار کی۔

(ب) مختصر جواب لکھیں؟ ۵×۲=۱۰

(۱) برصغیر میں اشاعتِ اسلام کا سب سے پہلا سبب کیا تھا؟

(۲) قطب الدین ایبک کا مزار کہاں واقع ہے؟

(۳) قائد اعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کب سنبھالی؟

(۴) انگریز کے خلاف فتویٰ جہاد سب سے پہلے کس نے دیا؟

(۵) جنگ آزادی میں حصہ لینے والے دو مشائخ کے نام لکھیں؟

سوال نمبر 6:- انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات تفصیلاً تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 7:- قائداعظم کے چودہ نکات میں سے کم از کم سات تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 8:- حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی اصلاحی کوششوں کے بارے تفصیل سے لکھیں؟ ۱۵

☆☆☆☆

## درجہ عامہ (سالِ اوّل) برائے طالبات بابت 2023ء

## چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ

## حصہ اوّل...... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:- (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) جابر بن حیان...... کا ماہر تھا۔

(۲) بوعلی سینا مسلم دنیا کا...... کہلاتا ہے۔

(۳) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے...... استعمال ہوتی ہے۔

(۴) ای۔پی۔آئی...... کا مخفف ہے۔

(۵) خسرے کے انجیکشن بچے کو...... سال کی عمر میں لگائے جاتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

(۱) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۲) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔

(۳) جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(۴) بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے ہیں۔

(۵) جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں۔

## جوابات: (الف) خالی جگہ:

۱- علم کیمیا، ۲- ارسطو، ۳- خوردبین،

۴- Expanded Programme on Immunization، ۵-9

## (ب) درست اور غلط کی نشاندہی:

۱- ص، ۲- ص، ۳- غ، ۴- ص، ۵- ص

سوال نمبر 2: قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر ہے۔ جواب کی وضاحت دو قرآنی آیات کے حوالے سے کریں؟

## جواب: قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت:

اسلام ایک مکمل دین ہے، جو زندگی کے تمام پہلوؤں کو پیش نظر رکھتا ہے اور قدرت کے مظاہر اور دستیاب وسائل کو انسانی فلاح اور بہبود کے لیے استعمال میں لانے کی دعوت دیتا ہے۔

چونکہ اسلام ایک عملی دین ہے، اس لیے جس تعلیم کی یہ تلقین کرتا ہے اس کی بنیاد دلیل، مشاہدہ، تجربہ اور نتائج کے اخذ کرنے پر ہوتی ہے۔ قرآن شریف کی بہت سی آیات میں اس کے واضح اشارات ملتے ہیں۔

☆ اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ ترجمہ: کیا وہ نہیں دیکھتے۔

☆ اَفَلَا یَتَفَکَّرُوْنَ ترجمہ: کیا وہ غور نہیں کرتے۔

☆ اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ ترجمہ: کیا وہ تدبر نہیں کرتے۔

قرآن حکیم کی مختلف آیات میں علم اور اس کی فضیلت کا بار بار ذکر کیا گیا ہے۔ بلکہ وحی الٰہی کا آغاز ہی ایک ایسی سورت سے ہوا جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو صیغہ امر (حکمیہ) میں پڑھنے کے بارے میں ارشاد فرمایا گیا۔

ترجمہ: پڑھ ساتھ نام پروردگار اپنے کے جس نے پیدا کیا۔ پیدا کیا انسان کو جمے ہوئے خون سے۔ پڑھ اور پروردگار تیرا بہت کرم کرنے والا ہے۔ جس نے قلم سے تعلیم دی۔ انسان کو وہ علم دیا جسے وہ نہ جانتا تھا۔ (سورۃ العلق، آیت: 1 تا 5)

قرآنی آیات کی طرح متعدد احادیث میں بھی علم، اس کی اہمیت اور مسلمانوں پر اس کی فرضیت کو بیان

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



کیا گیا ہے۔ مثلاً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہر مسلمان مرد و عورت پر علم حاصل کرنا فرض ہے۔
اسی طرح ایک اور حدیث ہے ''گود (پنگوڑے) سے گور (قبر) تک علم حاصل کرو۔''

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اور ہم نے ہر چیز سے جوڑا پیدا کیا ہے تا کہ تم سمجھو۔''

انسان اور دیگر جانداروں میں تو ہم ہر جنس کے جوڑے جوڑے کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ تاہم سائنسدان بتلاتے ہیں کہ چھوٹے سے چھوٹے کیڑے مکوڑے سے لے کر سمندر کی بڑی بڑی مخلوق تک ہر چیز کو اللہ تعالیٰ نے جوڑا جوڑا پیدا کیا ہے۔ نر و مادہ کے جوڑے سے ہی آگے حیوانات یا نباتات کی نسل چلتی ہے۔

اگر انسان ان چیزوں میں غور و فکر کریں تو اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی وحدانیت سمجھ میں آسکتی ہے تا کہ ہم نصیحت حاصل کریں؟ سورۃ الکہف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

ترجمہ: فرما دیجیے کہ اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لیے سمندر (کا پانی) روشنائی (کی جگہ) ہو تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے (اور باتیں احاطہ میں نہ آئیں) اگرچہ اس (سمندر) کی مثل ایک دوسرا سمندر (اس کی) مدد کے لیے ہم لے آئیں۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ انسانی علم و عقل حقائق اشیاء کے ادراک سے عاجز ہے۔

سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہوتا ہے: اور تمہیں نہایت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔

بڑے بڑے سائنسدان حقیقت کے علم کا دعویٰ نہیں کر سکتے اور ان کے نظریات آئے دن بدلتے رہتے ہیں۔ قرآن پاک نے ہمیں غور و فکر کی دعوت دی ہے اور یہی سائنس کی بنیاد ہے۔

سوال نمبر 3:- دماغی بیماریوں کے بارے مختصر بیان کریں؟

**جواب:**

دماغی بیماریوں میں سائیکوسس اور نیوروسس قابل ذکر ہیں جن کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے:

سائیکوسس: اس میں ڈیلیریم اور ڈپریشن قابل ذکر ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

ڈیلیریم: یہ بیماری تیزی سے ظاہر ہوتی ہے جس کی کئی وجوہات ہیں مثلاً نشہ اور دماغ میں آکسیجن کی کمی وغیرہ۔

ڈپریشن: اس میں انسان اپنے آپ کو حقیر سمجھتا ہے، انسان کی طبیعت پریشان رہتی ہے اور ہر کام میں اپنے آپ کو قصوروار سمجھتا ہے۔ وزن کم ہونا اور کمر درد ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

ہسٹیریا: یہ بیماری زیادہ عورتوں میں ہوتی ہے۔ اندھا پن، سر درد، کانوں میں گھنٹیاں بجنا، فالج، کپکپی طاری ہونا اور بھوک نہ لگنا اس بیماری کی علامات ہیں۔

فوبیا: بے جا اور نامناسب خوف جو صرف کسی ایک جگہ، شخص یا چیز مثلاً بس، کھلی جگہ یا بند جگہ اس کی علامات ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



نروس بریک ڈاؤن: اس بیماری کا موجب ڈپریشن بنتا ہے، یہ کیفیت زیادہ دیر تک نہیں رہتی ہے۔ یہ مرض اس صورت میں تشخیص ہوتا ہے جب مریض اداسی کا شکار ہوتا ہے۔

علاج: فوراً کسی ماہر سائیکوٹسٹ کے پاس جانا چاہیے۔

سوال نمبر 4:۔ سائنس کی حدود کیا ہیں؟ مفصل تحریر کریں؟

جواب: سائنس اور اس کی حدود:

دور جدید میں سائنس کی حدود وسیع تر ہوتی جا رہی ہیں۔ گزشتہ نصف صدی میں سائنس اور ٹیکنالوجی نے جس برق رفتاری سے ترقی کی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ جو کل تک ناممکن نظر آتا تھا آج معمولی مظہر دکھائی دیتا ہے۔ اس کے باوجود کچھ معاملات میں سائنس بے بس نظر آتی ہے۔ وہاں پر ابھی تک سائنس کی حدیں نہیں پہنچ سکیں۔

میڈیکل کا شعبہ: اگر میڈیکل کے شعبہ میں دیکھا جائے، تو جینیٹک انجینئرنگ کے ذریعے ہارمون اور مختلف لاعلاج بیماریوں کے خلاف ویکسین تیار کر لی گئی ہے، لیکن جنیٹک بیماریاں ابھی تک لاعلاج ہیں۔ ایڈز، ہیپاٹائٹس اور کینسر بھی ابھی تک لاعلاج امراض ہیں۔

زراعت کا شعبہ: زراعت میں بھی زیادہ پیداوار دینے والے بیج دریافت کیے گئے۔ اس کے باوجود انسان کے لیے خوراک کا مسئلہ پوری طرح حل نہ ہو سکا۔

خلائی تحقیق: چاند کی تسخیر ابھی تک ہوئی ہے، اس کے بعد مریخ اور نظام شمسی کے دیگر سیاروں کی تسخیر ابھی باقی ہے۔

انرجی کی طلب اور آبادی: جوں جوں آبادی بڑھ رہی ہے انرجی کی طلب میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ زمین کے نیچے چھپے ذخائر ختم ہو رہے ہیں اور ابھی تک متبادل ذرائع دریافت نہیں کیے جا سکے۔ نیوکلیئر انرجی کا استعمال ضرور بڑھ رہا ہے لیکن اس کے ویسٹ کو ٹھکانے لگانا ایک مسئلہ ہے۔

سائنس اور قدرتی آفات: تمام تر تحقیقات اور ترقی کے باوجود قدرتی آفات پر قابو نہیں پایا جا سکا مثلاً زلزلوں کی تباہ کاریاں، اس سے متعلق آگاہی اور مناسب احتیاطی تدابیر میں سائنسدان کامیاب نہیں ہو سکے۔

## حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) محمد بن قاسم رحمہ اللہ تعالیٰ نے...... میں سندھ پر حملہ کیا۔

(۲) برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد...... نے رکھی۔

(۳) نادر شاہ نے...... میں برصغیر پر حملہ کیا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۴) بادشاہ اکبر نے کلمہ طیبہ میں لا الٰہ الا اللہ کی جگہ......داخل کر دیا۔

(۵)......کی فتوحات نے برصغیر میں اشاعت اسلام کی راہ ہموار کی۔

(ب) مختصر جواب لکھیں؟

(۱) برصغیر میں اشاعتِ اسلام کا سب سے پہلا سبب کیا تھا؟

(۲) قطب الدین ایبک کا مزار کہاں واقع ہے؟

(۳) قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کب سنبھالی؟

(۴) انگریز کے خلاف فتویٰ جہاد سب سے پہلے کس نے دیا؟

(۵) جنگ آزادی میں حصہ لینے والے دو مشائخ کے نام لکھیں؟

جوابات: (الف) خالی جگہ:

۱-712ء، ۲-قطب الدین ایبک، ۳-1739ء، ۴-اکبر خلیفۃ اللہ، ۵-سلطان محمد غوری

(ب) مختصر جوابات:

(۱) برصغیر میں اشاعت اسلام کا سبب:

برصغیر میں اسلام کی اشاعت کا سبب مسلم تاجر اور مبلغین تھے۔

(۲) قطب الدین ایبک کا مزار:

ان کا مزار لاہور میں انارکلی بازار کے پاس ہے۔

(۳) مسلم لیگ کی قیادت:

قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت 1913ء میں سنبھالی۔

(۴) فتویٰ جہاد دینے والی شخصیت:

انگریزوں کے خلاف فتویٰ جہاد علامہ فضل حق خیرآبادی نے دیا۔

(۵) جنگ آزادی میں حصہ لینے والے مشائخ کے نام:

۱-مولانا مفتی لطف اللہ علی گڑھی، ۲-مولانا سید کفایت علی کافی مراد آبادی۔

سوال نمبر 6:-انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات تفصیلاً تحریر کریں؟

جواب: جنگ آزادی کے محرکات:

جنگ آزادی کے محرکات درج ذیل ہیں:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



1- انگریزوں کی آمد: شروع شروع میں انگریز تجارت کی غرض سے برصغیر میں داخل ہوئے، جب انہوں نے یہاں کے حالات کو اپنے لیے سازگار دیکھا، تو انہوں نے چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے معاملات میں دخل اندازی شروع کر دی اور یوں وہ اپنا اثر و رسوخ بڑھانے میں کامیاب ہو گئے۔ چنانچہ ایسٹ انڈیا کمپنی نے 1757ء میں نواب سراج الدولہ سے بنگال فتح کیا اور پھر 1857ء تک سو سال کے عرصہ میں ایک ایک کر کے تمام بڑی ریاستوں کو فتح کر لیا۔ دہلی فتح کرنے کے بعد انگلستان (برطانیہ) کی ملکہ وکٹوریہ نے برصغیر کو باقاعدہ برطانیہ کی نوآبادی بنانے کا اعلان کر دیا اور یوں مسلمان انگریز اور ہندو دونوں کی غلامی میں چلے گئے اور مسلمانوں کے اقتدار کی کشتی ڈوب گئی۔

2- انگریزوں کا غاصبانہ تسلط: اب مسلمانوں کے سامنے دو محاذ تھے برصغیر سے انگریز کے غاصبانہ تسلط کو ختم کرنا اور برصغیر کے مسلمانوں کے لیے دو قومی نظریہ کی بنیاد پر علیحدہ مملکت کا قیام جہاں مسلمان آزادی کے ساتھ اسلامی ثقافت کو فروغ دے سکیں اور اسلامی نظام حکومت قائم ہو سکے۔ ان دو محاذوں میں سے پہلا محاذ آزادی کا تھا۔ چنانچہ برصغیر کے مسلمانوں نے آزادئ ہند کے لیے جدوجہد شروع کر دی۔ اس کی بنیاد سیاسی، معاشرتی، مذہبی اور فوجی وجوہات بھی تھیں جن کی قدرے تفصیل درج ذیل ہے:

3- نسلی امتیاز: مسلمانوں نے اپنے دور اقتدار میں کبھی بھی نسلی امتیاز کی پالیسی پر عمل نہیں کیا تھا لیکن انگریز محکوم اقوام کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور ہر معاملے میں گورے کو کالے پر ترجیح دیتے تھے۔

4- مسلمانوں کا خاتمہ: چونکہ انگریز نے حکومت مسلمانوں سے چھینی تھی اس لیے وہ مسلمانوں کو اپنا دشمن سمجھتے تھے، وہ اس بات سے ڈرتے تھے کہ کہیں مسلمان دوبارہ اقتدار میں نہ آ جائیں، یہی وجہ ہے کہ وہ مسلمانوں کو سیاسی، اقتصادی اور سماجی لحاظ سے کچلنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرتے تھے۔

5- عیسائی پادریوں کی بے لگامی: انگریز حکومت برصغیر کے باشندوں (بالخصوص مسلمانوں) کو عیسائی بنانے میں زیادہ دلچسپی لے رہی تھی اور حکومتی سرپرستی میں مشن اسکولوں اور ہسپتالوں میں کھلم کھلا عیسائیت کی تبلیغ کی جاتی تھی۔

سوال نمبر 7:- قائداعظم کے چودہ نکات میں سے کم از کم سات تحریر کریں؟

جواب: قائداعظم کے چودہ نکات:

1929ء میں قائداعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے چودہ نکات پر مشتمل اصولوں کا ایک خاکہ تیار کیا، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) آئندہ آئین وفاقی طرز کا ہو جس میں صوبوں کو زیادہ خود مختاری دی جائے۔

(۲) تمام صوبائی حکومتوں کو ایک ہی اصول پر داخلی خود مختاری دی جائے۔

(۳) صوبوں میں اقلیتوں کو مؤثر نمائندگی دی جائے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۴) مرکزی مجلس قانون ساز میں مسلمانوں کی نمائندگی ایک تہائی سے کم نہیں ہونی چاہیے۔

(۵) جداگانہ انتخاب کا اصول ہر فرقہ پر لاگو ہونا چاہیے۔ البتہ اگر کوئی فرقہ چاہے تو اپنی مرضی سے مخلوط انتخاب قبول کر سکتا ہے۔

(۶) اگر صوبوں کی حدود میں تبدیلی کرنا مقصود ہو، تو اس بات کا خیال رکھا جائے کہ مسلم اکثریت والے صوبوں میں مسلمان بدستور اکثریت میں رہیں۔

(۷) تمام لوگوں کو یکساں اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہو۔

(۸) اگر کوئی مسودہ قانون کسی خاص فرقے سے متعلق ہو اور اس فرقے کے تین چوتھائی اراکین مسودہ قانون کے خلاف رائے دیں، تو اسے نامنظور سمجھا جائے۔

(۹) سندھ کو ممبئی سے الگ کر کے ایک صوبہ بنا دیا جائے۔

(۱۰) صوبہ بلوچستان اور شمال مغربی سرحدی صوبہ میں دیگر صوبوں کی مانند اصلاحات نافذ کی جائیں۔

(۱۱) مسلمانوں کو تمام ملازمتوں میں ان کی اہلیت کے مطابق حصہ دیا جائے۔

(۱۲) مسلمانوں کو مذہبی اور ثقافتی تحفظ دیا جائے۔

(۱۳) صوبائی اور مرکزی وزارتوں میں مسلمانوں کو کم از کم ایک تہائی نمائندگی دی جائے۔

(۱۴) صوبوں کی منظوری کے بغیر مرکزی آئین میں کوئی رد و بدل نہ کیا جائے۔

سوال نمبر 8:۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی اصلاحی کوششوں کے بارے تفصیل سے لکھیں؟

## جواب: حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی اصلاحی کوششیں

آپ 1703ء میں دہلی میں پیدا ہوئے، آپ نے ابتدائی دینی تعلیم اپنے والد شاہ عبدالرحیم سے حاصل کی۔ پھر اکثر علومِ دینیہ سے فراغت کے بعد اپنے والد کے مدرسہ میں درس و تدریس کرنے لگے پھر تدریس کا سلسلہ اپنے شاگردوں کے حوالے کر کے خود اسلامی تصانیف، معاشرے کی اصلاح، اسلامی اقدار کے تحفظ اور برصغیر میں غیر مسلم قوتوں کے خاتمہ کی کوشش میں مصروف ہو گئے۔ آپ نے قرآن مجید کا فارسی میں ترجمہ کیا اور درس حدیث کے ذریعے مسلمانوں کی اصلاح کا اہم کارنامہ سرانجام دیا۔

آپ نے احمد شاہ ابدالی اور نجیب الدولہ کو اکٹھا کیا اور پانی پت کا میدان جنگ سجا کر مرہٹوں کو ایسی ناقابل بیان شکست دی کہ وہ دوبارہ منظم نہ ہو سکے۔

آپ نے مسلمانوں کی سیاسی، مذہبی، ثقافتی اور سماجی حالت کو سدھارنے کے لیے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔

☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

تنظیم المدارس (اہلِ سنت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طالبات **2024**

سوالیہ پرچے کے ساتھ

# نورانی گائیڈ

## حل شدہ پرچہ جات

درجہ عامہ

**1**

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم عالیہ


**شبیر برادرز**®
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006


H_M_Hasnain_Asadi

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2024ء/۱۴۴۵ھ

وقت: تین گھنٹے　　پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں ہر سوال کے اندر جزوی رعایت موجود ہے۔

### پہلا حصہ ...... قرآن مجید

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل آیات قرآنیہ میں سے صرف چھ کا اردو میں ترجمہ کریں؟

60=10x6

(۱) الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖ اَنْ يُّوْصَلَ
وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۝

(۲) وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا
عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ۝

(۳) وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۝

(۴) وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ۝

(۵) بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۝

(۶) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ۝

(۷) فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ۝

(۸) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ۝

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل میں سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) بِشَارَةٌ | (۲) فِرَاشًا | (۳) جَاعِلٌ | (۴) الْعِجْلَ |
| (۵) قبلها | (۶) مَثُوْبَةٌ | (۷) الْاَسْبَاطُ | (۸) السُّفَهَاءُ |
| (۹) نزغ | (۱۰) السَّحَابُ | (۱۱) فِتْنَةٌ | (۱۲) طُغْيَانٌ |
| (۱۳) اِمْلَاقٌ | | | |

### دوسرا حصہ ..... تجوید

**سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے تین اجزاء کا جواب دیں؟** 30=10x3

(الف) آداب تلاوت پر نوٹ قلم کریں؟

(ب) اصول مخارج کتنے ہیں؟ نام لکھیں؟

(ج) اظہار اور اخفاء کا قاعدہ تحریر کریں؟

(د) ق، ص اور م میں سے دو کے مخارج تحریر کریں؟

(ہ) درج ذیل اصطلاحات میں سے کوئی سی تین کی وضاحت کریں؟

(۱) صفیر (۲) اطباق (۳) رخاوت (۴) قلقلہ

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2024ء

وقت: تین گھنٹے پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

### پہلا حصہ ..... قرآن مجید

**سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل آیات قرآنیہ میں سے صرف چھ کا اردو میں ترجمہ کریں؟**

(۱) اَلَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ
وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

(۲) وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا
عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝

(۳) وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝

(۴) وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝

(۵) بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

(٦) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِى الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

(۷) فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ۝

(۸) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝

H_M_Hasnain_Asadi

## آیاتِ قرآنیہ کا ترجمہ:

30

۱۔ وہ جو اللہ کے عہد کو توڑ دیتے ہیں پکا ہونے کے بعد اور کاٹتے ہیں اس چیز کو جسے اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں، وہی لوگ نقصان میں ہیں۔

۲۔ اور ڈرو اس دن سے جس دن کوئی جان دوسرے کا بدلہ نہ ہو سکے گی اور نہ کافر کے ... سفارش مانی جائے گی۔ اور نہ کچھ لے کر اس کی جان چھوڑی جائے گی۔ اور نہ ان کی مدد ہوگی۔

۳۔ اور جب تم نے ایک خون کیا، تو ایک دوسرے پر اس کی تہمت ڈالنے لگے۔ اللہ کو ظاہر کرنا، جو تم چھپاتے تھے۔

۴۔ اور (یہودی بولے) کہ ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہیں بلکہ اللہ نے ان پر لعنت کی ان کے کفر کے سبب، تو ان میں تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔

۵۔ نیا پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا جب وہ کسی بات کا حکم فرمائے تو اس سے یہی فرماتا ہے کہ ہوجا تو وہ ہو جاتی ہے۔

۶۔ اے لوگو! کھاؤ جو کچھ زمین میں حلال وطیب ہے اور شیطان کے قدم پر قدم نہ رکھو۔ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

۷۔ پھر جسے اندیشہ ہو کہ وصیت کرنے والے نے کچھ بے انصافی یا گناہ کیا ہے، تو ان میں صلح کرادی، اس پر کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۸۔ اور جب ان سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو، تو وہ کہتے ہیں: ہم تو سنوارنے والے ہیں۔

## سوال نمبر 2:

(الف) درج ذیل میں سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) تَنشزوا | (۲) فِرَاشًا | (۳) جَاعِلٌ | (۴) الْعِجل |
| (۵) أطلها | (۶) مَثُوبَة | (۷) الْاَسْبَاط | (۸) السُّفَهَاء |
| (۹) لنزع | (۱۰) السَّحَاب | (۱۱) فِتْنَة | (۱۲) طُغْيَان |

## الفاظ کے معانی

۱- پردہ ۲- بچھونا ۳- بنانے والا ۴- بچھڑا

۵- پیاز ۶- ٹھکانہ ۷- اولاد یعقوب ۸- بے وقوف

۹- بھوک ۱۰- بادلوں ۱۱- آزمائش ۱۲- سرکشی

۱۳- تیار کی گئی

## دوسرا حصہ ... تجوید

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے تین اجزاء کا جواب دیں۔

(الف) آداب تلاوت سپرد قلم کریں؟

(ب) اصول مخارج کتنے ہیں؟ نام لکھیں؟

(ج) اظہار اور اخفاء کا قاعدہ تحریر کریں؟

(د) ق، ص اور م میں سے دو کے مخارج تحریر کریں؟

(ہ) درج ذیل اصطلاحات میں سے کوئی سی تین کی وضاحت کریں؟

(۱) صفیر (۲) اطباق (۳) رخاوت (۴) قلقلہ

## جوابات اجزاء:

### (الف) آداب تلاوت:

تلاوت کرتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

i- باوضو ہونا ii- جگہ کا پاک ہونا iii- لباس کا پاک ہونا

iv- دوران تلاوت گفتگو نہ کرنا v- قبلہ رخ ہو کر بیٹھنا۔

vi- تلاوت کی ابتداء کرتے ہوئے اَعُوْذُ بِاللہِ اور بِسْمِ اللہِ پڑھنا۔

### (ب) اصول مخارج کی تعداد و اسماء:

تعداد: اصول مخارج پانچ ہیں:

اسماء: اصول مخارج کے اسماء یہ ہیں:

i- حلق ii- لسان iii- شفتین iv- جوف دہن v- خیشوم

### (ج) قواعد:

اظہار: جب میم ساکن کے بعد باء، الف اور میم کے علاوہ باقی حروف آ جائیں یا نون ساکن و تنوین کے بعد حروف حلقی میں سے کوئی آ جائے، تو پھر میم اور نون ساکن و تنوین کو اس کے مخرج سے ظاہر کر

...ذیل کے جیسے مِنْ اَجَلٍ ، ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ .

## 20. حروف کے مخارج:

ق: زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ۔

ض: نوک زبان اور ثنایا سفلی کے کنارے مع اتصال ثنایا علیا۔

م: دونوں ہونٹوں کا خشک حصہ۔

## وضاحت اصطلاحات:

### صفیر

اس کا لغوی معنی ہے: سیٹی، علم تجوید کی اصطلاح میں جن حروف کو ادا کرتے وقت منہ سے سیٹی کی آواز نکلے، ان کو حروف صفیریہ کہا جاتا ہے۔ یہ تین حروف ہیں: ز، س اور ص جیسے: يُوَسْوِسُ فِي صُدُوْرِ

### اطباق

اس کا لغوی معنی ہے ملنا، چپٹنا۔ اصطلاح تجوید میں زبان کا پھیل کر تالو سے چپٹ جانے یا مل جانے کو اطباق کہتے ہیں، جن حروف میں یہ صفت موجود ہو انہیں مطبقہ کہا جاتا ہے اور یہ چار ہیں: ص، ض، طا، ...

### رخاوت

اس کا لغوی معنی ہے نرمی، اور اصطلاح تجوید میں نرم اور ضعیف آواز کو رخاوت کہتے ہیں۔ جن حروف میں یہ صفت ہو انہیں رخوہ کہا جاتا ہے۔ ان حروف کو ادا کرتے وقت آواز مخرج میں جاری رہتی ہے۔ ان کی پہچان یہ ہے جو یہ ہیں: اَجِدُ قَطٍ بَكَتْ اور لِنْ عُمَرْ کے علاوہ باقی سب حروف رخوہ ہیں۔

### قلقلہ

اس کا لغوی معنی ہے جنبش، اصطلاح تجوید میں حروف کے سکون کے وقت ان کے مخرج میں پیدا ہونے والی جنبش کو قلقلہ کہا جاتا ہے، جن حروف میں ادا کرتے وقت سکون کی حالت میں یہ صفت پائی جاتی ہے، ان کو مقلقلہ کہا جاتا ہے۔ وہ پانچ حروف ہیں جن کا مجموعہ قُطْبُ جَدٍ ہے جیسے: اَقْرَبُ .

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2024ء/۱۴۴۵ھ

وقت: تین گھنٹے دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: حصہ اول کے دونوں سوالات لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم سے کوئی دو سوالات حل کریں؟

### حصہ اوّل ...... حدیث شریف

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے چار احادیث کا ترجمہ کریں؟ 40=10x4

(الف) اَلْاِسْلَامُ اَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ .

(ب) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالَا يَعْنِيْهِ .

(ج) قَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ .

(د) قَالَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ .

(ہ) قَالَ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ .

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے دس الفاظ کے معانی لکھیں؟ 10

(۱) هَاجِرَ (۲) فَخِذٌ (۳) اَلْعُرَاةُ (۴) بُنِيَ

(۵) جُلُوْسٌ (۶) عَلَقَةٌ (۷) مُضْغَةٌ (۸) حَوْلٌ

(۹) اَلْقَلْبُ (۱۰) دِمَآءٌ (۱۱) طَيِّبٌ (۱۲) بِيَاضٌ

### حصہ دوم ...... عربی ادب

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟ 10=2x5

(۱) شَاةٌ (۲) مَهْدٌ (۳) سُوْقٌ (۴) كُرَةٌ

(۵) حَانُوْتٌ (۶) ضَيْفٌ (۷) شُرْطِيٌّ (۸) تَذْكِرَةٌ

(ب) مندرجہ ذیل میں سے تین جملوں کا اُردو میں ترجمہ کریں؟ 15=5x3

(۱) هٰذِهٖ سُفْرَةُ الطَّعَامِ (۲) هٰذِهٖ شَاةٌ سَوْدَاءُ

(۳) هَلِ الدَّجَاجَةُ تَبِيْضُ؟ (۴) اَنَا اَتْلُو الْقُرْاٰنَ

(۵) تَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟ 15=5x3

(۱) یہ چوکیدار کی لاٹھی ہے۔ (۲) یہ زید کا قلم ہے۔

...اپنی کتاب پڑھتا ہے۔ (۴) قلم سے کاپی پر لکھو۔

...کا دروازہ کھلتا ہے۔

...ذیل میں سے پانچ الفاظ کی عربی لکھیں؟ 10=2x5

(۲) خرگوش (۳) دودھ

...ب (۵) چارپائی (۶) کشتی

...رت (۸) چوہا

...چوکیدار

...ذیل میں سے پانچ اجزاء کے عربی میں جوابات دیں؟ 25=5x5

...هَلْ تَأْكُلُ بَيْضَةَ الدَّجَاجَةِ؟ (۲) هَلْ أَنْتَ تَذْهَبُ إِلَى القِيْنِ؟

...هَلْ أَدْخُلُ فِي الْغُرْفَةِ؟ (۴) أَيْنَ يَقُوْمُ صَدِيْقُكَ؟

...مَنْ يَقْرَعُ الْبَابَ؟

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2024ء

### دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی

### حصہ اوّل...... حدیث شریف

...نمبر 1:

...ذیل میں سے چار احادیث کا ترجمہ کریں؟

...الاسلام أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ.

...قال رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ.

...قال مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ.

...قال أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ
...الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ.

...قال مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ.

...احادیث مبارکہ کا ترجمہ:

(الف) اسلام یہ ہے کہ تو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک حضرت محمد
...علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آدمی کے حسن اسلام سے ہے یہ بات ہے کہ وہ بے مقصد چیزوں کو چھوڑ دیتا ہے۔

(ج) جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، تو وہ اچھی بات کہے یا چپ رہے۔

(د) نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''مجھے حکم دیا گیا کہ لوگوں کے ساتھ جہاد کروں حتیٰ کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں۔

(ہ) نبی علیہ السلام نے فرمایا جس نے ہمارے دینی معاملات میں ایسی بات ایجاد کی جو دین سے نہیں، تو وہ مردود اور نا قابلِ قبول ہے۔

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے دس الفاظ کے معانی لکھیں؟

(۱) هَاجَرَ (۲) فَخِذٌ (۳) اَلْعُرَاة (۴) بُنِيَ

(۵) جُلُوْسٌ (۶) عَلَقَةٌ (۷) مُضْغَةٌ (۸) حَوْلٌ

(۹) اَلْقَلْبُ (۱۰) دِمَآءٌ (۱۱) طَيِّبٌ (۱۲) بِيَاضٌ

**جواب: الفاظ کے معانی:**

(۱) اس نے ہجرت کی (۲) ران (۳) ننگے

(۴) بنیاد رکھی گئی (۵) بیٹھنا (۶) جما ہوا خون

(۷) گوشت کا لوتھڑا (۸) سال (۹) دل

(۱۰) خون (۱۱) پاک (۱۲) سفید

حصہ دوم...... عربی ادب

سوال نمبر3: (الف) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟

(۱) شَاةٌ (۲) مَهْدٌ (۳) سُوْقٌ (۴) كُرَةٌ

(۵) حَانُوْتٌ (۶) ضَيْفٌ (۷) شُرْطِيٌّ (۸) تَذْكِرَةٌ

(ب) مندرجہ ذیل میں سے تین جملوں کا اُردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) هٰذِهٖ سَفْرَةُ الطَّعَامِ (۲) هٰذِهٖ شَاةٌ سَوْدَاءُ

(۳) هَلِ الدَّجَاجَةُ تَبِيْضُ؟ (۴) اَنَا اَتْلُوْ الْقُرْآنَ

(۵) تَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ

(الف) الفاظ کے معانی:

(۱) بکری (۲) گہوارہ (۳) بازار (۴) گیند
(۵) دکان (۶) مہمان (۷) سپاہی (۸) نصیحت

(ب) جملوں کا ترجمہ:

(۱) یہ کھانے کا دستر خوان ہے۔ (۲) یہ کالی بکری ہے۔
(۳) کیا مرغی انڈے دیتی ہے؟ (۴) میں قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہوں
(۵) تم مسجد میں جاتے ہو۔

(الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) یہ چوکیدار کی لاٹھی ہے۔ (۲) یہ زید کا قلم ہے۔
(۳) بچہ اپنی کتاب پڑھتا ہے۔ (۴) قلم سے کاپی پر لکھو۔
(۵) یہ کالا بارہ سنگھا ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کی عربی لکھیں؟

(۱) سیب (۲) خرگوش (۳) دودھ
(۴) درخت (۵) چارپائی (۶) تختی
(۷) چوکیدار (۸) چوہا

جوابات: (الف) جملوں کی عربی:

(۱) هٰذَا عَصَا الْخَفِيْرِ (۲) هٰذَا قَلَمُ زَيْدٍ
(۳) اَلطِّفْلُ يَقْرَأُ كِتَابَهٗ (۴) اُكْتُبْ بِالْقَلَمِ عَلَى الْكُرَّاسَةِ
(۵) هٰذَا اَيِّلٌ اَسْوَدُ

(ب) الفاظ کی عربی:

(۱) سیب تُفَّاحٌ
(۲) خرگوش اَرْنَبٌ
(۳) دودھ حَلِيْبٌ / لبن
(۴) درخت شَجَرَةٌ
(۵) چارپائی سَرِيْرٌ

(۶) تختی لَوْحٌ

(۷) چوکیدار خَفِيْرٌ

(۸) چوہا فَأْرٌ

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے عربی میں جوابات دیں؟

(۱) هَلْ تَأْكُلُ بَيْضَةَ الدَّجَاجَةِ؟ (۲) هَلْ أَنْتَ تَذْهَبُ إِلَى الصِّيْنِ؟

(۳) هَلْ أَدْخُلُ فِي الْغُرْفَةِ؟ (۴) أَيْنَ يَقُوْمُ صَدِيْقُكَ؟

(۵) مَنْ يَقْرَعُ الْبَابَ؟

جواب عربی جوابات:

(۱) نَعَمْ! أَنَا اٰكُلُ بَيْضَةَ الدَّجَاجَةِ

(۲) نَعَمْ! أَنَا أَذْهَبُ إِلَى الصِّيْنِ

(۳) نَعَمْ! أَنْتَ تَدْخُلُ فِي الْغُرْفَةِ

(۴) يَقُوْمُ صَدِيْقِيْ عَلَى السَّقْفِ

(۵) اَلْخَفِيْرُ يَقْرَعُ الْبَابَ

☆☆☆

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## ...ہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2024ء/۱۴۴۵ھ

تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ — کل نمبر: ۱۰۰

...تین گھنٹے

نوٹ: تمام سوالات حل کریں ہر سوال کے اندر جزوی رعایت موجود ہے۔

### حصہ اول...... عقائد

...درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ 25=5x5

...پل صراط کسے کہتے ہیں؟ (۲) قبر میں کتنے اور کون کون سے سوالات ہوں گے؟

...مشہور ملائکہ کی تعداد کتنی ہے؟ ان کے نام لکھیں؟

...حشر ونشر کے بارے میں کوئی دو عقیدے لکھیں؟

...شفاعت کے بارے میں کوئی ایک عقیدہ لکھیں؟

...حضرت امام مہدی کون ہیں اور آپ کا ظہور کب ہوگا؟

...درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟ 25=5x5

...جنت اور دوزخ کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

...حوض کوثر کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

...گمراہ فرقوں میں سے کوئی سے دو کی وضاحت کریں؟

...گناہ صغیرہ اور کبیرہ کی تعریف کریں؟

...اہل بیت کے متعلق ہمارا عقیدہ کیا ہونا چاہیے؟

...ولی کسے کہتے ہیں نیز کرامت کا منکر کون ہوتا ہے؟

### حصہ دوم...... فقہ

...درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ 25=5x5

...تیمم کا مسنون طریقہ لکھیں؟

...وضو کے کم از کم پانچ مستحبات لکھیں؟

...فرض، واجب، سنت غیر مؤکدہ کی تعریف کریں؟

...سر اور گردن کا مسح کرتے وقت کی دعائیں تحریر کریں؟

...حیض کسے کہتے ہیں؟ نیز حیض کی مدت تحریر کریں؟

...غسل کے متعلق ایک آیت اور ایک حدیث لکھیں؟

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ 25 = 5x5

(۱) امام کس کو بنایا جائے؟

(۲) کن جانوروں کا جھوٹا ناپاک اور کن کا مکروہ ہے؟

(۳) کوئی سی تین نمازوں کے اوقات لکھیں؟

(۴) نماز کی کتنی شرائط ہیں؟ دو کی وضاحت کریں؟

(۵) طہارت کی کتنی قسمیں ہیں؟ تحریر کریں۔

(۶) شوہر کے کوئی سے پانچ حقوق تحریر کریں۔

☆☆☆

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2024ء

## تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ

### حصہ اوّل ـــــ عقائد

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) پل صراط کسے کہتے ہیں؟ (۲) قبر میں کتنے اور کون کون سے سوالات ہوں گے؟

(۳) مشہور ملائکہ کی تعداد کتنی ہے؟ ان کے نام لکھیں؟

(۴) حشر ونشر کے بارے میں کوئی دو عقیدے لکھیں؟

(۵) شفاعت کے بارے میں کوئی ایک عقیدہ لکھیں؟

(۶) حضرت امام مہدی علیہ السلام کون ہیں اور آپ کا ظہور کب ہوگا؟

**اجزاء کے جوابات:**

۱- **پل صراط:** پل صراط حق ہے۔ یہ پشت جہنم پر نصب کیا جائے گا، بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگا۔ جنت میں جانے کا یہی ایک راستہ ہوگا۔ سب کو اس پر سے گزرنا ہے۔ اپنے اپنے اعمال کے مطابق گزرنے کی حالتیں مختلف ہوں گی۔ بعض اسے گزریں گے جیسے بجلی کا کوندا کہ ابھی چمکا اور ابھی غائب ہوگیا۔ بعض تیز ہوا کی طرح، بعض تیز گھوڑے کی طرح، بعض آدمی کے تیز بھاگنے کی طرح، بعض آہستہ آہستہ یہاں تک کہ بعض سرین پر گھسٹتے ہوئے اور بعض گرتے ہوئے، لنگڑاتے ہوئے اس پل سے گزریں گے۔ کافر اس پل کو عبور نہ کرسکیں گے اور جہنم میں گر پڑیں گے۔

۲- **قبر میں کیے جانے والے سوالات:** جب انسان فوت ہو جاتا ہے تو اسے قبر میں دفن کیا جاتا ہے، اس کے پاس نہایت ڈراؤنی شکل والے دو فرشتے آتے ہیں، وہ میت کو اٹھا کر بٹھا لیتے ہیں، پھر

سوالات کا سلسلہ شروع کرتے ہیں اور حسب ذیل تین سوالات کرتے ہیں:

(۱) من ربك؟ (تیرا رب کون ہے؟)

(۲) ما دینك؟ (تیرا دین کیا ہے؟)

(۳) ما تقول فی حق هذا الرجل؟ (تو اس ذات کے بارے میں کیا کہا کرتا تھا؟)

مومن اور صالح شخص بالترتیب یوں جواب دیتا ہے:

(۱) ربی الله (میرا رب اللہ ہے)

(۲) دینی الاسلام (میرا دین اسلام ہے)

(۳) هذا رسول الله صلی الله علیه وسلم، یہ میرے آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ

مشہور ملائکہ کی تعداد و اسماء: مشہور ملائکہ چار ہیں اور ان کے اسماء یہ ہیں:

حضرت جبرائیل علیہ السلام ii- حضرت میکائیل علیہ السلام

حضرت عزرائیل علیہ السلام iv- حضرت اسرافیل علیہ السلام

حشر و نشر کے بارے میں دو عقائد:

قیامت کے دن عام لوگوں اپنی قبروں سے ننگے بدن، ننگے پاؤں اور نا ختنہ شدہ اٹھیں بڑے عجیب و غریب منظر کو حیرت زدہ ہو کر دیکھیں گے، کسی کو اپنے پرائے کا کوئی ہوش نہ ہوگا۔ کی قبروں پر اللہ کی رحمت کی سواریاں حاضر کی جائیں گی۔ جبکہ کافر منہ کے بل چلتا ہوا میدان ۔۔۔ کسی کو ملائکہ گھسیٹ کر لے جائیں گے اور کسی کو آگ جمع کرے گی۔

جسم کے اجزاء اگرچہ مرنے کے بعد متفرق ہو گئے اور جانوروں کی غذا بن گئے، یا ٹکڑے ہو کر ہوا کے ساتھ اُڑ گئے۔ اللہ تعالیٰ ان سب اجزاء کو جمع فرما کر پہلی ہیئت پر لا کر انہیں ۔۔۔ پر جو کہ محفوظ ہیں، دوبارہ ترتیب دے گا اور روز قیامت اٹھائے گا۔

عقیدہ شفاعت: تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی امت کی شفاعت فرمائیں گے۔ اولیاء ۔۔۔ حجاج اور ہر وہ شخص جسے کوئی منصب دینی ملا ہو، روز قیامت اپنے اپنے متعلقین کی شفاعت ۔۔۔ بلکہ نا بالغ مرنے والے اپنے ماں باپ کی شفاعت کریں گے بلکہ دوزخ سے نجات پانے ۔۔۔ مسلمان اپنے ان بھائیوں کے لیے جو جہنم میں ہوں گے، اللہ تعالیٰ سے شفاعت و سوال میں مبالغہ ۔۔۔ اذن الٰہی پا کر مسلمانوں کی کثیر تعداد کو پہچان کر دوزخ سے نکالیں گے۔ یہاں تک کہ علماء کے

پاس لوگ آئیں گے اور کہیں گے کہ میں نے فلاں وقت میں وضو کے لیے پانی بھر دیا تھا، کوئی کہے گا کہ میں نے استنجاء کے لیے ڈھیلا دیا تھا، علمائے کرام ان تک کی شفاعت کریں گے۔

۶- تعارف وظہور امام مہدی علیہ السلام: آپ آئمہ اثنا عشریہ میں سے ایک ہوں گے، آپ کا نام محمد، باپ کا نام عبداللہ اور والدہ کا نام آمنہ ہوگا۔ آپ حسنی سید اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد سے ہوں گے، چالیس سال کی عمر میں آپ کا ظہور ہوگا، آپ کا زمانہ خلافت آٹھ سال ہوگا، آپ کا وصال ہوگا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ کی نماز جنازہ پڑھائیں گے۔

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) جنت اور دوزخ کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

(۲) حوض کوثر کے متعلق عقیدہ لکھیں؟

(۳) گمراہ فرقوں میں سے کوئی سے دو کی وضاحت کریں؟

(۴) گناہ صغیرہ اور کبیرہ کی تعریف کریں؟

(۵) اہل بیت کے متعلق ہمارا عقیدہ کیا ہونا چاہیے؟

(۶) ولی کسے کہتے ہیں نیز کرامت کا منکر کون ہوتا ہے؟

## اجزاء کے جوابات:

### ۱- جنت ودوزخ کا بیان:

جنت: اہل ایمان کے ثواب اور انعامات کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک مکان بنایا ہے، جس میں تمام قسم کی جسمانی اور روحانی لذتوں کا سامان مہیا فرمایا ہے۔ اس میں ایمان دار بندوں کے لیے انواع واقسام کی ایسی نعمتیں جمع فرمائی گئی ہیں، جنہیں نہ آنکھوں نے دیکھا، نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل پر ان کا خیال گزرا ہو۔ لہٰذا ان کا وصف نا قابل بیان ہے۔ جنت کے سو درجے ہیں، جنت میں قسم قسم کے جواہر کے محل ہوں گے۔ اس میں پانی، دودھ، شہد اور پاکیزہ شراب کے دریا بہتے ہیں۔ جنت میں نجاست نہ ہوگی۔ ایک خوشبودار فرحت بخش پسینہ نکلے گا اور ایک خوشبودار اور فرحت بخش ڈکار آئے گی اور سب کھانا ہضم ہو جائے گا۔ ہر وقت زبان پر تسبیح وتکبیر جاری رہے گی۔ ہر شخص کے سرہانے دس ہزار خادم کھڑے ہوں گے۔ نہ تو جنتیوں کے لباس پرانے ہوں گے اور نہ ہی ان کی جوانی فنا ہوگی۔ وہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ میں اپنے رب کا دیدار کیا کریں گے۔

دوزخ: اللہ تعالیٰ نے گنہگاروں، سرکشوں اور نافرمانوں کے عذاب وسزا کے لیے بھی ایک جگہ بنائی ہے، جسے دوزخ کہتے ہیں۔ یہ ایک مکان ہے کہ اس قہار وجبار کے جلال وقہر کا مظہر ہے۔ جس طرح اس کی

کوئی انتہاء نہیں اسی طرح اس کے غضب وقہر کی بھی کوئی حد نہیں۔ چنانچہ دوزخ میں تمام قسم کے
طرح طرح کے ایسے ایسے عذاب دیئے جائیں گے۔ جن کے تصور سے ہی رونگٹے کھڑے ہو
اور حواس کھو جاتے ہیں۔ دوزخ میں سب سے کم درجے کا عذاب آگ کی جوتیاں پہنائی
اولاد یں گے۔

حوضِ کوثر:

اس جانکاہ پریشانی کے عالم میں اللہ کی ایک بڑی نعمت حوضِ کوثر ہے۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ
ہوا۔ حوضِ کوثر حق ہے۔ اس کی مسافت ایک ماہ کی راہ ہے۔ اس کے کناروں پر موتی کے قبے
کی مٹی خوشبودار اور مشک کی ہے۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا اور مشک
پاکیزہ ہے۔ اس پر پانی پینے کے برتن گنتی میں ستاروں سے بھی زیادہ ہیں، جو ایک بار پئے گا، کبھی
ہوگا۔

## گمراہ فرقوں میں سے دو کی وضاحت:

بخاری میں ہے کہ یہود اکہتر (۷۱) فرقے ہو گئے۔ ان میں سے صرف ایک ناجی، باقی سب
اور نصاریٰ بہتر (۷۲) فرقے ہوئے، ان میں سے ایک ناجی، باقی سب ناری اور میری امت تہتر
فرقے ہو جائے گی، ایک فرقہ جنتی ہوگا اور باقی سب جہنمی۔

قادیانی: یہ فرقہ مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو ہے جو اپنے آپ کو رسول و نبی بتاتا، اپنے کلام کو کلام
اور انبیاء کرام علیہم السلام کی شان میں نہایت بے باکی کے ساتھ گستاخیاں کرتا رہا۔ خصوصاً حضرت
اللہ وکلمۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ صدیقہ حضرت مریم علیہا السلام کی
میں تو اس نے وہ بے ہودہ کلمات استعمال کیے جن کے ذکر سے مسلمانوں کے دل دہل جاتے ہیں۔
دعویٰ نبوت بننا، ابد الاباد تک جہنم میں رہنے کے لیے کافی تھا کہ قرآن مجید کا انکار اور حضور خاتم
صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ ماننا مگر اس نے اتنی ہی بات پر اکتفا نہ کیا بلکہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والتسلیم
و توہین کا وبال بھی اپنے سر لے لیا اور یہ صدہا کفر کا مجموعہ ہے کہ ہر نبی کی تکذیب مستقلاً کفر ہے۔
اس نے تو صدہا کی تکذیب کی اور اپنے کو نبی سے بہتر بتایا۔ ایسے شخص اور اس کے متبعین کے کافر ہونے
مسلمان کو ہر گز شک نہیں ہوسکتا، بلکہ ایسے کی تکفیر میں اس کے اقوال پر مطلع ہو کر جو شک کرے وہ خود

نیچری: یہ باطل طائفہ ضروریات دین کا منکر ہے۔ قرآن عظیم کے قطعی ضروری اور صاف صریح
در پردہ تحویل و تحریف اور تبدیلی کرتا ہے۔ ملائکہ و جن و شیاطین، حشر و نشر، جنت و دوزخ اور انبیاء

کرام کے عظیم معجزوں کا اپنی ناپاک تاویلوں کی آڑ میں انکار کرتا ہے۔ تمام آسمانی کتابوں کو انسانی خیالات کا مجموعہ بتاتا اور وحی الٰہی کو کسی مجنوں کی بڑ ٹھہراتا ہے۔

طواف خانہ کعبہ، جو نماز ہی کی طرح اللہ عزوجل کی عبادت ہے، اسے وحشی قوموں کی ایجاد کی ہوئی غیر مہذب نماز بتاتا ہے اور احرام کو وحشیانہ لباس کہتا ہے اور حاجیوں کو جن میں انبیاء و مرسلین شامل ہیں، اونٹوں کا جانور بتاتا ہے۔ جنت کی نعمتوں کو اعلیٰ درجہ کی روحانی راحت اور دوزخ کی اذیتوں کلفتوں کو روحانی اذیت کہتا ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ جنت کو بدکاریوں کا اڈہ کہہ کر اس کا مذاق اڑاتا ہے۔

## ۴- گناہ کبیرہ کی تعریف:

وہ گناہ جس پر شریعت نے کوئی حد مقرر کی ہو یا جس پر وعید آئی ہو یا وعدۂ عذاب دیا گیا ہو جیسے زنا کاری، شراب نوشی وغیرہ

## گناہ صغیرہ کی تعریف:

وہ گناہ ہے جس کے لیے شریعت نے کوئی خاص سزا مقرر نہ کی ہو یا نہ اس پر کوئی وعید آئی ہو، یا نہ ہی وعدۂ عذاب دیا گیا ہو۔

## ۵- اہل بیت سے متعلق عقیدہ:

اہل بیت مقتدایان اہل سنت ہیں، جو ان سے محبت نہ کرے مردود وملعون خارجی ہے۔ اہل سنت و جماعت سے اس کا کوئی علاقہ نہیں۔

## ۶- ولی کی تعریف:

ولی وہ اہل ایمان ہوتا ہے جو اللہ اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں اپنی خواہشوں کو فنا کر دیتا ہے۔ ہر دم اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت و فرمانبرداری میں مصروف رہتا ہے۔ اس کی نظر میں دنیا اور دنیا دار کوئی وقعت نہیں رکھتے۔

## منکر کرامت:

کرامات اولیاء حق ہیں اور ان کا منکر گمراہ ہے۔

**حصہ دوم..... فقہ**

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) تیمم کا مسنون طریقہ لکھیں؟

(۲) وضو کے کم از کم پانچ مستحبات لکھیں؟

(حل شدہ پرچہ جات)

فرض، واجب امور، سنت غیر مؤکدہ کی تعریف کریں؟
گردن کا مسح کرتے وقت کی دعائیں تحریر کریں؟
...کسے کہتے ہیں؟ نیز حیض کی مدت تحریر کریں؟
...کے متعلق ایک آیت اور ایک حدیث لکھیں؟

جوابات:

...کا مسنون طریقہ: نیت کر کے دونوں ہاتھ زمین پر جنس زمین پر رکھ کر ہاتھوں کی انگلیوں کو ...پہلے آگے کی طرف لے جائیں پھر پیچھے کی طرف لائیں۔ پھر زمین سے ہاتھ اٹھا کر دونوں ...ایک دوسرے کے ساتھ مار کر جھاڑیں تا کہ اس کا چہرہ خاک آلود نہ ہو۔ پھر دونوں ہاتھوں ...مسح کریں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے، پھر دوسری دفعہ دونوں ہاتھ زمین پر رگڑیں۔ پہلے دائیں ...کریں، پھر بائیں ہاتھ کا اس طرح کہ بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے علاوہ چار انگلیوں کا پیٹ دائیں ...پر رکھے اور انگلیوں کے سرے سے کہنیوں تک لے جائیں۔ پھر وہاں سے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی ...کے پیٹ کے چھوتے ہوئے گٹے تک لائیں اور بائیں انگوٹھے کے پیٹ سے دائیں ...کا مسح کریں، یوں دائیں ہاتھ سے بائیں کا مسح کرے۔

وضو کے پانچ مستحباب: وضو کے پانچ مستحبات یہ ہیں:
(۱) قبلہ رو اونچی جگہ بیٹھ کر وضو کرنا۔ (۲) وضو کا پانی پاک جگہ پر گرانا۔
(۳) اپنے ہاتھ سے پانی بھرنا۔ (۴) اطمینان سے وضو کرنا۔
(۵) گردن کا مسح کرنا۔

تعریفات اصطلاحات:

فرض: وہ ہے جو شریعت کی یقینی دلیل سے ثابت ہو اس کا ادا کرنا ضروری ہے، بلا عذر کے ...مستحق جہنمی اور انکار کرنے والا کافر ہے جیسے نماز

واجب: وہ ہے جو شریعت کی ظنی دلیل سے ثابت ہو۔ اس کا ادا کرنا ضروری ہے، بلا عذر ...فاسق اور مستحق عذاب ہے۔ اس کا منکر گمراہ اور بدمذہب ہے۔

سنت غیر مؤکدہ: وہ ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ادا بھی کیا ہو اور کبھی بغیر عذر ...چھوڑ دیا ہو۔ اس کو ادا کرنے والا ثواب پائے گا، اور چھوڑنے والا مستحق عذاب نہ ہوگا۔

...

سر کا مسح کرتے وقت کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِكَ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِكَ .

گردن کا مسح کرتے وقت یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ .

۵- حیض کی تعریف ومدت:

حیض اس خون کو کہا جاتا ہے، جو عورت کو ہر مہینے مخصوص مقام سے آتا ہے، اس کی کم از کم مدت تین دن ہے اور زیادہ سے زیادہ دس ایام ہے۔ جو خون تین دن سے کم آیا یا دس دن سے زیادہ آیا، وہ حیض نہیں ہو

۶- غسل سے متعلق آیت وحدیث:

آیت قرآن:

وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا .

حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بال کے نیچے جنابت ہے تو بال دھوؤ اور جلد صاف کرو۔

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) امام کس کو بنایا جائے؟

(۲) کن جانوروں کا جھوٹا ناپاک اور کن کا مکروہ ہے؟

(۳) کوئی سی تین نمازوں کے اوقات لکھیں؟

(۴) نماز کی کتنی شرائط ہیں؟ دو کی وضاحت کریں؟

(۵) طہارت کی کتنی قسمیں ہیں؟ تحریر کریں؟

(۶) شوہر کے کوئی سے پانچ حقوق تحریر کریں؟

اجزاء کے جوابات:

۱- امام بنانے کی شرائط:

امام بنانے کے لیے ضروری ہے کہ:

☆ وہ صحیح العقیدہ خالص سنی ہو۔

☆ صحیح العمل ہو، فاسق علی الاعلان نہ ہو۔
☆ صحیح القراۃ ہو۔
☆ نماز سے متعلق ضروری مسائل سے آگاہ ہو۔
☆ مرد ہو، عاقل و بالغ ہو۔
☆ آزاد ہو۔

## جانوروں کے جھوٹے کا حکم:

۱- ناپاک جھوٹا: جن جانوروں کا گوشت نہیں کھایا جاتا مثلاً شیر، چیتا، بندر وغیرہ اور تمام شکاری درندے، ان سب کا جھوٹا ناپاک ہے۔

۲- مکروہ جھوٹا: گھروں اور بلوں میں رہنے والے جانور مثلاً بلی، چوہا وغیرہ شکاری پرندے چیل، کوا، عقاب وغیرہ اور وہ مرغی جو ادھر اُدھر پھرتی اور نجاستوں پر منہ ڈالتی ہو یا وہ گائے بھینس جو غلاظت کھاتی ہو، ان سب کا جھوٹا مکروہ ہے۔

## ۳- کوئی سی تین نمازوں کے اوقات:

عصر کا وقت: بعد ختم ہونے وقت ظہر کے یعنی سوا سایہ اصلی کے دو مثل سایہ ہونے سے سورج ڈوبنے تک ہے۔ ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ ۳۵ منٹ اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ۶ منٹ ہے۔

مغرب کا وقت: سورج کی ٹکیا ڈوب جائے، تو مغرب کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور شفق ڈوب جانے تک رہتا ہے۔

عشاء کا وقت: مغرب کا وقت ختم ہوتے ہی عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور صبح صادق تک رہتا ہے۔

## ۴- نماز کی شرطیں:

نماز کی چھ شرطیں ہیں جن میں سے دو کی وضاحت درج ذیل ہے۔

وقت: اس کا مطلب یہ ہے کہ جس نماز کے لیے جو وقت مقرر ہے وہ نماز اسی وقت میں پڑھی جائے گی۔

استقبال قبلہ: اس کا مطلب یہ ہے کہ نماز ادا کرتے وقت اپنا چہرہ خانہ کعبہ کی طرف کیا جائے گا۔

## ۵- طہارت کی اقسام:

طہارت کی دو اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) طہارت صغریٰ: اس سے مراد چھوٹی پاکی ہے مثلاً وضو وغیرہ۔

(۲) طہارت کبریٰ: اس سے مراد بڑی پاکی ہے مثلاً غسل وغیرہ۔

## ۶- شوہر کے حقوق:

عورت پر شوہر کے پانچ حقوق درج ذیل ہیں:

☆ اس کے بچھونے کو نہ چھوڑے۔

☆ شوہر کی اطاعت گزاری کرے۔

☆ شوہر کے مال کو برباد نہ کرے۔

☆ اپنی اور اپنے شوہر کی عزت پر آنچ نہ آنے دے۔

☆ اس کی قسم کو پورا کرے اور اس کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہ جائے۔

☆☆☆

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2024ء/۱۴۴۵ھ

چوتھا پرچہ: صرف

کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض بیان کریں؟ 15=5x3

ب) اسم، فعل اور حرف میں سے ہر ایک کی تعریف لکھیں؟ 10

ج) ضَرَبَ یَضرِبُ سے ماضی معروف کی گردان لکھیں؟ 9

نمبر2: (الف) ششں اقسام کے نام تحریر کریں' نیز ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ کی تعریفات لکھیں؟ 15=10+5

ب) مثال اور اجوف میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟ 10=5+5

ج) مصدر اور جامد میں سے ہر ایک کی تعریف لکھیں؟ 8=4+4

نمبر3: (الف) مہموز کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کر کے مثال ضرور ذکر 15=10+5

ب) مفرد اور مرکب میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟ 10=5+5

ج) دوازدہ اقسام کے نام تحریر کریں؟ 9

4۔(الف) فَعَلَ یَفعَلُ سے ماضی معروف کی گردان مع معانی لکھیں؟8+7=15

ب) نصر ینصر سے مضارع مثبت معروف کی گردان تحریر کریں؟ 9

ج) درج ذیل میں سے کوئی سے تین الفاظ کے بارے میں بتائیں کہ وہ کس باب کے کون سے

9=3x3

فُعِلْنَ (۲) ضُرِبْتُ (۳) لَمْ یَنْسَمِعْ

لَنْ تَسْمَعْنَ (۵) اِضْرِبْ

☆☆☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2024ء

چوتھا پرچہ: صرف

(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض بیان کریں؟

(ب) اسم، فعل اور حرف میں سے ہر ایک کی تعریف لکھیں؟

(ج) ضَرَبَ یَضْرِبُ سے ماضی معروف کی گردان لکھیں؟

**الجواب: (الف) علم صرف کی تعریف**

وہ علم ہے جس سے کلمات کا وزن معلوم ہو اور کلمات کے حروف کے دوسرے احوال مثلاً اصلی ہونا، زائد ہونے وغیرہ معلوم ہوں اور گردان وغیرہ کا طریقہ معلوم ہو۔

**علم کا موضوع:**

اس علم کا موضوع "کلمہ" ہے بحیثیت صیغہ

**علم صرف کی غرض:**

گردان اور تبدیل وغیرہ میں لفظی غلطی سے بچنا۔

**(ب) اسم کی تعریف:**

وہ کلمہ ہے جو اپنا معنی بتانے میں مستقل ہو اور کسی زمانے پر اس کی دلالت نہ ہو جیسے رَجُلٌ

**فعل کی تعریف:**

وہ کلمہ ہے جو اپنا معنی بتانے میں مستقل ہو اور تین زمانوں میں سے کسی زمانے پر بھی اس کی دلالت ہو جیسے ضَرَبَ، یَضْرِبُ۔

**حرف کی تعریف:**

وہ کلمہ ہے جو تنہا اپنا معنی نہ بتائے بلکہ دوسرے کا محتاج ہو جیسے مِن اِلٰی

**(ج) ضَرَبَ یَضْرِبُ سے ماضی کی گردان:**

ضَرَبَ ضَرَبَا ضَرَبُوْا ضَرَبَتْ ضَرَبَتَا ضَرَبْنَ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمَا

ضَرَبْتُمْ ضَرَبْتِ ضَرَبْتُمَا ضَرَبْتُنَّ ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا

سوال نمبر 2: (الف) ہفت اقسام کے نام تحریر کریں نیز ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ کی تعریفات لکھیں؟

(ب) مثال اور اجوف میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟

(ج) مصدر اور جامد میں سے ہر ایک کی تعریف لکھیں؟

**الجواب:**

...و ثلاثی مزید فیہ کی...

...کی اقسام کے نام:

...ثلاثی مجرد (۲) ثلاثی مزید فیہ (۳) رباعی مجرد (۴) رباعی مزید فیہ (۵) خماسی مجرد (۶) خماسی مزید

...کی تعریف:

...وہ ہے جس میں تمام حروف اصلی ہوں زائد نہ ہو جیسے ضَرَبَ

...زید فیہ کی تعریف:

...وہ ہے جس میں حروف اصلیہ کے ساتھ ساتھ زائد بھی ہوں جیسے اِجْتَنَبَ بروزن اِفْتَعَلَ۔ اس میں ...زائد ہیں۔

...مثال کی تعریف:

...وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو جیسے وَعَدَ، وَعْدٌ۔

...اجوف کی تعریف:

...وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو جیسے قَوْلٌ، قَالَ

...مصدر کی تعریف:

...وہ ہے جس سے دوسرے کلمے بنائے جائیں جیسے ضَرَبَ

...کی تعریف:

...وہ ہے کہ نہ اس سے کوئی کلمہ بنے اور نہ خود کسی سے بنا ہو جیسے دَخَلَ

...(الف) مہموز کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کر کے مثال ضرور ذکر

...

...مفرد اور مرکب میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟

...ثلاثی مزید کی دو اقسام کے نام تحریر کریں؟

...(الف) مہموز کی اقسام:

...کی تین اقسام ہیں:

...مہموز الفاء: وہ کلمہ جس کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے اَمَرَ، اَمْرٌ

...مہموز العین: وہ کلمہ کہ جس کے عین کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے سَأَلَ

iii- مہموز اللام: وہ کلمہ جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے قَرَءَ، قَرْءٌ

## (ب) مفرد کی تعرف:

یعنی ایک لفظ ہو، جو ایک معنی پر دلالت کرے جیسے قُرْاٰنٌ

## مرکب کی تعریف:

یعنی وہ لفظ جو دو یا دو سے زائد مفردات سے مل کر بنے جیسے قُرْآنٌ مَّجِیْدٌ

## (ج) دوازدہ اقسام کے نام:

| | | |
|---|---|---|
| فعل ماضی | فعل مضارع | اسم فاعل |
| اسم مفعول | فعل جحد | فعل نفی |
| فعل امر | فعل نہی | اسم زمان |
| اسم مکان | اسم آلہ | اسم تفضیل |

سوال نمبر 4:۔(الف) فَعَلَ یَفْعَلُ سے ماضی معروف کی گردان مع معانی لکھیں؟

(ب) نَصَرَ یَنْصُرُ سے مضارع مثبت معروف کی گردان تحریر کریں؟

(ج) درج ذیل میں سے کوئی سے تین الفاظ کے بارے میں بتائیں کہ وہ کس باب کے کون صیغے ہیں؟

(۱) فَعَلْنَ (۲) ضُرِبْتُ (۳) لَمْ یَسْمَعْ

(۴) لَنْ تَسْمَعْنَ (۵) اِضْرِبْ

## جواب:(الف) فَعَلَ یَفْعَلُ سے ماضی معروف کی گردان اور ترجمہ:

| گردان | ترجمہ |
|---|---|
| فَعَلَ | کیا اس ایک مرد نے |
| فَعَلَا | کیا ان دو مردوں نے |
| فَعَلُوْا | کیا ان سب مردوں نے |
| فَعَلَتْ | کیا اس ایک عورت نے |
| فَعَلَتَا | کیا ان دو عورتوں نے |
| فَعَلْنَ | کیا ان سب عورتوں نے |
| فَعَلْتَ | کیا تو ایک مرد نے |

تُمَا — کیا تم دو مردوں نے
تُمْ — کیا تم سب مردوں نے
تِ — کیا تو ایک عورت نے
تُمَا — کیا تم دو عورتوں نے
تُنَّ — کیا تم سب عورتوں نے
تُ — کیا میں ایک مرد یا ایک عورت نے
نَا — کیا ہم سب مرد یا سب عورتوں نے

ب) نَصَرَ سے مضارع کی گردان:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَنْصُرُ | يَنْصُرَانِ | يَنْصُرُوْنَ | تَنْصُرُ | تَنْصُرَانِ | يَنْصُرْنَ |
| تَنْصُرُ | تَنْصُرَانِ | تَنْصُرُوْنَ | تَنْصُرِيْنَ | تَنْصُرَانِ | تَنْصُرْنَ |
| أَنْصُرُ | نَنْصُرُ | | | | |

ج) صیغوں کا بیان:

- فَعَلْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب از باب فَعَلَ يَفْعَلُ۔
- ضُرِبْتُ: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی مجہول از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔
- لَمْ يَسْمَعْ: واحد مذکر فعل نفی جحد بلم معروف از باب سَمِعَ يَسْمَعُ۔
- لَنْ تَسْمَعْنَ: جمع مؤنث حاضر فعل جحد بلن معروف از باب سَمِعَ يَسْمَعُ۔
- اِضْرِبْ: صیغہ واحد مذکر امر حاضر معروف از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔

☆☆☆

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2024ء/۱۴۴۵ھ

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: نحو | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر 1:۔ (الف) مصدر اور مشتق کی تعریفات مثالوں سمیت بیان کریں؟ 5+5=10

(ب) مرکب مفید اور غیر مفید کی تعریفات لکھیں؟ 5+5=10

(ج) اسم کی کوئی سی سات علامات تحریر کریں؟ 2x7=14

سوال نمبر 2: (الف) مبنی الاصل کتنی اور کون سی چیزیں ہیں؟ 10

(ب) جملہ انشائیہ کی کوئی سی پانچ اقسام مثالوں سمیت لکھیں؟ 15=3x5

(ج) جملہ معترضہ اور جملہ مستانفہ کی تعریفات تحریر کریں؟ 8=4+4

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات تحریر کریں؟ 15=5x3

(۱) اسناد (۲) جاری مجری صحیح (۳) فعل مضارع

(۴) عامل (۵) اعراب

(ب) مونث کی تعریف کر کے اس کی علامات مثالوں سمیت لکھیں؟ 4+4=8

(ج) ضمیروں کی پانچ اقسام کے نام تحریر کریں؟ 2x5=10

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل میں سے تین کی جملہ اسمیہ یا فعلیہ ہونے کی نشان دہی کریں۔

9=3x3

(۱) جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ (۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۳) ضَرَبَ زَیْدٌ

(۴) زَیْدٌ عَالِمٌ

(ب) درج ذیل میں سے پانچ کے بارے میں بتائیں کہ ان میں سے ہر ایک اسم متمکن کی اقسام میں سے کون سی قسم ہے؟ 15=3x5

(۱) دلو (۲) ذومال (۳) مسلمات (۴) رجلان

(۵) بکر (۶) طلحة (۷) زید (۸) القاضی

(ج) جَاءَ زَیْدٌ کی ترکیب کریں۔

☆☆☆

# درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2024ء

## پانچواں پرچہ: نحو

سوال نمبر1: (الف) مصدر اور مشتق کی تعریفات مثالوں سمیت بیان کریں؟
(ب) مرکب مفید اور غیر مفید کی تعریفات لکھیں؟
(ج) اسم کی کوئی سی سات علامات تحریر کریں؟

جواب:
(الف) مصدر کی تعریف: وہ اسم ہے جو خود تو کسی لفظ سے نہیں بنتا لیکن اس سے کئی الفاظ بنتے ہیں جیسے ضَرْبٌ سے ضَارِبٌ وغیرہ۔
مشتق کی تعریف: اسم ہے جو مصدر سے بنتا ہے جیسے ضَارِبٌ۔
(ب) مرکب مفید کی تعریف: وہ مرکب کہ جب بات کرنے والا بات کر کے خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کوئی خبر یا طلب معلوم ہو جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ۔
مرکب غیر مفید کی تعریف: وہ مرکب کہ جب بات کرنے والا بات کر کے خاموش ہو جائے تو سننے والے کو کوئی خبر یا طلب معلوم نہ ہو جیسے غُلَامُ زَیْدٍ۔

(ج) اسم کی علامات:

۱۔ شروع میں الف لام ہو۔ ۲۔ شروع میں حروف جار ہو۔
۳۔ آخر میں تنوین ہو۔ ۴۔ مسندالیہ ہو۔ ۵۔ مضاف ہو۔
۶۔ مصغر ہو۔ ۷۔ منسوب ہو۔

سوال نمبر2: (الف) مبنی الاصل کتنی اور کون سی چیزیں ہیں؟
(ب) جملہ انشائیہ کی کوئی سی پانچ اقسام مثالوں سمیت لکھیں؟
(ج) جملہ معترضہ اور جملہ مستانفہ کی تعریفات تحریر کریں؟

جواب:
(الف) مبنی الاصل اشیاء: مبنی الاصل تین چیزیں ہیں:
(۱) فعل ماضی (۲) امر حاضر معروف (۳) تمام حروف
(ب) جملہ انشائیہ کی پانچ اقسام: (۱) امر جیسے اِضْرِبْ، (۲) نہی جیسے لَا تَضْرِبْ،
(۳) استفہام جیسے هَلْ صَلَّيْتَ (۴) تمنی جیسے لَيْتَ زَيْدًا حَاضِرٌ

(۵) ترجی جیسے لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ

(ج) جملہ معترضہ کی تعریف: دو کلاموں کے درمیان ایسا جملہ جس کا پہلے اور دوسرے جملے کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہو جیسے فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ میں لَنْ تَفْعَلُوْا

جملہ مستانفہ کی تعریف: وہ جملہ جو گفتگو کے شروع میں آئے جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات تحریر کریں؟

(۱) اسناد (۲) جاری مجری صحیح (۳) فعل مضارع

(۴) عامل (۵) اعراب

(ب) مؤنث کی تعریف کر کے اس کی علامات مثالوں سمیت لکھیں؟

(ج) ضمیروں کی پانچ اقسام کے نام تحریر کریں؟

## جواب: (الف) اصطلاحات کی تعریفات:

اسناد کی تعریف: ایک امر کی دوسرے امر کی طرف نسبت کرنا تا کہ مخاطب کو فائدہ تامہ حاصل ہو جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ

جاری مجری صحیح کی تعریف: وہ اسم جس کے آخر میں حرف علت ہو اور اس کا ماقبل ساکن ہو جیسے دَلْوٌ

فعل مضارع کی تعریف: وہ فعل جو زمانہ حال یا استقبال پر دلالت کرے اور اس کے شروع میں حروف تین میں سے کوئی ایک ہو جیسے يَضْرِبُ وغیرہ۔

عامل کی تعریف: وہ چیز کہ جس کے سبب رفع، نصب اور جر آتا ہے جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ میں ضَرَبَ

اعراب کی تعریف: وہ حرف یا حرکت ہے، جس کے باعث معرب کا آخر بدلتا ہے جیسے ضمہ، فتحہ اور کسرہ وغیرہ

(ب) مؤنث کی تعریف: وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت پائی جائے جیسے طَلْحَةُ

مؤنث کی علامتیں: تانیث کی چار علامتیں ہیں:

(۱) تا ملفوظہ جیسے طَلْحَةُ (۲) تائے مقدرہ جیسے اَرْضٌ

(۳) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی (۴) الف ممدودہ جیسے حَمْرَآءُ

(ج) ضمیر کی اقسام کے نام:

(۱) مرفوع متصل (۲) مرفوع منفصل (۳) منصوب متصل

(۴) منصوب منفصل (۵) مجرور متصل

(الف) درج ذیل میں سے تین کی جملہ اسمیہ یا فعلیہ ہونے کی نشان دہی کریں؟

(۱) جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ (۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (۳) ضَرَبَ زَیْدٌ

(۴) زَیْدٌ عَالِمٌ

(ب) درج ذیل میں سے پانچ کے بارے میں بتائیں کہ ان میں سے ہر ایک اسم متمکن کی اقسام میں سے کس قسم ہے؟

(۱) دَلْوٌ (۲) ذُوْمَالٍ (۳) مُسْلِمَاتٌ (۴) رَجُلَانِ

(۵) بَکْرٌ (۶) طَلْحَۃُ (۷) زَیْدٌ (۸) اَلْقَاضِیْ

(ج) جَاءَ زَیْدٌ کی ترکیب کریں؟

(الف) جملوں کی نشاندہی:

جَاءَ رَجُلٌ عَالِمٌ: جملہ فعلیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ: جملہ اسمیہ

ضَرَبَ زَیْدٌ: جملہ فعلیہ

زَیْدٌ عَالِمٌ: جملہ اسمیہ

(ب) اسم متمکن کی اقسام کا تعین:

دَلْوٌ: جاری مجری صحیح

ذُوْمَالٍ: اسم از اسمائے ستہ مکبرہ

مُسْلِمَاتٌ: جمع مؤنث سالم

رَجُلَانِ: مثنیٰ

بَکْرٌ: مفرد منصرف صحیح

طَلْحَۃُ: غیر منصرف

زَیْدٌ: مفرد منصرف صحیح

اَلْقَاضِیْ: اسم منقوص

(ج) ترکیب:

جَاءَ: فعل زَیْدٌ: فاعل

فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات 2024ء/۱۴۴۵ھ

وقت: تین گھنٹے　　چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی سے دو دو سوالات حل کریں؟

### حصہ اوّل...... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں۔　　10=2x5

(۱) بوعلی سینا مسلم دنیا کا ........ کہلاتا ہے۔

(۲) ایڈز کے وائرس کو ........ کہتے ہیں۔

(۳) الیکٹرونکس ........ کے طرزِ عمل اور کنٹرول کا علم ہے۔

(۴) پکچر ٹیوب میں الیکٹرون گن ........ کی بیم سکرین پر پھینکتی ہے۔

(۵) خسرے کے انجکشن بچے کو ........ کی عمر میں دیئے جاتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔　　10=2x5

(۱) جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(۲) کتاب ''المناظر'' البیرونی کی تصنیف ہے۔

(۳) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔

(۴) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

(۵) ساری دنیا تک نشریات پہنچانے کے لیے کم از کم چار ہوورنگ سٹلائٹس درکار ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور ان کے کارنامے تحریر کریں؟　　15

سوال نمبر 3:۔ ڈینگی بخار کی علامات، علاج اور احتیاطیں بیان کریں؟　　15

سوال نمبر 4:۔ کمپیوٹر کیا ہے؟ نیز اس کے اہم ان پٹ اور آؤٹ پٹ آلات کی تفصیلی وضاحت کریں؟　　15

### حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں۔　　10=2x5

(۱) نادر شاہ نے ........ میں برصغیر پر حملہ کیا۔

(۲) عقیدہ ختم نبوت کا منکر ........ ہے۔

(۳) ........ کو بھارتی فوج نے دکن پر حملہ کیا۔

4) صوبہ سرحد کا سیاسی مستقبل کا فیصلہ ............ کے ذریعے کیا جائے۔
ا) چین کے تعاون سے مکمل ہونے والی شاہراہ کا نام ............ ہے۔

مختصر جواب لکھیں؟ $10=2\times5$

مسلمان کی تعریف لکھیں؟
مذہبی لحاظ سے فوج کی تقسیم پر مختصر نوٹ لکھیں؟
تقسیم ہند میں چوہدری رحمت علی کا کردار بیان کریں؟
قدرتی گیس پر مختصر مضمون تحریر کریں؟
تحریک پاکستان میں حضرت پیر جماعت علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا کردار تحریر کریں؟
انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات تحریر کریں؟ 15
7۔ 3 جون 1947ء کے منصوبے اور نفاذ پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں؟ 15
8۔ پاکستان میں اسلامی تحریکوں پر تفصیلی مضمون سپرد قلم کریں؟ 15

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت 2024ء

### چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

### حصہ اوّل...... جنرل سائنس

1۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟
ا) بوعلی سینا مسلم دنیا کا ............ کہلاتا ہے۔
ا) ایڈز کے وائرس کو ............ کہتے ہیں۔
ا) الیکٹرونکس ............ کے طرزِ عمل اور کنٹرول کا علم ہے۔
ا) پکچر ٹیوب میں الیکٹرون گن ............ کی بیم سکرین پر پھینکتی ہے۔
ا) خسرے کے انجیکشن بچے کو ............ کی عمر میں دیئے جاتے ہیں۔

ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟
جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔
کتاب "المناظر" البیرونی کی تصنیف ہے۔
ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔
پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔
ساری دنیا تک نشریات پہنچانے کے لیے کم از کم چار ہوورنگ سٹلائٹس درکار ہیں۔

**جوابات:(الف) خالی جگہ:**

(۱) ارسطو (۲) HIV (۳) الیکٹرک کرنٹ

(۴) الیکٹرونز (۵) نو ماہ

**(ب) درست اور غلط کی نشاندہی**

(۱) غلط (۲) غلط (۳) صحیح (۴) صحیح (۵) غلط

سوال نمبر 2:۔ سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور ان کے کارنامے تحریر کریں؟

**جواب:مسلمان سائنس دانوں کے نام اور ان کے کارنامے:**

سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور ان کے کارنامے درج ذیل ہیں:

ابن الہیثم:ان کی شہرہ آفاق کتاب کا نام "کتاب المناظر" ہے۔ جو روشنی کی خصوصیات کے متعلق ایک جامع تجرباتی و ریاضیاتی کتاب ہے۔ ابن الہیثم مرر اور لینز کے علاوہ رفلیکشن اور افریکشن کے قوانین کا پہلا ماہر تصور کیا جاتا ہے۔ آنکھ کے بارے میں جو تفصیل ابن الہیثم نے اپنی کتاب میں پیش کی تھی وہ آج بھی کئی تجربات کے بعد صحیح تسلیم کی جاتی ہے۔ راجر بیکن نے ابن الہیثم کے مشاہدات سے کام لے کر دوربین ایجاد کیا۔ راجر بیکن نے اپنی تصانیف میں ابن الہیثم کا بار بار ذکر کیا ہے۔

جابر بن حیان: آپ کو علم کیمیا کا بانی کہا جاتا ہے۔ آپ کی باقاعدہ ایک کیمیائی تجربہ گاہ تھی۔ آپ نے کچھ دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنے، فولاد تیار کرنے، چمڑا رنگنے، لوہے کو زنگ سے بچانے اور کپڑا رنگنے کے طریقہ کار کو وضع کیا۔ آپ کو وارنش بنانے اور کسری کشید کے عمل کے بارے میں بھی معلوم تھا۔ آپ نے علم کیمیا اور اس سے متعلقہ علوم پر بہت سی کتابیں لکھیں، جن میں مشہور کتابیں "الکتاب الخالص، اور الکیمیا" ہیں۔ الکیمیا کا رابرٹ آف چیسٹر نے 1144ء میں لاطینی میں ترجمہ کیا۔ مسٹر اوہوس نے آپ کی نو کتابوں کا 1892ء میں فرانسیسی زبان میں ترجمہ کیا۔ اس کے علاوہ آپ نے سب سے پہلے سلفیورک ایسڈ، ہائیڈروکلورک ایسڈ اور نائٹرک ایسڈ تیار کیا۔

سوال نمبر3:۔ ڈینگی بخار کی علامات، علاج اور احتیاطیں بیان کریں؟

**جواب:ڈینگی بخار:**

اس کا وائرس زیادہ تر مون سون کے موسم میں پھیلتا ہے۔

**ڈینگی کی علامات:**

اس میں مریض کو تیز بخار کی ساتھ ساتھ سر میں بہت شدید درد ہونے لگتا ہے۔

☆ بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے اور جسم اچانک ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔

☆ گھٹنوں اور جوڑوں میں درد اور شدید تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔

☆ جسم انسانی کی قوت مدافعت تقریباً ختم ہو جاتی ہے۔

☆ پورے جسم پر سرخ رنگ کے دھبے ظاہر ہونے لگتے ہیں۔

**ڈینگی بخار کا علاج:**

☆ پپیتے کے پتوں کا رس نکال کر صبح اور شام پلانا بھی ڈینگی بخار کا شافی علاج ہے۔

☆ بکری کا دودھ بھی اس مرض میں نہایت مفید ہے۔

☆ جوس وغیرہ کا زیادہ استعمال کیا جائے۔

☆ اور دواؤں میں ٹیلینول یا پیراسیٹامول کے علاوہ کوئی دوا استعمال نہ کی جائے۔

**ڈینگی سے بچنے کی احتیاطی تدابیر:**

ڈینگی سے بچاؤ کا سب سے اہم جز مچھر کو پیدا ہونے سے روکنا اور مارنا ہے۔ جس کے لیے گھروں میں مچھر مار ادویات کا اسپرے کرنا اور غیر ضروری تالابوں اور جوہڑوں کو پر کرنا ہے۔ پانی کے اوپر مٹی کے تیل کا چھڑکاؤ کیا جائے۔ مچھر بھگانے والا لوشن استعمال کیا جائے۔ دروازے، کھڑکیوں اور روشن دانوں پر باریک جالی لگائی جائے تاکہ مچھر اندر نہ آسکیں۔ اسپرے کرواتے وقت تمام سامان کمرے سے باہر نکال لیں اور دو ماہ تک سفیدی یا لپائی نہ کی جائے۔ ڈینگی ہونے کی صورت میں مریض کو مشروبات کا استعمال زیادہ کروایا جائے۔ علیحدہ کمرے میں رکھا جائے اور مچھر دانی استعمال کروائی جائے۔

سوال نمبر 4: کمپیوٹر کیا ہے؟ نیز اس کے اہم ان پٹ اور آؤٹ پٹ آلات کی تفصیلی وضاحت کریں؟

**جواب:**

کمپیوٹر: کمپیوٹر ایک ایسا الیکٹرونک آلہ ہے جس کا کام ڈیٹا کو حاصل کرنا، اس پر عمل کرنا، اس کا تجزیہ کرنا اور ہماری دی ہوئی ہدایات کے مطابق عمل کرنا۔

ان پٹ آلات: کمپیوٹر کے ان پٹ آلات درج ذیل ہیں۔

کی بورڈ: یہ ٹائپ رائٹر کی شکل کا ہوتا ہے۔ اس کی ذریعے کمپیوٹر کو دی جانے والی معلومات ٹائپ کی جاتی ہیں۔

**ماؤس:** ماؤس ایک ان پٹ آلہ ہے یہ ہاتھ میں پکڑنے اور صرف اشارہ کرنے والا آلہ ہے۔ اس کے اوپر دو یا تین بٹن ہوتے ہیں جن کو دبا کر آپشنز منتخب کی جاتی ہیں۔

**سکینرز:** اس کی مدد سے تصویریں، گراف اور مختلف تحریریں کمپیوٹر میں داخل کی جاتی ہیں۔ اس کی مدد سے نہایت کم وقت میں ڈیٹا آسانی سے کمپیوٹر میں داخل کیا جاتا ہے۔

**ڈیجیٹل کیمرے:** اگر ہم ڈائریکٹ تصویر کھینچ کر کمپیوٹر میں بھیجنا چاہیں تو اس کے لیے ڈیجیٹل کیمرے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس کی مدد سے تصویریں ہارڈ ڈیسک یا کمپیوٹر کی ریم میں چلی جاتی ہے اس کو محفوظ کر کے بعد میں ضرورت کے مطابق لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

**ڈیسک ڈرائیور ہارڈ ڈیسک رمقناطیسی ٹیپ:** ان ڈیوائسز پر مستقل طور پر ڈیٹا محفوظ کر لیا جاتا ہے اور کسی بھی وقت استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**آؤٹ پٹ آلات:** کمپیوٹر کے آؤٹ پٹ آلات کی وضاحت درج ذیل ہے۔

**مانیٹر:** یہ ٹی وی سکرین جیسا ہوتا ہے کمپیوٹر کو دی جانے والی معلومات اور ان کا حل اس پر ڈسپلے ہوتا ہے۔

**پرنٹرز:** پرنٹرز کمپیوٹر کے کارآمد آؤٹ پٹ آلات میں سے ہے۔ یہ کمپیوٹر کی انفارمیشن کو ہارڈ کاپی میں لانے میں کام آتا ہے۔

**پلاٹرز:** یہ بڑے سائز کے گرافوں اور ڈیزائنوں کو پرنٹ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**فلاپی ڈیسک:** فلاپی ڈیسک کو ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر میں ڈیٹا منتقل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

**سی ڈی:** یہ سخت مادے کی بنی ہوتی ہے۔ ان پر مختلف پروگرامز، گیمز، گانے وغیرہ کو محفوظ کر کے ختم نہیں کیا جا سکتا ہے۔

## حصہ دوم ..... مطالعہ پاکستان

**سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟**

(۱) نادر شاہ نے ......... میں برصغیر پر حملہ کیا۔

(۲) عقیدہ ختم نبوت کا منکر ......... ہے۔

(۳) ......... کو بھارتی فوج نے دکن پر حملہ کیا۔

(۴) صوبہ سرحد کا سیاسی مستقبل کا فیصلہ ......... کے ذریعے کیا جائے۔

(۵) چین کے تعاون سے مکمل ہونے والی شاہراہ کا نام ......... ہے۔

**(ب) مختصر جواب لکھیں؟**

(۱) مسلمان کی تعریف لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

وفاعی لحاظ سے فوج کی تقسیم پر مختصر نوٹ لکھیں؟

(۳) تقسیم ہند میں چوہدری رحمت علی کا کردار بیان کریں؟

(۴) قدرتی گیس پر مختصر مضمون تحریر کریں؟

(۵) تحریک پاکستان میں حضرت پیر جماعت علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا کردار تحریر کریں؟

جوابات: (الف) خالی جگہ:

۱- 1739ء ۲- کافر ۳- 11 ستمبر 1948ء

۴- ریفرنڈم ۵- شاہراہ قراقرم

(ب) مختصر جوابات:

۱- مسلمان کی تعریف: 1973ء کے آئین کی رو سے مسلمان وہ ہے جو:

☆ اللہ کی واحدانیت پر یقین رکھتا ہو

☆ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی مانتا ہو۔

☆ تمام آسمانی کتابوں اور قیامت پر یقین رکھتا ہو۔

۲- وفاعی لحاظ سے فوج کی تقسیم: وفاعی لحاظ سے فوج کو نو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ان کے نام یہ ہیں:

i- سیکشن ii- پلاٹون iii- کمپنی iv- بٹالین v- انفنٹری vi- بریگیڈ

vii- ڈویژن viii- کورز ix- آرمی

۳- تقسیم ہند میں چوہدری رحمت علی کا کردار: تقسیم ہند میں دیگر علماء کرام ومشائخ کی طرح چوہدری رحمت علی نے بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ نے علامہ اقبال رحمہ اللہ تعالیٰ کے الگ وطن کے قیام کے نظریہ کی 1933ء میں تائید وحمایت کی۔ پھر اس کا جدید نام "پاکستان" تجویز کیا۔

۴- قدرتی گیس پر مضمون: قدرتی گیس 1952ء میں صوبہ بلوچستان کے ایک ضلع بگٹی میں سوئی کے مقام پر دریافت ہوئی، یہ توانائی کے حصول کا سب سے سستا اور صاف ستھرا ذریعہ ہے۔ اب قدرتی گیس نہ صرف گھروں میں بلکہ صنعتوں میں توانائی کے حصول کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

پاکستان میں اس کے بڑے بڑے ذخائر درج ذیل علاقوں میں واقع ہیں:

ڈھوڈک، پیرکوہ، ڈھلیاں، میال، اُچ، زن، خیرپور، مزرانی، ساری، سارنگ اور کندکوٹ وغیرہ۔

قدرتی گیس پائپ لائنوں کے ذریعے صارفین تک ملک کے مختلف علاقوں میں پہنچائی جا رہی ہے۔

۵- تحریک پاکستان میں پیر سید جماعت علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا کردار: تحریک پاکستان

میں حضرت سید جماعت علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا کردار بہت نمایاں ہے۔

22 اپریل 1946ء کو حضرت پیر سید جماعت علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے جامع مسجد میں نماز جمعہ کے خطبہ میں فرمایا کہ اس وقت دو جھنڈے ہیں ایک اسلام کا اور دوسرا کفر کا۔ پھر سب سے وعدہ لیا کہ وہ کفر کے جھنڈے یعنی کانگریسیوں اور متحدہ قومیت کا پرچار کرنے والوں کا ساتھ نہیں دیں گے بلکہ آپ نے یہ وعدہ بھی لیا کہ کانگریس میں شامل ہونے والوں کے ساتھ کسی قسم کا کوئی میل نہیں رکھیں گے نہ ان کی نماز جنازہ پڑھیں گے اور نہ ہی ان کو اپنے قبرستان میں دفن ہونے دیں گے۔

اس کے علاوہ آپ نے اپنے تمام مریدوں اور متوسلین کو حکم دیا کہ وہ مسلم لیگ کو دل کھول کر چندہ دیں۔

سوال نمبر۔ انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات تحریر کریں؟

## جواب: جنگ آزادی کے محرکات:

انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات درج ذیل ہیں:

1۔ **انگریزوں کی آمد:** شروع شروع میں انگریز تجارت کی غرض سے برصغیر میں داخل ہوئے جب انہوں نے یہاں کے حالات کو اپنے لیے سازگار دیکھا، تو انہوں نے چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے معاملات میں دخل اندازی شروع کر دی اور یوں وہ اپنا اثر و رسوخ بڑھانے میں کامیاب ہو گئے۔ چنانچہ ایسٹ انڈیا کمپنی نے 1757ء میں نواب سراج الدولہ سے بنگال فتح کیا اور پھر 1857ء تک سو سال کے عرصہ میں ایک ایک کر کے تمام بڑی ریاستوں کو فتح کر لیا۔ دہلی فتح کرنے کے بعد انگلستان (برطانیہ) کی ملکہ وکٹوریہ نے برصغیر کو باقاعدہ برطانیہ کی نوآبادی بنانے کا اعلان کر دیا اور یوں مسلمان انگریز اور ہندوؤں کی غلامی میں چلے گئے اور مسلمانوں کے اقتدار کی کشتی ڈوب گئی۔

2۔ **انگریزوں کا غاصبانہ تسلط:** اب مسلمانوں کے سامنے دو محاذ تھے برصغیر سے انگریز کے غاصبانہ تسلط کو ختم کرنا اور برصغیر کے مسلمانوں کے لیے دو قومی نظریہ کی بنیاد پر علیحدہ مملکت کا قیام جہاں مسلمان آزادی کے ساتھ اسلامی ثقافت کو فروغ دے سکیں اور اسلامی نظام حکومت قائم ہو سکے۔ ان دو محاذوں میں سے پہلا محاذ آزادی کا تھا۔ چنانچہ برصغیر کے مسلمانوں نے آزادی ہند کے لیے جدوجہد شروع کر دی جس کی بنیاد سیاسی، معاشرتی، مذہبی اور فوجی وجوہات بھی تھیں جن کی قدرے تفصیل درج ذیل ہے:

3۔ **نسلی امتیاز:** مسلمانوں نے اپنے دور اقتدار میں کبھی بھی نسلی امتیاز کی پالیسی پر عمل نہیں کیا تھا لیکن انگریز محکوم اقوام کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور معاملے میں گورے کو کالے پر ترجیح دیتے تھے۔

4۔ **مسلمانوں کا خاتمہ:** چونکہ انگریزوں نے حکومت مسلمانوں سے لی تھی اس لیے وہ مسلمانوں کو اپنا دشمن سمجھتے تھے وہ اس بات سے ڈرتے تھے کہ کہیں مسلمان دوبارہ اقتدار میں نہ آ جائیں یہی وجہ ہے کہ وہ

مسلمانوں کو سیاسی، اقتصادی اور سماجی لحاظ سے کچلنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرتے تھے۔

5. عیسائی پادریوں کی بے لگامی: انگریز حکومت برصغیر کے باشندوں (بالخصوص مسلمانوں) کو عیسائی بنانے میں زیادہ دلچسپی لے رہی تھی اور حکومتی سرپرستی میں مشن اسکولوں اور ہسپتالوں میں کھلم کھلا عیسائیت کی تبلیغ کی جاتی تھی۔

سوال نمبر 7۔ 3 جون 1947ء کے منصوبے اور نفاذ پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں؟ 15

جواب: 3 جون 1947ء کا منصوبہ: بفضل الٰہی جب برصغیر کے کونے کونے میں پاکستان کے حق میں آواز بلند ہوئی تو حکومت نے برصغیر کو تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا اور دو مملکتوں کے قیام کا اصولی موقف تسلیم کر کے حکومت نے تفاصیل طے کیں اور مختلف صوبوں اور ریاستوں کے مستقبل کے بارے میں لائحہ عمل مرتب کیا جس کے اہم نکات یہ ہیں:

☆ مسلم اکثریتی صوبوں کو پاکستان میں شامل کیا جائے۔

☆ پنجاب کو دو حصوں میں تقسیم کر کے مسلم اکثریتی علاقے پاکستان میں جبکہ غیر مسلم علاقے ہندوستان میں شامل کیے جائیں گے۔

☆ صوبہ بنگال کا فیصلہ بھی پنجاب کے انداز میں کیا گیا۔

☆ صوبہ سندھ کے اسمبلی ممبران کو حق دیا گیا کہ وہ جس ملک کے ساتھ چاہیں الحاق کر لیں۔

☆ صوبہ بلوچستان میں جرگہ بلایا جائے گا اور کوئٹہ کی میونسپل کمیٹی کی رائے کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔

☆ ضلع سلہٹ میں ریفرنڈم کے ذریعے وہاں کی عوام پاکستان یا ہندوستان میں سے کسی ایک کے ساتھ ملنے کا فیصلہ خود کرے گی۔

☆ صوبہ سرحد کی عوام بھی ریفرنڈم کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرے گی۔

☆ ریاستیں جغرافیائی حیثیت اور مخصوص حالات کے مدنظر رکھ کر جس ملک سے چاہیں الحاق کر سکیں گی۔

نفاذ: یہ منصوبہ اس طرح نافذ ہوا کہ:

غیر مسلم اکثریتی صوبے ہندوستان میں شامل ہو گئے۔ ضلع سلہٹ کی عوام نے پاکستان کے حق میں فیصلہ دیا تو اسے مشرقی پاکستان سے ملحق کر دیا گیا۔ صوبہ سرحد کی عوام نے بھی پاکستان کے حق میں فیصلہ دیا۔ پنجاب اور بنگال کی تقسیم کے لیے ایک انگریز وکیل سر ریڈکلف کو ثالث مقرر کیا گیا۔ جس نے بددیانتی سے کام لیتے ہوئے پاکستان کو بعض مسلم اکثریتی علاقوں سے محروم کر دیا۔ زیادہ تر ریاستوں نے از خود کسی ایک ملک سے الحاق کر لیا تھا مگر ریاست جموں و کشمیر، حیدرآباد دکن، جوناگڑھ، منگرول اور مناوادر کا فیصلہ نہ ہو سکا۔ انڈیا نے فوج کشی کر کے ان ریاستوں پر قبضہ کر لیا۔

سوال نمبر ۱۵۔ پاکستان میں اسلامی تحریکوں پر تفصیلی مضمون سپردِ قلم کریں؟

جواب: پاکستان میں اسلامی تحریکوں پر مضمون: پاکستان میں لیبرل اور سیکولر طبقہ ہمیشہ سے ... تحریکوں کے حوالے سے یہ چار تحریکیں نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔

۱۔ تحریک ختم نبوت 1953ء: مرزا غلام احمد قادیانی نے ختم نبوت کا انکار کر کے نبوت کا دعویٰ کیا۔ اس وجہ سے مرزا قادیانی اور اس کے ماننے والے دائرہ اسلام سے خارج ہو گئے۔ پھر ظفر اللہ مرزائی کو جب کلیدی عہدہ (یعنی وزیر خارجہ) دیا گیا تو مسلمانانِ پاکستان نے اسے ہٹانے اور مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے لیے ایک تحریک چلائی۔ جس میں تمام مکاتب فکر کے علماء نے شامل ہو کر حضرت علامہ ابو الحسنات قادری رحمہ اللہ تعالیٰ کی قیادت پر اتفاق کیا۔ اس وقت کی حکومت نے اقتدار کے زور پر تحریک میں شامل مسلمانوں پر بہت مظالم کیے۔ تین علماء مولانا عبد الستار خان نیازی، مولانا سید خلیل احمد قادری اور مولانا مودودی کو پھانسی کی سزا کا حکم دیا گیا۔ پھر بعد میں انھیں رہا کر دیا گیا۔

۲۔ تحریک ختم نبوت 1974ء: 1974ء میں جب مرزائی غنڈوں نے نشتر میڈیکل کالج ملتان کے طلباء پر دورانِ سفر ربوہ کے ریلوے اسٹیشن پر حملہ کیا تو اس سے مسلمانوں کی غیرت ایمانی جاگ اٹھی۔ انھوں نے قادیانیوں مرزائیوں کے خلاف احتجاجی تحریکیں شروع کیں۔ چنانچہ علامہ شاہ احمد نورانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے لیے قومی اسمبلی میں قرارداد پیش کی اور پھر تمام مکاتب فکر کے علماء اور دیگر لوگوں نے اس تحریک میں بھرپور حصہ لیا۔ آخر کار 7 ستمبر 1974ء کو قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا۔ اس تحریک کے صدر مولانا محمد یوسف بنوری اور جنرل سیکرٹری علامہ سید محمود احمد رضوی تھے۔ اس کامیابی کا سہرا تمام علماء اور ذوالفقار علی بھٹو کے سر جاتا ہے جو اس وقت وزیر اعظم تھے۔

۳۔ تحریک نفاذ نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم: پاکستان میں تمام مذہبی جماعتوں نے نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تحریک چلائی جو کامیاب نہ ہو سکی اور جنرل ضیاء الحق نے ملک میں مارشل لاء لگا دیا۔

۴۔ تحریک ناموس رسالت: جب دشمنانِ اسلام نے ہمارے پیارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کے حوالے سے گستاخانہ خاکے بنائے تو پورے ملک میں نفرت کی آگ بھڑک اٹھی۔ زندگی کے تمام طبقات اور تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں میدان میں نکل آئیں اور دشمنانِ اسلام کو بتا دیا کہ "غیرت مسلم زندہ ہے" اور ہر طرف سے "لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔

☆☆☆

(۱۰) هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ط
وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے دس الفاظ کے معانی لکھیں؟

(۱) اَلْحَمْدُ (۲) سَوَآءٌ (۳) مَرَضٌ (۴) رَغَدًا

(۵) اَزْوَاجٌ (۶) بَعُوْضَةً (۷) اُسْرٰی (۸) بَسْطَةً

(۹) الْوُثْقٰی (۱۰) صَفْوَانٌ (۱۱) اَنْ تُغْمِضُوْا (۱۲) لَمْ يَتَسَنَّهْ

## حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے تین اجزاء کا جواب دیں؟

(الف) وقف، سکتہ اور اعادہ سے کیا مراد ہے؟

(ب) ص، ق اور غ میں سے دو کے مخارج تحریر کریں؟

(ج) قرآن پاک کو خوش الحانی اور تجوید سے پڑھنے کی اہمیت بیان کریں؟

(د) علم تجوید کی روشنی میں بتائیں زبان کے کتنے حصے ہیں؟ نیز وسط زبان سے کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟

(ہ) درج ذیل میں سے تین اصطلاحات کی وضاحت کریں؟

(۱) استعلاء (۲) ہمس (۳) صفیر (۴) قلقلہ

☆ ☆ ☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

نوٹ: تمام سوالات حل کریں ہر سوال کے اندر جزوی رعایت موجود ہے۔

## حصہ اوّل...... قرآن مجید

سوال نمبر 1: درج ذیل آیات قرآنیہ میں سے چھ کا اردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ ۙ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

(۲) ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○

(۳) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○

(۴) وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ

(۵) قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ○

(۶) وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

(۷) صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ○ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ○

(۸) وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ○

(۹) وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ

(۱۰) هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ○

جواب: **قرآنی آیات کا ترجمہ:**

۱۔ ہم کو سیدھے راستہ پر چلا، راستہ ان لوگوں کا جن پر تو نے احسان کیا، نہ ان کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔

۲۔ وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں، اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو۔ وہ جو بے دیکھے ایمان لائیں اور نماز قائم رکھیں اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے ہماری راہ میں اٹھائیں۔

۳۔ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو، جس نے تمہیں اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا۔ یہ امید

کرتے ہوئے کہ تمہیں پرہیزگاری ملے۔
اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم سے تو ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ ہوگا، تو آپ اپنے رب سے
۴۔ دعا کیجیے کہ زمین کی اگائی ہوئی چیزیں ہمارے لیے نکالے کچھ ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور
اور پیاز۔
کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے، جس سے خدمت نہیں لی جاتی کہ زمین جوتے اور نہ کھیتی
۵۔ کو پانی دے۔ بے عیب ہے، جس میں کوئی داغ نہیں۔ بولے اب ٹھیک ہے، تو اسے ذبح کیا اور
ذبح کرتے معلوم نہ ہوتے تھے۔
بہت کتابیوں نے چاہا کہ کاش تمہیں ایمان کے بعد کفر کی طرف پھیر دیں۔ اپنے دلوں کی جلن
۶۔ سے بعد اس کے کہ حق ان پر خوب ظاہر ہو چکا ہے، تو تم چھوڑو اور درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا
حکم لائے۔ بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔
ہم نے اللہ کی رینی لی اور اللہ سے بہتر کسی کی رینی اور اسی کو ہم پوجتے ہیں۔ تم فرماؤ کیا تم اللہ کے
۷۔ بارے میں ہم سے جھگڑتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی اور ہماری کرنی
ہمارے ساتھ اور تمہاری کرنی تمہارے ساتھ اور ہم نرے اسی کے ہیں۔
۸۔ اور کافروں کی کہاوت اس جیسی ہے جو پکارے ایسوں کو کہ خالی چیخ و پکار کے سوا کچھ نہ سنے
بہرے، گونگے، اندھے، تو انہیں سمجھ نہیں۔
۹۔ اور کافروں کو جہاں پاؤ مارو اور انہیں نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا تھا۔ اور ان کا فساد تو
قتل سے بھی زیادہ سخت ہے اور مسجد حرام کے پاس ان سے نہ لڑو، جب تک تم سے وہ وہاں نہ
لڑیں۔
۱۰۔ کاہے کے انتظار میں ہیں مگر یہی کہ اللہ کا عذاب آئے چھائے ہوئے بادلوں میں اور فرشتے آ
جائیں اور کام ہو چکے اور سب کاموں کی رجوع اللہ ہی کی طرف ہے۔

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے دس الفاظ کے معانی لکھیں؟

(۱) اَلْحَمْدُ (۲) سَوَآءٌ (۳) مَرَضٌ (۴) رَغَدٌ
(۵) اَزْوَاجٌ (۶) بَعُوْضَةٌ (۷) اُسٰرٰی (۸) بَسْطَةٌ
(۹) اَلْوُثْقٰی (۱۰) صَفْوَانٌ (۱۱) اَنْ تُغْمِضُوْا (۱۲) لَمْ یَتَسَنَّهْ

جواب: الفاظ کے معانی:

(۱) تمام تعریفیں (۲) برابر (۳) بیماری (۴) گریج
(۵) بیویاں (۶) مچھر (۷) قیدی (۸) کوہاڑی
(۹) مضبوطی (۱۰) چکنا پتھر (۱۱) یہ کہ تم چشم پوشی کرو
(۱۲) وہ بیہودہ وارد نہ ہوا

## حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے تین اجزاء کا جواب دیں؟

(الف) وقف، سکتہ اور اعادہ سے کیا مراد ہے؟

(ب) ص، ق اور غ میں سے دو کے مخارج تحریر کریں؟

(ج) قرآن پاک کو خوش الحانی اور تجوید سے پڑھنے کی اہمیت بیان کریں؟

(د) علم تجوید کی روشنی میں بتائیں زبان کے کتنے حصے ہیں؟ نیز وسط زبان سے کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟

(ہ) درج ذیل میں سے تین اصطلاحات کی وضاحت کریں؟

(۱) استعلاء (۲) ہمس (۳) صفیر (۴) قلقلہ

جوابات: (الف) اصطلاحات تجوید کی تعریفات:

وقف: کلمہ کے آخری حرف پر سانس اور آواز کو توڑ کر اسکان، روم، اشمام اور ابدال سے ٹھہرنے کو وقف کہا جاتا ہے۔

سکتہ: کسی حرف پر بغیر سانس توڑے تھوڑی دیر کے لیے آوازوں کو روک لینا سکتہ کہلاتا ہے۔

اعادہ: ربط کلام کے لیے موقوف علیہ یا اس سے پہلے والے کلمے کو لوٹا کر پڑھنا، اعادہ کہلاتا ہے۔

(ب) حروف کے مخارج:

| | |
|---|---|
| ص | نوک زبان اور ثنایا سفلی کے کنارے مع اتصال ثنایا علیا |
| ق | زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ |
| غ | ابتدائے حلق |

(ج) قرآن پاک کو خوش الحانی اور تجوید سے پڑھنے کی اہمیت:

قرآن کریم کو خوش آوازی اور لب ولہجہ میں پڑھنا مسنون ہے۔ اس طرح پڑھنے سے قرآن کریم کے حسن وتاثیر میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے بشرطیکہ خوش آوازی اور لہجہ پیدا کرنے سے قواعد تجوید نہ بگڑیں ورنہ قرآنی خوانی میں ایسی خوش آوازی جس سے قواعد بگڑیں، قطعاً ممنوع ہے۔

قرآن میں ہے:

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا۝

ترتیل کا معنی ہے: خفض الصوت و تحسین الصوت۔

ترجمہ: پڑھائی کے وقت آواز کو پست اور ہلکا کرنا اور خوش آوازی سے پڑھنا۔ (المنجد)

ایسی خوش آوازی جس سے قواعد بگڑیں قطعاً ممنوع ہے۔

۱۔حدیث: زینوا القرآن باصواتکم۔

ترجمہ: قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے آراستہ کرو۔ (ابوداؤد ونسائی)

۲۔حدیث: لکل شیء حلیة و حلیة القرآن حسن الصوت۔

ترجمہ: ہر چیز کے لیے ایک زیور ہوتا ہے اور قرآن کا زیور خوش آوازی ہے۔

۳۔حدیث: حسنو القرآن باصواتکم فان الصوت الحسن یزید القرآن حسناً۔

ترجمہ: قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے خوبصورت کرو۔ تحقیق اچھی آواز قرآن کے حسن میں اضافہ کرتی ہے۔

۴۔حدیث: اقرؤا القرآن بلحون العرب و اصواتها۔

ترجمہ: قرآن کریم کو عرب کے لب ولہجہ اور آواز سے پڑھو۔ (طبرانی وبیہقی)

اس قسم کی کئی اور احادیث اور واقعات ایسے ملتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن پاک کو قواعد تجوید کی رعایت کر کے حسن صوت اور عربی لب ولہجہ میں پڑھنا عین سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے طریقہ کے عین مطابق ہے۔

جس طرح قرآن کریم کا پڑھنا اور اس کو سمجھ کر اس کی تعلیمات پر عمل کرنا ضروری ہے اسی طرح اسے صحیح پڑھنا بھی نہایت ضروری ہے۔ قرآن کریم کو صحیح طریقے سے سمجھنا ہی اس کے صحیح پڑھنے پر موقوف ہے۔ جیسا کہ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" میں "قُلْ" دو نقطوں والے قاف سے ہے جس کے معنی ہیں

"کہو! اللہ ایک ہے"۔ لیکن اگر ہم اسے "کُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" یعنی کتاب والے کاف سے پڑھیں گے، تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ "کھاؤ! اللہ ایک ہے"۔ یعنی حروف کو اس کے صحیح مخرج سے ادا نہ کرنے کے سبب اس کا معنی بالکل تبدیل ہو گیا۔ اس لیے اگر ہم فن تجوید کی طرف دھیان نہیں دیتے تو معاذ اللہ اس قسم کی مزید سنگین غلطیاں ہو سکتی ہیں۔

حدیث مبارکہ میں ہے:

"جس نے قرآن کا ایک حرف پڑھا، اس کے لیے دس نیکیاں ہیں"۔

اس حوالے سے اور بھی بہت سی احادیث ہیں مگر اس کی فضیلت اور ثواب کے حقدار ہم اسی وقت ہوں گے جب اس کو صحیح پڑھیں گے۔

## (د) زبان کے حصے اور مخرج:

**زبان کے حصے:** زبان کے تین حصے ہیں:

i- زبان کی جڑ ii- وسط زبان iii- نوک زبان

**وسط زبان سے ادا ہونے والے حروف:** ج، ش، ی

## (ہ) اصطلاحات تجوید کی وضاحت:

**۱۔ استعلاء:** لغوی معنی بلندی چاہنا، اصطلاح تجوید میں زبان کی جڑ کو تالو کی طرف بلند ہونے کو کہتے ہیں؛ جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے انہیں حروف مستعلیہ کہتے ہیں۔ ان حروف کو ادا کرتے وقت زبان کی جڑ تالو کی طرف بلند ہوتی ہے۔ اس لیے یہ حروف پر پڑھے جاتے ہیں۔ یہ حروف سات ہیں جن کا مجموعہ ہے: خص ضغط قظ۔

**۲۔ ہمس:** لغوی معنی "پستی" اصطلاح تجوید میں پست اور ضعیف آواز کو کہتے ہیں، جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے، ان کو حروف مہموسہ کہتے ہیں۔ ان حروف کو ادا کرتے وقت سانس آہستہ سے جاری رہتا ہے جس کی وجہ سے آواز میں پستی اور کمزوری پائی جاتی ہے۔ حروف مہموسہ دس ہیں جن کا مجموعہ ہے فحثہ، شخص، سکت۔

**۳۔ صفیر:** اس کا لغوی معنی ہے: سیٹی، علم تجوید کی اصطلاح میں جن حروف کو ادا کرتے وقت منہ سے سیٹی کی آواز نکلتی ہے، ان کو حروف صفیریہ کہا جاتا ہے۔ یہ تین حروف ہیں: ز، س اور ص جیسے یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ۔

۴۔ قلقلہ: اس کا لغوی معنی ہے جنبش، اصطلاح تجوید میں حروف کے سکون کے وقت ان کے مخرج میں پیدا ہونے والی جنبش کو قلقلہ کہا جاتا ہے، جن حروف میں ادا کرتے وقت سکون کی حالت میں یہ صفت پائی جاتی ہے، ان کو قلقلہ کہا جاتا ہے۔ وہ پانچ حروف ہیں جن کا مجموعہ ہے قُطْبُ جَدٍ ہے۔

☆ ☆ ☆

## تنظیم المدارس (اہلِ سنّت) پاکستان

الشہادۃ الثانویۃ العامۃ میٹرک (سال اول) طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

وقت: تین گھنٹے      دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی      کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

### حصہ اوّل...... حدیث شریف

سوال نمبر ۱:۔ درج ذیل اجزاء میں سے چار کا ترجمہ کریں؟

(۱) قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِیْمَانِ قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ۔

(۲) اِنَّ الْحَلَالَ بَیِّنٌ وَّاِنَّ الْحَرَامَ بَیِّنٌ وَ بَیْنَھُمَا اُمُوْرٌ مُّشْتَبِھَاتٌ۔

(۳) مَا نَھَیْتُکُمْ عَنْہُ فَاجْتَنِبُوْہُ وَمَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ فَاْتُوْا مِنْہُ مَا اسْتَطَعْتُمْ۔

(۴) قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یَرِیْبُکَ۔

(۵) قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَیْسَ عَلَیْہِ اَمْرُنَا فَھُوَ رَدٌّ

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل الفاظ میں سے پانچ کے معانی سپرد قلم کریں؟

(۱) جَفَّتْ (۲) اَلْعَالَۃُ (۳) جَائِعٌ (۴) وِزْرٌ

(۵) خَطْوَۃٌ (۶) حَاکَ (۷) اَلنَّوَاجِذُ (۸) سَنَامٌ

### حصہ دوم...... عربی ادب

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟

(۱) قِطَّۃٌ (۲) حَصِیْرٌ (۳) غُصْنٌ (۴) سَرِیْرٌ

(۵) دَرَّاجَۃٌ (۶) مِحْفَظَۃٌ (۷) مَکْتَبٌ

(ب) مندرجہ ذیل میں سے تین جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) تِلْكَ شَاةٌ سَوْدَاءُ . (۲) سَاجِدَةُ طَوِيْلَةٌ .

(۳) نَعَمْ اَكْتُبُ بِالْقَلَمِ . (۴) اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟

(۵) عِنْدِيْ مِائَةُ كِتَابٍ .

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) وہ کھجور کا درخت ہے۔ (۲) یہ بڑی گائے ہے۔

(۳) کیا آپ کا دوست چلتا ہے؟ (۴) ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

(۵) جی ہاں، میرا دوست قرآن پڑھتا ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کی عربی لکھیں؟

(۱) تختہ سیاہ (۲) میز (۳) دوات (۴) بکری

(۵) بھیڑیا (۶) درخت (۷) سیب

سوال نمبر 5:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے عربی میں جوابات دیں؟

(۱) هَلْ صَدِيْقُكَ يَقُوْمُ؟ (۲) هَلْ تُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ؟

(۳) كَمْ خَالَةً لِحَامِدٍ؟ (۴) كَمْ يَوْمًا فِي الْاُسْبُوْعِ؟

(۵) اَيْنَ الْقَصَّابُ؟ (۶) اَيْنَ يَقُوْمُ صَدِيْقُكَ؟

☆ ☆ ☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: حدیث وادب عربی | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

### حصہ اوّل...... حدیث شریف

سوال نمبر 1: درج ذیل اجزاء میں سے چار کا ترجمہ کریں؟

(۱) قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِيْمَانِ قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهُ يَرَاكَ .

(۲) اِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَّاِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ وَ بَيْنَهُمَا اُمُوْرٌ مُّشْتَبِهَاتٌ .

(۳) مَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوْهُ وَمَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ ۔

(۴) قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا يَرِيْبُكَ اِلٰى مَا لَا يَرِيْبُكَ ۔

(۵) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَيْسَ عَلَيْهِ اَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ ۔

جواب: اجزاء کا ترجمہ:

۱۔ (اس شخص نے) کہا: آپ مجھے احسان کے بارے میں بتائیں؟ فرمایا: کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہو۔

۲۔ بیشک حلال واضح ہے اور بیشک حرام بھی واضح ہے اور ان دونوں کے مابین مشتبہ امور ہیں۔

۳۔ میں تمہیں جس سے منع کروں اس سے باز آ جاؤ اور تمہیں جسے کرنے کا حکم دوں پس اپنی قدرت کے مطابق سرانجام دو/ بجالاؤ۔

۴۔ فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات یاد کی ہوئی ہے کہ جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ دو اور جو تجھے شک میں نہ ڈالے اسے اختیار کرلو۔

۵۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ایسا کام کرے جس سے متعلق ہمارا حکم نہ ہو، پس وہ مردود ہے۔

سوال نمبر 2:-درج ذیل الفاظ میں سے پانچ کے معانی سپرد قلم کریں؟

(۱) جَفَّتْ (۲) اَلْعَالَةُ (۳) جَائِعٌ (۴) وِزْرٌ

(۵) خَطْوَةٌ (۶) حَاكَ (۷) اَلنَّوَاجِذُ (۸) سَنَامٌ

جواب: الفاظ کے معانی:

(۱) وہ خشک ہو گئے (۲) بھوک والے/غریب

(۳) بھوکے (۴) بوجھ/وزن

(۵) ایک قدم (۶) وہ کھٹکے/شک میں ڈالے

(۷) داڑھیں (۸) کوہان

حصہ دوم...... عربی ادب

سوال نمبر 3:(الف) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟

(۱) قِطَّةٌ　(۲) حَصِيْرٌ　(۳) غُصْنٌ　(۴) سَرِيْرٌ

(۵) دَرَّاجَةٌ　(۶) مِحْفَظَةٌ　(۷) مَكْتَبٌ

(ب) مندرجہ ذیل میں سے تین جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) تِلْكَ شَاةٌ سَوْدَاءُ .　(۲) سَاعِدَةٌ طَوِيْلَةٌ .

(۳) نَعَمْ اَكْتُبُ بِالْقَلَمِ .　(۴) اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟

(۵) عِنْدِیْ مِائَةُ كِتَابٍ .

**جوابات: (الف) الفاظ کے معانی:**

(۱) بلی　(۲) چٹائی　(۳) شاخ　(۴) چارپائی

(۵) سائیکل　(۶) بستہ　(۷) ڈیسک

**(ب) جملوں کا اردو ترجمہ:**

(۱) وہ بکری سیاہ ہے۔　(۲) لمبی کلائی۔

(۳) جی ہاں! میں قلم سے لکھتا ہوں۔　(۴) آج کونسا دن ہے؟

(۵) میرے پاس سو کتابیں ہیں۔

**سوال نمبر 4:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟**

(۱) وہ کھجور کا درخت ہے۔　(۲) یہ بڑی گائے ہے۔

(۳) کیا آپ کا دوست چلتا ہے؟　(۴) ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

(۵) جی ہاں، میرا دوست قرآن پڑھتا ہے۔

**(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کی عربی لکھیں؟**

(۱) تختہ سیاہ　(۲) میز　(۳) دوات　(۴) بکری

(۵) بھیڑیا　(۶) درخت　(۷) سیب

**جوابات: (الف) جملوں کا عربی ترجمہ:**

(۱) ذٰلك نخيل　(۲) هذه بقرة كبيرة

(۳) هل صديقك يمشى؟　(۴) كم يوما فى الاسبوع؟

(۵) نعم! صدیقی یتلو القران

(ب) الفاظ کی عربی:

(۱) سَبُّوْرَةٌ (۲) مَكْتَبٌ (۳) دَوَاةٌ (۴) شَاةٌ
(۵) ذِئْبٌ (۶) شَجَرٌ (۷) تُفَّاحٌ

سوال نمبر 5:-درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے عربی میں جوابات دیں؟

(۱) هَلْ صَدِيقُكَ يَقُوْمُ؟ (۲) هَلْ تُصَلِّيْنَ فِي الْمَسْجِدِ؟
(۳) كَمْ خَالَةً لِحَامِدٍ؟ (۴) كَمْ يَوْمًا فِي الْأُسْبُوْعِ؟
(۵) أَيْنَ الْقَصَّابُ؟ (۶) أَيْنَ يَقُوْمُ صَدِيقُكَ؟

جواب: اجزاء کے عربی میں جوابات:

(۱) نعم! صدیقی یقوم۔ (۲) لا، بل اصلی فی الغرفة
(۳) لحامد اربع خالات (۴) فی الاسبوع سبعة ایام
(۵) القصاب قاعد علی دکانه (۶) یقوم صدیقی علی السقف۔

☆ ☆ ☆

## تنظیم المدارس (اہلِ سنّت) پاکستان

الشھادة الثانویة العامة میٹرک (سال اوّل) طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

وقت: تین گھنٹے تیسرا پرچہ: عقائد وفقہ کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

### حصہ اول...... عقائد

سوال نمبر ۱:-درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) موت کسے کہتے ہیں؟ (۲) چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام لکھیں؟

(۳) قبر میں کتنے اور کون کون سے سوالات ہوتے ہیں؟

(۴) منکر نکیر سے مراد کون سے فرشتے ہیں؟

(۵) اللہ تعالیٰ کا دیدار آخرت میں کس کے لیے ممکن ہے؟

(۶) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر2:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) بدعت کسے کہتے ہیں؟
(۲) ایمان اور کفر کسے کہتے ہیں؟
(۳) حوض کوثر کسے کہتے ہیں؟
(۴) گناہ کبیرہ کی پانچ مثالیں لکھیں؟
(۵) ناجی فرقہ سے مراد کون سا فرقہ ہے؟
(۶) صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کے متعلق ہمارا عقیدہ کیا ہونا چاہیے؟

## حصہ دوم...... فقہ

سوال نمبر3:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) استحاضہ کسے کہتے ہیں؟
(۲) غسل کے فرائض لکھیں؟
(۳) تیمم کا مسنون طریقہ لکھیں؟
(۴) وضو کے فرائض تحریر کریں؟
(۵) سنت مؤکدہ اور سنت غیرمؤکدہ کسے کہتے ہیں؟
(۶) نجاست خفیفہ کا حکم بیان کریں؟

سوال نمبر4:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) امام کس کو بنایا جائے؟
(۲) نماز کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟
(۳) پانچوں نمازوں کے اوقات لکھیں؟
(۴) پردہ کے متعلق کسی آیت یا حدیث کا ترجمہ کریں؟
(۵) عورتوں کے لیے باریک کپڑے پہننے کا کیا حکم ہے؟
(۶) شوہر اور بیوی میں سے ہر ایک کے دو دو حقوق لکھیں؟

☆ ☆ ☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

### تیسرا پرچہ: عقائد و فقہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

## حصہ اول...... عقائد

سوال نمبر1:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) موت کسے کہتے ہیں؟　(۲) چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام لکھیں۔
(۳) قبر میں کتنے اور کون کون سے سوالات ہوتے ہیں؟
(۴) منکر نکیر سے مراد کون سے فرشتے ہیں؟
(۵) اللہ تعالیٰ کا دیدار آخرت میں کس کے لیے ممکن ہے؟
(۶) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص سے کیا مراد ہے؟

اجزاء کے جوابات:

ا۔موت: ہر شخص کی زندگی مقرر ہے، اس میں کمی زیادتی نہ ہوگی۔ جب وہ وقت پورا ہو جاتا ہے، تو ملک الموت یعنی حضرت عزرائیل آتے ہیں اور اس کی جان قبض کرتے ہیں، اسے موت کہا جاتا ہے۔

۲۔چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام:

i۔ تورات　ii۔ زبور　iii۔ انجیل　iv۔ قرآن مجید

۳۔قبر میں کیے جانے والے سوالات: مرنے کے بعد جب غسل و کفن اور نماز جنازہ کے بعد میت کو قبر میں دفن کیا جاتا ہے، تو اس کے پاس ڈراؤنی شکل والے فرشتے آتے ہیں، وہ میت کو اٹھا کر بٹھا لیتے ہیں، اگر مردہ کافر و منافق ہو، تو وہ فرشتوں کو دیکھ کر گھبراتا ہے اور فرشتے بھی اس پر سختی کرتے ہیں اور اگر مسلمان ہو، تو وہ ہرگز نہیں گھبراتا، وہ آسانی سے فرشتوں کے سوالات کے جواب دے دیتا ہے، پھر تا قیامت اس کی قبر باغ بہار بن جاتی ہے۔

قبر میں مردے سے مشہور تین سوال کیے جاتے ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(i) فرشتے سوال کرتے ہیں: مَنْ رَّبُّكَ؟ تیرا رب کون ہے؟ مومن جواب میں کہتا ہے: رَبِّیَ اللّٰہُ یعنی میرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔ (ii) فرشتے دوسرا سوال کرتے ہیں: مَا دِيْنُكَ؟ تیرا دین کیا ہے؟ مسلمان جواب میں کہتا ہے: دِيْنِيَ الْإِسْلَامُ یعنی میرا دین اسلام ہے۔ (iii) فرشتے فیصلہ کن انداز میں تیسرا سوال کرتے ہیں: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ یعنی اس ذات کے بارے میں تو کیا کہا کرتا تھا؟ مومن جواب میں کہتا ہے: یہ تو میرے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

۴۔منکر نکیر: وہ دو فرشتے جو قبر میں مردوں سے سوال کرنے پر متعین ہیں، ان میں سے ایک کو منکر دوسرے کو نکیر اور دونوں کو نکیرین کہتے ہیں۔ ان کی شکل ہیبت ناک ہے۔

۵۔ اللہ تعالیٰ کے دیدار کا ممکن ہونا: اللہ کا دیدار آخرت میں ہر مسلمان کے لیے ممکن بلکہ واقع ہے۔ تاہم اس کا دیدار بلا کیف ہوگا یعنی دیکھیں گے اور نہیں کہہ سکتے کہ کیسے دیکھیں گے۔

۶۔ خصائص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلب: کچھ اوصاف ایسے ہیں جو صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مختص ہیں۔ ان میں کوئی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہو سکتا۔ بلکہ ان اوصاف میں شریک ہونا ناممکن ہے۔ انہی صفات کو خصائص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) بدعت کسے کہتے ہیں؟
(۲) ایمان اور کفر کسے کہتے ہیں؟
(۳) حوض کوثر کسے کہتے ہیں؟
(۴) گناہ کبیرہ کی پانچ مثالیں لکھیں۔
(۵) ناجی فرقہ سے مراد کون سا فرقہ ہے؟
(۶) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق ہمارا عقیدہ کیا ہونا چاہیے؟

اجزاء کے جوابات:

۱۔ بدعت: دین میں ہر وہ نو پید چیز جو مسلمانوں میں رواج پا چکی ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ظاہر ہوئی، اسے بدعت کہتے ہیں۔

۲۔ ایمان وکفر کی تعریفات:

ایمان: ضروریات دین کی سچے دل سے تصدیق کرنا، ایمان کہلاتا ہے۔
ضروریات دین کی ہر ایک بات کا انکار کرنا یا نہ ماننا کفر کہلاتا ہے۔

۳۔ حوض کوثر:

بروز حشر اس جانکاہ پریشانی کے عالم میں اللہ کی ایک بڑی نعمت حوض کوثر ہے۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرحمت ہوا۔ حوض کوثر حق ہے۔ اس کی مسافت ایک ماہ کی راہ ہے۔ اس کے کناروں پر موتی کے قبے ہیں۔ اس کی مٹی خوشبودار اور مشک کی ہے۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا اور مشک سے زیادہ پاکیزہ ہے۔ اس پر پانی پینے کے برتن گنتی میں ستاروں میں بھی زیادہ ہیں، جو ایک بار پیے گا، کبھی پیاسا نہ ہوگا۔

۴۔ گناہ کبیرہ کی مثالیں:

i- غیبت کرنا    ii- جھوٹی گواہی دینا    iii- شراب نوشی

iv- زنا کرنا    v- جان بوجھ کر نماز چھوڑنا

**۵۔ ناجی فرقہ:**

ناجی فرقہ سے مراد وہ فرقہ ہے جس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام اور مسلمانوں کا ایک بڑا گروہ ہے۔ اس فرقہ کا نام "اہل سنت و جماعت" ہے۔ اس کے علاوہ بہت سے گمراہ فرقے پیدا ہو کر ختم ہو گئے اور کئی نئے پیدا ہو رہے ہیں۔ ان سے دور رہنا چاہیے۔

**۶۔ صحابہ کرام کے بارے میں عقیدہ:**

وہ خوش قسمت آدمی، جس نے ایمان کی حالت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس پائی ہو، اور ایمان کی حالت میں وہ دنیا سے رخصت ہوا ہو۔ صحابہ کرام کی تعداد ڈیڑھ لاکھ سے زائد ہے۔ صحابی قابل احترام اور واجب التعظیم ہوتا ہے۔ صحابی کی ادنیٰ بے ادبی یا گستاخی، بے دینی اور گمراہی ہے۔

## حصہ دوم...... فقہ

**سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟**

(۱) استحاضہ کسے کہتے ہیں؟    (۲) غسل کے فرائض لکھیں؟

(۳) تیمم کا مسنون طریقہ لکھیں؟    (۴) وضو کے فرائض تحریر کریں؟

(۵) سنت مؤکدہ اور سنت غیرہ مؤکدہ کسے کہتے ہیں؟

(۶) نجاست خفیفہ کا حکم بیان کریں؟

**اجزاء کے جوابات:**

۱۔ استحاضہ: وہ خون ہے، جو عورت کو حیض اور نفاس کے علاوہ مخصوص مقام سے آتا ہے۔ اس کو بیماری کا خون بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے کم و زیادہ کی کوئی مدت نہیں ہے۔

۲۔ غسل کے فرائض: غسل کے تین فرض ہیں:

i- کلی کرنا    ii- ناک میں پانی ڈالنا

iii- پورے جسم پر پانی بہانا تاکہ جسم کا کوئی حصہ خشک نہ رہے۔

۳۔ تیمم کا مسنون طریقہ: نیت کر کے دونوں ہاتھ جنس زمین پر رکھ کر ہاتھوں کی انگلیوں کو کھلی رکھ

کر پہلے آگے کی طرف لے جائیں پھر پیچھے کی طرف لائیں۔ پھر زمین سے ہاتھ اٹھا کر دونوں انگوٹھوں کی جڑیں ایک دوسرے کے ساتھ مار کر جھاڑیں تا کہ اس کا چہرہ خاک آلود نہ ہو۔ پھر دونوں ہاتھوں سے اس طرح چہرے کا مسح کریں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے، پھر دوسری دفعہ دونوں ہاتھوں کو زمین پر رگڑیں۔ پہلے دائیں ہاتھ کا مسح کریں، پھر بائیں ہاتھ کا اس طرح کہ بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے علاوہ چار انگلیوں کا پیٹ دائیں ہاتھ کی پشت پر رکھے اور انگلیوں کے سرے سے کہنیوں تک لے جائیں۔ پھر وہاں سے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے دائیں ہاتھ کے پیٹ کے چھوتے ہوئی گٹے تک لائیں اور بائیں انگوٹھے کے پیٹ سے دائیں انگوٹھے کی پشت کا مسح کریں، یوں دائیں ہاتھ سے بائیں کا مسح کریں۔

۴۔ وضو کے فرائض: وضو کے چار فرائض ہیں:

i- چہرہ دھونا
ii- کہنیوں سمیت ہاتھوں کو دھونا
iii- سر کا مسح کرنا
iv- ٹخنوں سمیت پاؤں دھونا

۵۔ سنت مؤکدہ وغیرہ کی تعریفات:

سنت مؤکدہ: اس سے مراد ایسا طریقہ ہے، جسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ اختیار کیا ہو، نیز آپ نے اس کی تاکید فرمائی ہو، اس کے بجالانے سے ثواب حاصل ہوگا اور جو اسے چھوڑنے کی عادت بنائے گا، وہ سزا کا حقدار ہوگا مثلاً نماز ظہر میں فرض سے پہلے کی چار سنت وغیرہ۔

سنت غیر مؤکدہ: وہ ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ادا بھی کیا ہو اور کبھی بغیر عذر کے ترک بھی کردیا ہو۔ اس کو ادا کرنے والا ثواب پائے گا اور چھوڑنے والا مستحق عذاب نہ ہوگا۔

۶۔ نجاست خفیفہ کا حکم:

یہ وہ نجاست ہے جو گاڑھی نہ ہو اور نہ اس کا جسم ہو مثلاً چھوٹا پیشاب وغیرہ۔ اس کا حکم یہ ہے کہ عضو کے چوتھائی حصہ سے کم ہو، تو معاف ہے یعنی اس سے نماز ہو جائے گی۔ اگر عضو کے چوتھائی حصہ یا اس سے زیادہ پھیلی ہوئی تو اس کا دھونا ضروری اور اس حالت میں پڑھی جانے والی نماز واجب الاعادہ ہے۔

سوال نمبر 4: - درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات لکھیں؟

(۱) امام کس کو بنایا جائے؟

(۲) نماز کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

(۳) پانچوں نمازوں کے اوقات لکھیں؟

(۴) پردہ کے متعلق کسی آیت یا حدیث کا ترجمہ کریں؟

(۵) عورتوں کے لیے باریک کپڑے پہننے کا کیا حکم ہے؟

(۶) شوہر اور بیوی میں سے ہر ایک کے دو دو حقوق لکھیں؟

اجزاء کے جوابات: ۱۔ امام کے لیے ضروری ہدایات:

☆ وہ صحیح العقیدہ خالص سنی ہو۔

☆ صحیح العمل ہو، فاسق علی الاعلان نہ ہو۔

☆ صحیح القراۃ ہو۔

☆ نماز سے متعلق ضروری مسائل سے آگاہ ہو۔

☆ مرد ہو، عاقل و بالغ ہو۔

☆ آزاد ہو۔

۲۔ نماز کی شرائط: نماز کی چھ شرائط ہیں جو درج ذیل ہیں:

(i) طہارت، (ii) ستر عورت، (iii) وقت، (iv) استقبال قبلہ، (v) نیت، (vi) تکبیر تحریمہ۔

۳۔ نماز کے اوقات: نماز کے اوقات درج ذیل ہیں:

فجر کا وقت: صبح صادق سے سورج کی کرن چمکنے تک ہے اور ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ اٹھارہ منٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ پینتیس منٹ ہے، نہ اس سے کم ہوگا نہ اس سے زیادہ۔

ظہر کا وقت: سورج ڈھلنے سے اس وقت تک ہے کہ ہر چیز کا سایہ علاوہ اصلی کے دو چند ہو جائے۔

عصر کا وقت: بعد ختم ہونے وقت ظہر کے یعنی سوا سایہ اصلی کے دو مثل سایہ ہونے سے سورج بنے تک ہے۔ ان علاقوں میں یہ وقت کم از کم ایک گھنٹہ ۳۵ منٹ اور زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے ۶ ٹ ہے۔

مغرب کا وقت: سورج کی ٹکیا ڈوب جائے، تو مغرب کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور شفق ڈوبنے باقی رہتا ہے۔

عشاء کا وقت: مغرب کا وقت ختم ہوتے ہی عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور صبح صادق تک باقی

رہتا ہے۔

۴۔ پردہ سے متعلق آیت یا حدیث کا ترجمہ:

حدیث مبارک: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کا اپنے گھر کے اندر نماز پڑھنا صحن میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور اس کا تہہ خانے میں نماز پڑھنا گھر کے اندر نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

(ابوداؤد)

۵۔ عورتوں کے لیے باریک کپڑے پہننے کا حکم:

جو عورتیں بہت باریک لباس/کپڑے پہنتی ہیں جن سے سر کے بال یا بالوں کی سیاہی یا گردن یا پیٹ یا پیٹھ یا بدن کی رنگت جھلکتی ہو، ایسے کپڑے پہننا ناجائز و حرام ہے۔

۶۔ شوہر اور بیوی کے حقوق:

شوہر کے حقوق: i۔ اپنی اور شوہر کی عزت کی حفاظت کرے۔

ii۔ شوہر کے مال کو بے جا خرچ نہ کرے۔

بیوی کے حقوق: i۔ عورتوں/بیوی کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کرے۔

ii۔ اپنی مسلمان بیوی سے بغض نہ رکھے۔

☆ ☆ ☆

## تنظیم المدارس (اہلِ سنّت) پاکستان

الشهادة الثانوية العامة میٹرک (سال اوّل) طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

وقت: تین گھنٹے — چوتھا پرچہ: صرف — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: صرف تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر 1: (الف) لفظ کا لغوی اور اصطلاحی معنی اور اس کی اقسام کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ب) مثبت اور منفی کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) باب نَصَرَ سے فعل ماضی معروف کی گردان تحریر کریں؟

سوال نمبر 2: (الف) مصدر، مشتق اور جامد کی تعریفات تحریر کریں؟

(ب) لفیف کی اقسام تعریفات سمیت لکھیں؟

(ج) حروف اصلیہ وزائدہ کی تعریفات لکھیں؟

سوال نمبر3: (الف) ماضی مطلق کی تعریف نیز ماضی مجہول بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟

(ب) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی اقسام ہیں؟ نام لکھیں

(ج) لَمْ کا لفظی عمل تحریر کریں؟

سوال نمبر4: (الف) نون تاکید کی اقسام لکھیں نیز نون خفیفہ کتنے صیغوں کے ساتھ آتا ہے؟

(ب) باب ضَرَبَ سے مضارع معروف کی گردان معنی کے ساتھ تحریر کریں؟

(ج) درج ذیل میں سے دو کے بارے میں بتائیں کہ کیا صیغے ہیں؟

(۱) ضَرَبْنَ (۲) يَنْصُرُوْنَ (۳) سَامِعٌ

(۴) لَنْ يَّفْتَحَ (۵) مَنْصُوْرٌ

☆ ☆ ☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

### چوتھا پرچہ: صرف

نوٹ: صرف تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر 1: (الف) لفظ کا لغوی اور اصطلاحی معنی اور اس کی اقسام کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ب) مثبت اور منفی کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) باب نَصَرَ سے فعل ماضی معروف کی گردان تحریر کریں؟

جوابات: (الف) لفظ کا لغوی واصطلاحی معنی:

لفظ کو لغوی معنی ہے "پھینکنا" اور اصطلاح میں لفظ وہ ہے کہ جس کا زبان تلفظ کرے۔

اقسام: لفظ کی دو اقسام ہیں: (i) موضوع، (ii) مہمل

(i) موضوع: وہ لفظ ہے جس کا کوئی معنی ہو جیسے زَيْدٌ

(ii) مہمل: وہ لفظ ہے جس کا کوئی معنی نہ ہو جیسے دَيْزٌ

(ب) مثبت کی تعریف:

فعل کے ہونے کو مثبت کہتے ہیں جیسے ضَرَبَ

منفی کی تعریف: فعل کے نہ ہونے کو منفی کہتے ہیں جیسے مَا ضَرَبَ

(ج) نَصَرَ سے ماضی معروف کی گردان:

نَصَرَ نَصَرَا نَصَرُوْا نَصَرَتْ نَصَرَتَا نَصَرْنَ نَصَرْتَ نَصَرْتُمَا
نَصَرْتُمْ نَصَرْتِ نَصَرْتُمَا نَصَرْتُنَّ نَصَرْتُ نَصَرْنَا

سوال نمبر 2: (الف) مصدر، مشتق اور جامد کی تعریفات تحریر کریں؟

(ب) لفیف کی اقسام تعریفات سمیت لکھیں؟

(ج) حروف اصلیہ وزائدہ کی تعریفات لکھیں؟

جوابات: (الف) اصطلاحات کی تعریفات بمع امثلہ درج ذیل ہیں:

(۱) مصدر: وہ اسم ہے جو خود تو کسی سے نہ بنا ہو مگر اس سے دوسرے کلمات بنیں مثلاً ضَرْبٌ.

(۲) اسم مشتق: وہ اسم ہے جو دوسرے کلمہ سے بنایا گیا ہو مثلاً ضَارِبٌ، جو ضَرْبٌ سے بنا ہے۔

(۳) اسم جامد: وہ اسم ہے جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ دوسرے کلمہ اس سے بنے مثلاً رَجُلٌ.

(ب) لفیف کی اقسام:

(۱) لفیف مفروق: جس کے فا اور لام کے مقابلے میں حرف علت ہو جیسے وَقَی

(۲) لفیف مقرون: جس کے عین اور لام کے مقابلہ میں حرف علت ہو جیسے طَوٰی

(ج) حروف اصلیہ کی تعریف:

وہ حروف جو فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں ہوں جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ

حروف زائدہ کی تعریف: وہ حروف جو فاء، عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہوں جیسے نَاصِرٌ بروزن فَاعِلٌ. اس میں الف زائد ہے۔

سوال نمبر 3: (الف) ماضی مطلق کی تعریف نیز ماضی مجہول بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟

(ب) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی اقسام ہیں؟ نام لکھیں۔

(ج) لَمْ کا لفظی عمل تحریر کریں؟

**جوابات: (الف) ماضی مطلق کی تعریف:**

وہ فعل ہے جو گزرے ہوئے زمانہ پر دلالت کرے جیسے ضَرَبَ ۔

ماضی مجہول بنانے کا طریقہ: ماضی مطلق معروف کے صیغہ کے فاء کلمے کو ضمہ دے کر عین کلمہ کو کسرہ دے دو اور لام کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑ دو جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ۔

**(ب) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی اقسام کے نام:**

زمانے کے اعتبار سے فعل کی تین اقسام ہیں:

۱۔ ماضی، ۲۔ مضارع، ۳۔ امر

**(ج) لَمْ کا لفظی عمل:**

حرف لَمْ پانچ صیغوں کے آخر کو جزم دیتا ہے اور سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرا دیتا ہے اور دو صیغوں میں کوئی عمل نہیں کرتا اور آخر سے حرف علت کو گرا دیتا ہے اگر ہو تو۔

سوال نمبر 4: (الف) نون تاکید کی اقسام لکھیں نیز نون خفیفہ کتنے صیغوں کے ساتھ آتا ہے؟

(ب) باب ضَرَبَ سے مضارع معروف کی گردان معنی کے ساتھ تحریر کریں؟

(ج) درج ذیل میں سے دو کے بارے میں بتائیں کہ کیا صیغے ہیں؟

(۱) ضَرَبْنَ (۲) يَنْصُرُوْنَ (۳) سَامِعٌ

(۴) لَنْ يَّفْتَحَ (۵) مَنْصُوْرٌ

**جوابات: (الف) نون تاکید کی اقسام:**

نون تاکید کی دو اقسام ہیں: ۱۔ ثقیلہ ۲۔ خفیفہ

نون خفیفہ: نون خفیفہ آٹھ صیغوں میں آتا ہے۔

**(ب) ضَرَبَ سے مضارع کی گردان اور معنی:**

| | |
|---|---|
| يَضْرِبُ | مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد |
| يَضْرِبَانِ | مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد |
| يَضْرِبُوْنَ | مرتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد |
| تَضْرِبُ | مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت |

| | |
|---|---|
| تَضْرِبَانِ | مارتی ہیں یا ماریں گی وہ دو عورتیں |
| يَضْرِبْنَ | مارتی ہیں یا ماریں گی وہ سب عورتیں |
| تَضْرِبُ | مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد |
| تَضْرِبَانِ | مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد |
| تَضْرِبُوْنَ | مارتے ہو یا مارو گے تم سب مرد |
| تَضْرِبِيْنَ | مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت |
| تَضْرِبَانِ | مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں |
| تَضْرِبْنَ | مارتی ہو یا مارو گی تم سب عورتیں |
| اَضْرِبُ | مارتا ہوں یا ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت |
| نَضْرِبُ | مارتے ہیں یا ماریں گے ہم سب مرد یا سب عورتیں |

(ج) صیغے:

| | |
|---|---|
| ضَرَبْنَ | جمع مؤنث غائب فعل ماضی معروف باب ضَرَبَ يَضْرِبُ. |
| يَنْصُرُوْنَ | جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم باب نَصَرَ يَنْصُرُ. |
| سَامِعٌ | واحد مذکر اسم فاعل باب سَمِعَ يَسْمَعُ. |
| لَنْ يَفْتَحَ | واحد مذکر غائب بحث نفی تاکید بلن ناصبہ معروف۔ |
| مَنْصُوْرٌ | واحد مذکر اسم مفعول باب نَصَرَ يَنْصُرُ. |

☆ ☆ ☆

## تنظیم المدارس (اهلِ سنّت) پاکستان

الشهادة الثانوية العامة میٹرک (سال اوّل) طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

وقت: تین گھنٹے — پانچواں پرچہ: نحو — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر 1:۔ (الف) لفظ کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کریں؟

(ب) فعل کی علامات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) جملہ شرطیہ اور جملہ معطوفہ کی تعریفات بیان کریں؟

سوال نمبر 2: (الف) معرب اور مبنی کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ب) لفظی و تقدیری اعراب کی وضاحت کریں؟

(ج) منصرف وغیر منصرف کی تعریفات بیان کریں؟

سوال نمبر 3: (الف) مرفوعات کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

(ب) مفعول بہ، مفعول مطلق اور مفعول لہ کی تعریفات لکھیں؟

(ج) مستثنیٰ کی تعریف کریں؟

سوال نمبر 4: (الف) اسم مجرور کی تعریف لکھیں؟

(ب) صفت کی تعریف اور اس کی اقسام مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) اسم منسوب کی تعریف و مثال لکھیں؟

☆ ☆ ☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

### پانچواں پرچہ: نحو

نوٹ: کوئی تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر 1:۔ (الف) لفظ کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کریں؟

(ب) فعل کی علامات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) جملہ شرطیہ اور جملہ معطوفہ کی تعریفات بیان کریں؟

جوابات: (الف) لفظ کی تعریف اور اقسام:

لفظ: جو بات آدمی کے منہ سے نکلتی ہے، لفظ کہلاتی ہے۔

اقسام: لفظ کی دو قسمیں ہیں، جو درج ذیل ہیں:

i- لفظ موضوع ii- لفظ مہمل

(ب) فعل کی علامات:

i- شروع میں لفظ قد ہو جیسے قَدْسَمِعَ، ii- شروع میں حرف سین ہو جیسے سَیَقُوْلُ، iii- شروع میں لفظ سوف ہو جیسے سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ، iv- شروع میں حرف جازم داخل ہو جیسے لَمْ یَسْمَعْ، v- اس سے ضمیر ملی ہوئی ہو جیسے فَعَلْتُ، vi- اس کے آخر میں تائے ساکنہ ہو جیسے ضَرَبَتْ، vii- صیغہ

امر کا ہو جیسے اُنْصُرْ، viii- کلمہ نہی کا صیغہ ہو جیسے لَا تَضْرِبْ ۔

(ج) اصطلاحات نحویہ کی تعریفات:

جملہ شرطیہ: وہ جملہ ہے جس میں شرط اور جزاء پائی جائے مثلاً اِنْ تُكْرِمْنِیْ اُكْرِمْكَ ۔

جملہ معطوفہ: وہ ہوتا ہے جس کا پہلے جملے پر عطف ہو مثلاً قَرَءَ زَیْدٌ وَ كَتَبَ عَمْرٌو

سوال نمبر 2: (الف) معرب اور مبنی کی تعریفات مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ب) لفظی و تقدیری اعراب کی وضاحت کریں؟

(ج) منصرف و غیر منصرف کی تعریفات بیان کریں؟

جوابات: (الف) اصطلاحات نحویہ کی تعریفات:

معرب: وہ اسم ہے جس کا آخر عامل کے بدل جانے سے بدل جاتا ہے مثلاً جَاءَ زَیْدٌ، رَاَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ ۔ ان مثالوں میں "زَیْدٌ" معرب ہے۔

مبنی: وہ اسم ہوتا ہے جس کا آخر عامل کے بدل جانے سے نہیں بدلتا جیسے جَاءَ هٰؤُلَاءِ، رَاَیْتُ هٰؤُلَاءِ، مَرَرْتُ بِهٰؤُلَاءِ ۔

(ب) لفظی و تقدیری اعراب کی وضاحت:

لفظی اعراب: اگر عامل کے بدلنے سے معرب میں ظاہری اور لفظی تبدیلی واقع ہو، تو اسے لفظی اعراب کہتے ہیں مثلاً جَاءَ زَیْدٌ سے رَاَیْتُ زَیْدًا اور مَرَرْتُ بِزَیْدٍ ہوا، تو لفظ زید پر ضمہ کی بجائے فتحہ اور کسرہ آ گیا۔

تقدیری اعراب: اگر عامل کے بدلنے سے ظاہر میں تبدیلی نہ ہو بلکہ محض حالت میں تبدیلی ہو، تو اسے تقدیری اعراب کہتے ہیں مثلاً جَاءَ مُوْسٰی، مَرَرْتُ بِمُوْسٰی ۔ یہاں عامل کے بدلنے سے معرب کی حالت تو بدل گئی لیکن ظاہر میں تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔

(ج) اصطلاحات نحویہ کی تعریفات:

منصرف: وہ اسم معرب ہوتا ہے جس میں اسباب منع صرف میں سے کوئی سبب نہ پایا جاتا ہو جیسے زَیْدٌ۔

غیر منصرف: وہ اسم معرب ہوتا ہے جس میں اسباب منع صرف کے دو سبب یا ایک سبب جو دو کے

قائم مقام ہو پایا جاتا ہو جیسے حَمْزٌ آفٌ۔

سوال نمبر 3:۔ (الف) مرفوعات کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

(ب) مفعول بہ، مفعول مطلق اور مفعول لہ کی تعریفات لکھیں؟

(ج) مستثنیٰ کی تعریف کریں؟

جوابات: (الف) مرفوعات کی اقسام:

مرفوعات آٹھ اقسام پر مشتمل ہیں، جو درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ فاعل | ۲۔ مفعول مالم یسم فاعلہ |
| ۳۔ مبتداء | ۴۔ خبر |
| ۵۔ کان وغیرہ کا اسم | ۶۔ اِنَّ وغیرہ کی خبر |
| ۷۔ مَا وَلَا مُشَبَّهَتَيْنِ بِلَيْسَ کا اسم | ۸۔ لائے نفی جنس کی خبر۔ |

(ب) اصطلاحات نحویہ کی تعریفات:

مفعول بہ: اس شئی کا اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہوتا ہے جیسے ضَرَبْتُ زَيْدًا۔

مفعول مطلق: مفعول مطلق اپنے فعل کا ہم معنی ہوتا ہے جیسے جَلَسْتُ جَلْسَةً۔

مفعول لہ: وہ مفعول ہوتا ہے جس کے سبب فعل مذکور واقع ہوا ہو اور اس میں لام مقدر ہو جیسے قَعَدْتُ عَنِ الْحَرْبِ جُبْنًا ای لِلْجُبْنِ۔

(ج) مستثنیٰ کی تعریف:

وہ لفظ جو حرف استثناء (اِلَّا) کے بعد ذکر کیا جاتا ہو تاکہ معلوم ہو جائے کہ اس لفظ کی طرف وہ بات منسوب نہیں جو اِلَّا وغیرہ کے ماقبل کی طرف منسوب ہے۔

سوال نمبر 4: (الف) اسم مجرور کی تعریف لکھیں؟

(ب) صفت کی تعریف اور اس کی اقسام مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) اسم منسوب کی تعریف و مثال لکھیں؟

جوابات: (الف) اسم مجرور کی تعریف:

وہ اسم جس میں مضاف الیہ کی علامت پائی جائے جیسے غُلَامُ زَيْدٍ میں زید

(ب) صفت کی تعریف اور اقسام مع امثلہ:

صفت: وہ تابع ہوتا ہے جو اپنے متبوع یا متبوع کے بارے میں پائے جانے والے معنی پر دلالت کرتا ہو جیسے جَاءَنِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ میں عَالِمٌ۔

اقسام: صفت کی پہلی قسم میں تابع دس باتوں میں سے چار باتوں میں بیک وقت اپنے متبوع کی اتباع کرتا ہے:

i- اعراب (رفع، نصب، جر) ii- تذکیر وتانیث

iii- واحد، تثنیہ، جمع iv- تعریف وتنکیر (معرفہ ونکرہ ہونا)

امثلہ: جَاءَنِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ ۔ اِمْرَأَةٌ عَالِمَةٌ ۔ رَجُلَانِ عَالِمَانِ ۔ اِمْرَأَتَانِ عَالِمَتَانِ ۔ رِجَالٌ عُلَمَاءُ ۔ نِسَاءٌ عَالِمَاتٌ ۔ زَیْدٌ الْعَالِمُ، زَیْدَانِ الْعَالِمَانِ، زَیْدُوْنَ الْعَالِمُوْنَ، رَأَیْتُ رَجُلًا عَالِمًا اور مَرَرْتُ بِرَجُلٍ عَالِمٍ وغیرہ۔

صفت کی دوسری قسم میں تابع پانچ چیزیں میں سے دو باتوں میں بیک وقت اپنے متبوع کی اتباع کرتا ہے۔

i- اعراب (رفع، نصب، جر)، ii- تعریف وتنکیر

مثال: مِنْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۔ یہاں "اَلْقَرْیَةِ" متبوع اور "اَلظَّالِمُ" تابع ہے دونوں مجرور اور معرفہ ہیں۔

(ج) اسم منسوب کی تعریف:

وہ اسم جس کے آخر میں نسبت کے لیے یاء مشدد اور اس سے پہلے کسرہ زیادہ کرنے کی صورت میں بننے والے اسم کو اسم منسوب کہتے ہیں جیسے مَكَّةٌ سے مَكِّیٌّ۔

☆ ☆ ☆

## تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان

الشہادۃ الثانویۃ العامۃ میٹرک (سال اول) طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

وقت: تین گھنٹے　　چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی سے دو دو سوالات حل کریں؟

### حصہ اول...... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) بی۔سی۔جی............ کا حفاظتی ٹیکہ ہے۔

(۲) کتاب المناظر............ پر پہلی جامع کتاب ہے۔

(۳) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے............ استعمال ہوتی ہے۔

(۴) پروگرام............ کی ایک لسٹ ہے۔

(۵) جانوروں کے متعلق علم کو............ کہتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

(۱) زمین کے مختلف حصوں کی گراف بندی کو جیوگرافی کہتے ہیں۔

(۲) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۳) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

(۴) دماغی بیماریوں کا علاج ضروری نہیں ہے۔

(۵) اینٹی بائیوٹک ادویات وائرس کے خلاف مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ سائنسی ترقی کے لیے کام کرنے والے مسلمان سائنس دانوں میں سے دو کے نام اور اہم کارنامے لکھیں؟

سوال نمبر 3:۔ خسرہ کی علامات، وجوہات اور اثرات کے ساتھ ساتھ احتیاطی تدابیر تحریر کریں؟

سوال نمبر 4:۔ انٹرنیٹ پر نوٹ لکھیں؟

### حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) اللہ تعالیٰ کو ایک جاننا اسے............ کہتے ہیں۔

(۲) قرارداد لاہور کو .......... بھی کہتے ہیں۔

(۳) شہاب الدین غوری کے آزاد کردہ غلام کا نام .......... تھا۔

(۴) قرآن مجید آخری .......... کتاب ہے۔

(۵) حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا وصال .......... میں ہوا۔

(ب) مختصر جواب لکھیں؟

(۱) مسلمانوں کے زوال کے تین اسباب تحریر کریں؟

(۲) عقیدہ ختم نبوت لکھیں؟ (۳) دو قومی نظریہ لکھیں؟

(۴) پاکستان کا نام کس نے تجویز کیا؟

(۵) پاکستان میں فصلوں کے نام تحریر کریں؟

سوال نمبر 6:۔ تحریک پاکستان کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟

سوال نمبر 7:۔ اسلامی نظریاتی کونسل کے مقاصد پر نوٹ لکھیں؟

سوال نمبر 8:۔ قائداعظم کے چودہ نکات تحریر کریں نیز ان نکات کا مقصد کیا تھا؟

☆ ☆ ☆

## درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات ۱۴۴۶ھ/2025ء

### چھٹا پرچہ: جنرل سائنس و مطالعہ پاکستان

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی سے دو دو سوالات حل کریں؟

### حصہ اوّل..... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) بی۔سی۔جی .......... کا حفاظتی ٹیکہ ہے۔

(۲) کتاب المناظر .......... پر پہلی جامع کتاب ہے۔

(۳) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے .......... استعمال ہوتی ہے۔

(۴) پروگرام .......... کی ایک لسٹ ہے۔

(۵) جانوروں کے متعلق علم کو .......... کہتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

(۱) زمین کے مختلف حصوں کی گراف بندی کو جیوگرافی کہتے ہیں۔

(۲) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۳) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

(۴) دماغی بیماریوں کا علاج ضروری نہیں ہے۔

(۵) اینٹی بائیوٹک ادویات وائرس کے خلاف مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

جوابات:(الف) خالی جگہ پُر:

۱۔ٹی۔بی ۲۔روشنی کی خصوصیات ۳۔مائیکروسکوپ

۴۔ہدایات ۵۔زوالوجی

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی:

۱۔ص ۲۔غ ۳۔غ ۴۔غ ۵۔غ

سوال نمبر 2:۔ سائنسی ترقی کے لیے کام کرنے والے مسلمان سائنس دانوں میں سے دو کے نام اور اہم کارنامے لکھیں؟

جواب: سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور اہم کارنامے درج ذیل ہیں:

۱۔ جابر بن حیان: جابر بن حیان علم کیمیا کے بانی کہلاتے ہیں۔ آپ کی باقاعدہ ایک کیمیائی تجربہ گاہ تھی، آپ کے کارناموں میں درج ذیل اہم ہیں:

(۱) جابر بن حیان نے کچ دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنا سکھایا۔

(۲) آپ نے فولاد تیار کرنے کا طریقہ وضع کیا۔

(۳) آپ نے چمڑا رنگنے، لوہے کو زنگ سے بچانے اور کپڑا رنگنے کے طریقے معلوم کیے۔

(۴) جابر بن حیان نے سلفیورک ایسڈ، ہائیڈروکلورک اور نائٹرک ایسڈ پہلی مرتبہ تیار کیا۔

(۵) آپ کو وارنش بنانے کے طریقے سے آگاہی تھی۔

(۶) آپ کو کشید کے عمل کے بارے میں علم تھا۔

(۷) آپ نے کیمیا گری اور اس سے متعلقہ علوم پر عربی زبان میں کتابیں لکھیں۔

(۸) آپ کی کتاب ''الکیمیا'' کا لاطینی ترجمہ ایک انگریز رابرٹ آف چیسٹر نے 1144ء میں کیا۔

2۔ محمد بن زکریا الرازی: ابو بکر بن زکریا الرازی سن 865ء میں ایران کے شہر رے سے باہر تہران میں پیدا ہوئے۔

(i)۔ آپ عملی کیمیادان تھے اور طب کے میدان میں اپنے زمانے کے طریقہ علاج کے اصول سے آگاہ تھے۔

(ii) الرازی بغداد کے ہسپتال کے سربراہ اور سرجن ماہر تھے۔

(iii) آپ نے پہلی مرتبہ بے ہوش کرنے کے لیے افیون استعمال کی۔

(iv) آپ نے پہلی دفعہ عمل تخمیر سے الکوحل تیار کی۔

(v) آپ نے پہلی مرتبہ مختلف کیمیائی مرکبات کو چار گروپس، معدنیاتی، نباتاتی، حیواناتی اور ماخوذ میں تقسیم کیا۔

(vi) آپ نے سب سے پہلے خسرہ و چیچک کے اسباب، علامات اور علاج کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔

سوال نمبر 3: خسرہ کی علامات، وجوہات اور اثرات کے ساتھ ساتھ احتیاطی تدابیر تحریر کریں؟

جواب: علامات خسرہ: بخار، ٹھنڈ، ناک کا بہنا، آنکھوں کا سرخ ہو کر دکھنا اور کھانسی اس کی علامات ہیں۔

وجوہات: یہ وائرس سے پھیلنے والی بیماری ہے اور اس کا وائرس بہت چھوٹے چھوٹے نظر نہ آنے والے جلدی دانوں سے پھیلتا ہے۔

اثرات: دو تین دن کے اندر اندر مریض کے منہ میں کوپلکس سپاٹ منہ کے اندر نمک کے ذروں جتنے چھوٹے چھوٹے دھبے ظاہر ہوتے ہیں۔ پھر ایک یا دو دن بعد جلد پر سرخ دھبے ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ یہ دھبے پہلے کان کے پیچھے، گردن پر اور پھر چہرے اور تمام بدن پر ظاہر ہوتے ہیں اور سب سے آخر میں بازوؤں اور ٹانگوں پر سرخ نشانات نمودار ہوتے ہیں۔ یہ دھبے تقریباً پانچ دن تک رہتے ہیں۔

احتیاطی تدابیر: خسرہ سے متاثرہ بچوں کو دوسرے بچوں سے دور رکھیں، زیادہ سے زیادہ پینے والی چیزیں استعمال کریں اور غذائیت سے بھرپور غذا دیں۔ گر شیر خوار بچہ ماں کا دودھ نہ پی سکتا ہو، تو اسے ماں کا دودھ نکال کر چمچ سے پلائیں۔

سوال نمبر 4:۔ انٹرنیٹ پر نوٹ لکھیں؟

جواب: انٹرنیٹ پر نوٹ: لاکھوں کمپیوٹر کے باہمی رواِبط کو انٹرنیٹ کہتے ہیں، انٹرنیٹ کے ذریعے نہ صرف آپ انفارمیشن کا تبادلہ کر سکتے ہیں بلکہ ہر قسم کی انفارمیشن حاصل بھی کر سکتے ہیں دنیا بھر کے اداروں نے اور لوگوں نے ویب سائٹس کی صورت میں انٹرنیٹ پر انفارمیشن جمع کی ہوئی ہیں

ویب سائٹس: انٹرنیٹ کے ہر انفارمیشن کے وسیع ذخیرے کو ویب سائٹس کہتے ہیں۔ آپ بوقت ضرورت ان سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ بلکہ مختلف کمپنیوں نے اپنی مصنوعات کی تفصیل بھی دی ہوتی ہے اور ان کی تشہیر بھی کر سکتی ہے۔

آئی ایس پی: آپ اپنے کمپیوٹر کے ذریعے انٹرنیٹ سروس پرووائیڈر سروس اور ISP سے رابطہ کر کے انٹرنیشنل سطح پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

پروٹوکول: انٹرنیٹ سے جڑے ہوئے کمپیوٹرز ایک دوسرے سے رابطہ کے لیے ایک جیسا کمیونیکیشن کا طریقہ استعمال کرتے ہیں جسے پروٹوکول کہا جاتا ہے۔

ٹی سی پی / آئی پی: پاکستان میں استعمال ہونے والے پروٹوکول ٹرانسمیشن کنٹرول پروٹوکول (TCP) اور انٹرنیٹ پروٹوکول (IP) ہیں۔

## حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) اللہ تعالیٰ کو ایک جاننا اسے............ کہتے ہیں۔

(۲) قرارداد لاہور کو ............ بھی کہتے ہیں۔

(۳) شہاب الدین غوری کے آزاد کردہ غلام کا نام............ تھا۔

(۴) قرآن مجید آخری ............ کتاب ہے۔

(۵) حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا وصال............ میں ہوا۔

(ب) مختصر جواب لکھیں؟

(۱) مسلمانوں کے زوال کے تین اسباب تحریر کریں؟

(۲) عقیدہ ختم نبوت لکھیں؟ (۳) دو قومی نظریہ لکھیں؟

(۴) پاکستان کا نام کس نے تجویز کیا؟

(۵) پاکستان میں فصلوں کے نام تحریر کریں؟

جوابات:(الف) خالی جگہ پُر:

۱۔توحید ۲۔قراردادِاقبال ۳۔قطب الدین ایبک

۴۔آسمانی ۵۔1762ء

(ب) اجزاء کے مختصر جوابات:

۱۔مسلمانوں کے زوال کے اسباب: مسلمانوں کے زوال کے اسباب درج ذیل ہیں:

☆ مسلمان حکمرانوں کی نااہلی

☆ مذہب سے روگردانی

☆ جذبہ جہاد کی کمی

۲۔عقیدہ ختم نبوت: مسلمانوں کے عقائد میں یہ بات بھی شامل اور لازمی ہے کہ ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے ہر عیب سے پاک پیدا فرمایا اور آپ ظاہری اور باطنی حسن و جمال کے پیکر تھے۔ نیز آپ آخری نبی ہیں، آپ کے بعد نبوت کا دروازہ بند ہو گیا اور اس کو عقیدہ ختم نبوت کہتے ہیں۔ نیز عقیدہ ختم نبوت کا منکر کافر ہے۔

۳۔دوقومی نظریہ: دوقومی نظریہ کا مطلب یہ ہے کہ برصغیر میں دوقومیں آباد ہیں ہندو اور مسلم، جو اپنے مذہب، زبان، ثقافت اور رہن سہن کے لحاظ سے مختلف ہیں لہٰذا ان کے لیے الگ الگ ملک کا ہونا ضروری ہے۔

۴۔پاکستان کا نام تجویز کرنے والی شخصیت کا نام: پاکستان کا نام 1933ء میں چوہدری رحمت علی نے تجویز کیا۔

۵۔پاکستان میں فصلوں کے نام: پاکستان میں جو فصلیں پیدا ہوتی ہیں ان کے نام درج ذیل ہیں:

i- چاول، ii- مکئی، iii- گندم، iv- کپاس،

v- تمباکو، vi- گنا وغیرہ

سوال نمبر 6:۔تحریک پاکستان کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟

جواب: تحریک پاکستان کے محرکات:

برصغیر کے مسلمان جس طرح سیاسی، معاشرتی اور مذہبی حوالے سے انگریز کی سازش کا شکار تھے۔ اس طرح مکار ہندو بھی مسلمانوں کے لیے وبال جان بن چکے تھے اور مسلمانوں کے اقتدار کا سورج ڈوبا، تو ہندوؤں نے بھی مسلمانوں کے خلاف سازشوں کا جال بچھادیا۔ اس لیے اب ضروری ہو گیا تھا کہ مسلمان ایک علیحدہ مملکت کے قیام کا مطالبہ کریں جس کی بنیاد دو قومی نظریہ کو قرار دیا گیا۔

فرقہ ورانہ فسادات: برصغیر میں ہندوؤں کی تعداد مسلمانوں سے زیادہ تھی، اس لیے ہندو مسلم فسادات میں مسلمانوں کا قتل عام کیا جاتا تھا لہٰذا یہ خدشہ موجود تھا کہ انگریز کے جانے کے بعد ہندو ''رام راج'' کریں گے اور مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلیں گے۔

معاشرتی حالات: ہندو ذات پات اور رنگ و نسل کے امتیاز کے نہ صرف قائل تھے بلکہ اس پر عمل کرتے تھے، تو اس وجہ سے یہ خوف موجود تھا کہ مسلمانوں کو دوسرے درجہ کا شہری بنا کر سیاسی آزادی سے بھی محروم کر دیا جائے گا۔

مسلم زبان و ثقافت کی مخالفت: انگریز حکومت کی موجودگی میں ہندو ایڑی چوٹی کا زور لگاتے رہے کہ ہندی زبان کو ملک بھر کی زبان کا درجہ مل جائے اور وہ اُردو زبان اور مسلم ثقافت کو مٹانے کے در پے تھے۔

کانگریسی وزارتیں: 1937ء سے 1939ء تک برصغیر میں کانگریسی وزارتیں قائم رہیں۔ اس دوران ہندوؤں نے اپنے اقتدار سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، مسلمان قوم کو دبانے اور ان کو ان کے حقوق سے محروم کرنے کا طریقہ اپنائے رکھا، یہ تعصب بھی مسلمانوں کے لیے الگ وطن کے حصول کا سبب بنا۔

سوال نمبر 7:۔ اسلامی نظریاتی کونسل کے مقاصد پر نوٹ لکھیں؟

جواب: اسلامی نظریاتی کونسل کے مقاصد:

اسلامی نظریاتی کونسل کے مقاصد درج ذیل ہیں:

۱۔ کسی ایوان یا صوبائی اسمبلی یا صدر یا گورنر کو ایسے سوال کی بابت مشورہ دینا جس میں کونسل سے اس بابت رجوع کر لیا گیا ہو کہ آیا یہ مجوزہ قانون اسمبلی میں اسلامی احکام کے منافی ہے یا نہیں۔

۲۔ ایسی تدابیر کی سفارش کرنا جن سے نافذ العمل قوانین کو اسلامی احکام کے مطابق بنایا جائے گا۔

نیز ان مراحل کی جن سے گزر کر محولہ تدابیر کا نفاذ عمل میں لانا چاہیے۔

۳۔ پاکستان کے مسلمانوں کو اپنی زندگیاں انفرادی و اجتماعی طور پر اسلام کے مطابق ڈھالنے کی ترغیب اور امداد دینا جن کا تعین قرآن و سنت میں کیا گیا ہے۔اس کے حوالے سے پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں ایسے ذرائع اور وسائل کی سفارش کرتا ہے۔

۴۔ پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کی رہنمائی کے لیے اسلامی احکام کی موزوں شکل میں تدوین کرنا جنہیں قانونی طور پر نافذ کیا جا سکے۔

سوال نمبر 8:۔ قائداعظم کے چودہ نکات تحریر کریں نیز ان نکات کا مقصد کیا تھا؟

جواب: **قائداعظم کے چودہ نکات:**

1929ء میں قائداعظم رحمہ اللہ تعالیٰ نے چودہ نکات پر مشتمل اصولوں کا ایک خاکہ تیار کیا، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔ آئندہ آئین وفاقی طرز کا ہو جس میں صوبوں کو زیادہ خودمختاری دی جائے۔

۲۔ تمام صوبائی حکومتوں کو ایک ہی اصول پر داخلی خودمختاری دی جائے۔

۳۔ صوبوں میں اقلیتوں کو مؤثر نمائندگی دی جائے۔

۴۔ مرکزی مجلس قانون ساز میں مسلمانوں کی نمائندگی ایک تہائی سے کم نہیں ہونے چاہیے۔

۵۔ جداگانہ انتخابات کا اصول ہر فرقہ پر لاگو ہونا چاہیے۔البتہ اگر کوئی فرقہ چاہے تو اپنی مرضی سے مخلوط انتخاب قبول کر سکتا ہے۔

۶۔ اگر صوبوں کی حدود میں تبدیلی کرنا مقصود ہو، تو اس بات کا خیال رکھا جائے کہ مسلم اکثریت والے صوبوں میں مسلمان بدستور اکثریت میں رہیں۔

۷۔ تمام لوگوں کو یکساں اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہو۔

۸۔ اگر کوئی مسودہ قانون کسی خاص فرقے سے متعلق ہو اور اس فرقے کے تین چوتھائی اراکین مسودہ قانون کے خلاف رائے دیں، تو اسے نامنظور سمجھا جائے۔

۹۔ سندھ کو بمبئی سے الگ کر کے ایک صوبہ بنا دیا جائے۔

۱۰۔ صوبہ بلوچستان اور شمال مغربی سرحدی صوبہ میں دیگر صوبوں کی مانند اصلاحات نافذ کی جائیں۔

۱۱۔ مسلمانوں کو تمام ملازمتوں میں ان کی اہلیت کے مطابق حصہ دیا جائے۔

۱۲۔ مسلمانوں کو مذہبی اور ثقافتی تحفظ دیا جائے۔

۱۳۔ صوبائی اور مرکزی وزارتوں میں مسلمانوں کو کم از کم ایک تہائی نمائندگی دی جائے۔

۱۴۔ صوبوں کی منظوری کے بغیر مرکزی آئین میں کوئی ردوبدل نہ کیا جائے۔

<u>ان نکات کا مقصد:</u> نہرو رپورٹ سے ہندوؤں کا متعصبانہ رویہ سامنے آ گیا تھا، جس کے جواب میں قائداعظم نے چودہ نکات پیش کیے تاکہ انگریز اور ہندو یہ جان لیں کہ مسلمان کا اپنا الگ قومی تشخص ہے، جس پر سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔

☆ ☆ ☆

تنظیم المدارس، کنزالمدارس، نظام المدارس، وفاق المدارس العربیہ اور دیگر بورڈز
کی کتابیں، داخلہ جات، امتحانی مسائل کے حل، گزشتہ پیپرز، اور دیگر اپڈیٹس حاصل
کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔

www.ahlesunnatboardspak.com

## Follow Our Social Media Account:

1. **Whatsapp Channel (https://whatsapp.com/channel/0029VaFmkdD0VycHbvDRY70I)**
2. **Youtube (https://youtube.com/@ahlesunnatboards)**
3. **Tiktok (https://www.tiktok.com/@ahlesunnatboardspak)**
4. **Facebook Page (https://www.facebook.com/ahlesunnatboardspak)**